شاه جهان بادشاه کے شہزادہ دارا شکوہ کو چڑیاؤں سے بہت شوق تھا - ایک روز فرمایا .شہر میں منادي پھیر دو که جس کے یہاں جو جانور شکاري اڑنے لڑنے بولنے والا ہی لیکر کل فجر حضور میں حاضر ہوں - اس خوش خبري کے سنتے ہي جتنے شہر میں شوقین تھے اپنے اپنے پرندوں کو اڑا لڑا بلا دوڑا تیار کر بڑے تکلف سے لے گئے اور کوئي تماش بین تماشا دیکھنے کے لالچ سے ایک کوے کو پنجرے میں بند کر کئي ایک عمدہ غلاف اسپر ڈال انکے پیچھے لئے چلاگیا - وہاں سب کے جانور کھلے اور دکھلاۓ گئے - ہرکسي نے اپنے جانور کي تعریف کي اور انعام پایا - جب اسکي نوبت آئي تو یہہ اپنے دلمیں گھبرایا * غرض لوگوں نے اسکے ہاتھہ سے پنجرا لے غلاف اتار کوا شہزادے کو دکھایا - دیکھتے ہي ہنسکر شہزادے نے اسے پوچھا که میاں ان سب کے جانوروں کا تو وصف دیکھا اور سنا اب تم اپنے جانور کا بیان کرو که یہہ کیا وصف رکھتا ہی * ہاتھہ باندھه کھڑا ہو بولا پیر مرشد کسي کا اڑنا لیا ہی کسیکا لڑنا کسیکا بولنا کسي کا دوڑنا - پر اسکا غرا ہي لیا ہی * اس حاضر جوابي سے خوش ہو دارا شکوہ نے انعام سب کے ساتھہ اسکو بھي دیا

Ch,hubeesween Nuql.

Shah Juhan Badshah ke shuh-zadu Dara Shikoh ko chireea,on se buhoot shuoq t,ha. Ek roz furma,e,a "shuhr men moonadee p,her do ki jis ke yuhan jo janwur shikaree oorne lurne bolne wala hy lekur kul fujur hoozoor men hazir howe. Is khoosh khuburee ke soonte hee jitne shuhr men shuoqeen t,he upne upne purindon ko oora,e lura,e boola,e duora,e ty,yar kur bure tukulloof se le gy,e uor ko,ee tumashbeen tumasha dek,hne ke laluch se ek kuwwe ko pinjre men bund kur ku,ee ek omdu ghilaf oospur dal oonke peech,he lee,e chula gy,a. Wuhan sub ke janwur k,hoole uor dik,hla,e gy,e. Hur kisee ne upne janwur kee tareef kee uor inam pa,e,a. Jub iskee nuobut a,ee to yih upne dil men g,hubra,e,a. Ghuruz logon ne ooske hat,h se pinjra le ghilaf ootar kuwwa Shuhzade ko dik,ha,e,a. Dek,hte kee hunskur Shuhzade ne isse pooch,ha ki "Mee,an! in sub ke janwuron ka to wusf dek,ha uor soona ub toom upne janwur ka by,an kuro ki yih kya wusf ruk,hta hy." Hat,h band,h k,hura ho bola "Peer Moorshid! kisee ka oorna lee,a hy, kisee ka lurna, kisee ka bolna, kisee ka duorna, pur iska ghurra hee lee,a hy." Is hazir juwabee se khoosh ho Dara Shikoh ne inam sub ke sat,h oosko b,hee dee,a.

نقل ۲۷

کوئي مرد آدمي کسي طالب العلم کي زباني ايک عالم کے علم کي تعريف سنکر مشتاق ہو اس کے گھر ملاقات کو گيا وہ اپنے دروازے پر بيٹھا کتاب مطالعہ کرتا تھا - يہہ سلام کر ان کے سونہيں مادب بيٹھہ بولا حضرت سلامت - يہہ کونسي کتاب ہی - جواب ديا - تو کون ہی جو مجھہ سے پوچھتا ہی * کہا آپ کا خادم ہوں - بولا جا تجھے اسکے سمجھنے کي لياقت نہيں - اس نے کہا بس معلوم ہوا کہ آپ علم غيب کي کتاب ديکھتے ہيں کہ جس سے بے ملاقات آپ نے ميري لياقت دريافت کي * اس بات کو سن وہ شرمندہ ہو بولا - اخلاق کي کتاب ہی - تب اس نے ہنسکر يہہ کہا کہ آپ اسي سے ايسے صاحب اخلاق ہيں اور اپني راہ لي

نقل ۲۸

ايک بہرا گدڑيا جنگل ميں اپني بھيڑيں چراتا تھا - قضاکار اسکي ايک بھلي بھيڑ کھوئي گئي - تب اس نے ايک لنگڑي بھيڑ کي طرف ديکھہ کر کہا کہ جو وہ بھيڑ ملے تو اسے ميں کسي کو خدا کي راہ پر دونگا * اتنا کہتے ہي بھيڑ ملي - تد وہ لنگڑي بھيڑ کا کان پکڑ کسي کو دينے لے چلا - اس ميں

Suta,eesween Nuql.

Ko,ee murde admee kisee talib *oo*l *i*lm kee zubanee ek *a*lim ke *i*lm kee t*a*reef s*oo*nkur m*oo*shtaq ho *oo*ske g,hur m*oo*laqat ko gy,a. W*ooh* upne durwaze pur by*t*,ha kitab m*oo*talu,*u* kurta t,ha. Yih sulam kur *oo*nke so*n*hee*n* m*oo*,uddub by*t*,h bola "*H*uzrut sulamut! yih kuon see kitab hy?" Juwab dee,a "Too kuon hy jo m*oo*j,h se pooch,hta hy?" Kuha "Ap ka khadim hoo*n*." Bola "ja, *too*j,he is ke sumuj,hne kee lee,aqut nuhee*n*." Is ne kuha "bus m*a*loom hoo,a ki ap *i*lmi ghyb kee kitab dek,hte hy*n* ki jis se be m*oo*laqat apne meree lee,aqut duryaft kee." Is bat ko s*oo*n w*oo*h shurmindu ho bola "ukhlaq kee kitab hy." Tub is ne hu*n*skur yih kuha ki "ap isee se yse sa*h*ibi ukhlaq hy*n*" uor upnee rah lee.

U*t*,ha,eesween Nuql.

Ek buhra g*oo*du*r*ee,a ju*n*gul me*n* upnee b,here*n* churata t,ha. Quzakar *oo*ske ek b,hulee b,he*r* k,ho,ee gy,ee, tub *oo*sne ek lu*n*g*r*ee b,he*r* kee turuf dek,hkur kuha ki "jo w*oo*h b,he*r* mile to ise my*n* kisee ko Kh*oo*da kee rah pur doo*n*ga." Itna kuhte hee b,he*r* milee. Tud w*oo*h lu*n*gree b,he*r* ka kan pukur kisee ko dene le chula. Is

سونہیں سے ایک اور بہرا آیا - اس نے وس سے کہا کہ یہہ بھیتر تو لے * وہ بولا خدا کي قسم میں نے اسکي تانگ نہیں توڑي - غرض یہي کہتے کہتے دونوں قاضي کے یہاں گئے قاضي بھي بہرا تھا اور اپنے گھر میں کسي سے خفا ہو بیتھا تھا - انھیں دور سے آتے دیکھہ ان نے اپنے جي میں جانا کہ شاید یے اسي کا پیغام لئے آتے ہیں * یہہ سمجھہ اتنا کہہ اپنے گھر بھیتر بھاگ گیا کہ اس بد ذات کي بات میں کبھي نہ سنونگا

نقل ۲۹

کسي امرا کے دو بیتے تھے ایک سخي دوسرا بخیل - سخي تو اچھے اچھے جوانوں کو بڑے بڑے درماہے کرکے نوکر رکھتا اور بخیل چھوتے چھوتے لوگوں کو کم مہینے - پر چاکر رکھتا * ایک روز انکے باپ نے ون دونوں کو کسي غنیم سے لڑنے کو بھیجا - جنگ میں سخي کي جیت ہوئي اور بخیل کي ہار * اس بات کے سنتے ہي انکے باپ نے کسي اپنے مصاحب سے پوچھا کہ اسکا کیا سبب جو ایک ہارا اور ایک جیتا - اسنے جواب دیا کہ پیر مرشد - آپ نے یہہ مثل نہیں سني

جو ما رے تتو سنگرام
تو کیوں خرچیں تازي کو دام

me*n* so*n*heen se ek uor buhra a,e,a. Is ne vis se kuha ki "yih b,her too le." Wooh bola "Khooda kee qusm my*n* ne is kee *t*ang nuhee*n* to*r*ee." Ghuruz yihee kuhte kuhte dono*n* Qazee ke yuha*n* gy,e. Qazee b,hee buhra t,ha uor upne g,hur me*n* kisee se khufa ho by*t*,ha t,ha, in,he*n* door se ate dek,h *oo*nne upne jee me*n* jana ki "shayud ye *oo*see ka pygham lee,e ate hy*n*." Yih sumuj,h itna kuh upne g,hur b,heetur b,hag gy,a ki "*oo*s budzat kee bat my*n* kub,hee nu *s*oo*noo*nga."

*Oo*nteeswee*n* Nuql.

Kisee *Oo*mra ke do be*t*e t,he. Ek sukhee doosra bukheel. Sukhee to uch,he uch,he juwano*n* ko bu*r*e bu*r*e durmahe kurke nuokur ruk,hta uor bukheel ch,ho*t*e ch,ho*t*e logo*n* ko kum muheene pur chakur ruk,hta. Ek roz *oo*nke Bap ne vin dono*n* ko kisee ghuneem se lu*r*ne ko b,heja. Jung me*n* sukhee kee jeet hoo,ee uor bukheel kee har. Is bat ke s*oo*nte hee *oo*nke Bap ne kisee upne m*oo*sa*h*ib se pooch,ha ki "iska kya subub jo ek hara uor ek jeeta." *Oo*sne juwab dee,a ki "Peer M*oo*rshid, ap ne yih musul nuhee*n* s*oo*nee

Jo mare *tutt*oo su*n*gram
To kyoo*n* khurche*n* tazee ko dam?

نقل ۳۰

ایک کچھوے اور کوے سے بڑي دوستي تھي - کام پڑنے سے ایک ایک کي مدد کرتا * ایک روز کسي چڑیمار نے کوے کو پکڑا تب کچھوے نے چڑیمار سے کہا کہ تجھے اسکے لیجانے سے بازار میں کیا ملیگا - بولا دو پیسے - کہا جو تو اسے چھوڑ دے تو میں تجھے ایک موتي دوں - کہا اچھا * اس نے غوطہ مارکے موتي لا دیا پر اسنے کوے کو نہ چھوڑا تد کچھوے نے کہا کہ میں نے موتي تو تجھے لا دیا اب اسے کیوں نہیں چھوڑتا * بولا ایک موتي اور لادے تو چھوڑ دوں نہیں تو نہیں چھوڑونگا - اسنے کہا اچھا تو اسے چھوڑ دے میں لا دیتا ہوں * وہ بولا میں تیري بات کا کیسے اعتبار کروں - کہا اسنے میں جھوٹھ نہیں بولتا - اس بات کے سنتے ہي اسنے کوے کو چھوڑدیا اور اسنے دوسرا موتي لا دیا * پھر چڑیمار دوسرے موتي کو چھوٹا دیکھہ بولا کہ یہہ میں نہ لونگا - اسي کے برابر کا لا دے - اسنے کہا یوں تو نہیں پر جو تو یہہ موتي مجھے دے تو میں اسکے برابر کا وہیں سے دیکھہ لاؤں * مارے لالچ کے اسنے موتي دیا وہ لے غوطہ مار بیٹھہ رہا - ایک پہرکے پیچھے اسنے گھبراکے وسے پکارا تب اسنے آکر خفا ہو کہا کہ تو بڑا بے وقوف ہی جو

Teesween Nuql.

Ek kuchwe uor kuwwe se buree dostee t,hee. Kam purne se ek ek kee mudud kurta. Ek roz kisee chireemar ne kuwwe ko pukra, tub kuchwe ne chireemar se kuha ki "tooj,hc iske lejane se bazar men kya milega?" Bola "do pyse." Kuha "jo too ise ch,hor de to myn tooj,he ek motee doon." Kuha "uch,ha." Oosne ghotu marke motee la dee,a pur is ne kuwwe ko nu ch,hora. Tub kuchwe ne kuha ki "myn ne motee to tooj,he la dee,a ub ise kyoon nuheen ch,horta?" Bola "ek motee uor la de to ch,hor doon, nuheen to nuheen ch,horoonga." Is ne kuha "uch,ha, too ise ch,hor de myn la deta hoon." Wooh bola "myn teree bat ka kyse iutibar kuroon?" Kuha isne "myn j,hoot,h nuheen bolta." Is bat ke soonte hee oosne kuwwe ko ch,hor dee,a uor isne doosra motee la dee,a. P,hir chireemar doosre motee ko ch,hota dek,h bola ki "yih myn nu loonga; isee ke burabur ka la de." Isne kuha "yon to nuheen pur jo too yih motee mooj,he de to myn is ke burabur ka wuheen se dek,h la,oon." Mare laluch ke isne motee dee,a. Wooh le ghotu mar byt,h ruha. Ek puhur ke peech,he isne g,hubrakur vise pookara. Tub oosne akur khufa ho kuha ki "too bura bewuqoof hy jo mooj,he pookarta

مجھے پکارتا ہی - کہا تیں نے یہہ کہاوت نہیں سني * جو کچھہ خدا کرے سو ہو - لینا ایک نہ دینا دو * یہہ سن چتریمار نراس ہو اپنے گھر گیا

نقل ۳۱

کسي دن سوائي جیسنگھہ ایک مکان میں بیتھے براہمن کھلاتے تھے اوردربانوں کو یہہ حکم تھا کہ سواے براہمن کے اندراورکوئي نہ آنے پاوے اسمیں ایک بھات دروازے پر گیا اور اسنے چاہا کہ بھیتر جاؤں پر ڈہوڑھي داروں نے نجانے دیا اسنے سبب پوچھا - انھوں نے جو راجا کا حکم تھا سو کہہ سنایا * تب اسنے اتنا راجا کو لکھہ بھیجا *

دردمند دروازے تہارھے بھیتر ہیں بیدوا
رسکي بتیاں ہم جانت ہیں وے باندھے ہیں ہوا

اس بات کے پڑھتے ہي ہنسکر راجا نے سو روپے دلوا بھیجے وہ لے اسیس دے خوشي سے اپنے گھر گیا

نقل ۳۲

ایک بنیاں ہمیشہ بھندسال بھرا کرتا - کسي دن اسکے بڑے بھائي نے آکے اس سے کہا کہ بھیا تجھے اس میں کیا نفع ہوتا ہوگا - کچھہ اور روزگار کیوں نہیں کرتا جو زیادہ فائدہ

hy. Kya ty*n* ne yih kuhawut nuhee*n* soonee? "Jo k*oo*ch,h Kh*oo*da kurt so ho, lena ek nu dena do." Yih s*oo*n chi*r*ee mar niras ho upne g,hur gy,a.

Ekteesweeu Nuql.

Kisee din Suwa,ee Jysing,h ek mukan me*n* by*t*,he Brahmun k,hilate t,he uor durbano*n* ko yih *hoo*km t,ha ki siwa,e Brahmun ke undur uor ko,ee nu ane pawe. Ismen ek b,ha*t* durwaze pur gy,a uor *oo*sne chaha ki "b,heetur ja,oo*n*" pur *d*ihor,hee-daro*n* ne nujane dee,a. *Oo*sne subub pooch,ha. *Oo*nho*n* ne jo Raja ka *hoo*km t,ha so kuh s*oo*na,e,a. Tub is ne itna Raja ko lik,h b,heja

Durdmund durwaze *t*,har,he b,heetur hy*n* bed*oo*wa
Ruskee butee,a*n* hum janut hy*n* we band,hut hy*n* h*oo*wa.

Is bat ke pur,hte hee hu*n*skur Raja ne suo r*oo*py dilwa b,heje. W*oo*h le usees de kh*oo*shee se upne g,hur gy,a.

Buteesween Nuql.

Ek bunee,a*n* humeshu bu*nd*sal b,hura kurta. Kisee din *oo*ske bu*r*e b,ha,ee ne ake *oo*s se kuha ki "b,hy,ya! t*oo*j,he is me*n* kya nuf*u* hota hoga? k*oo*ch,h uor rozgar ky*oo*n nuhee*n* kurta jo zee,adu fa,edu ho?" Bola "b,ha,ee

ہو * بولا بھائي صاحب - اس میں بھي آم کے آم گٹھلي کے دام ہوتے ہیں اورکتنا نفع ہوگا - اس کے بھائي نے کہا میں کچھہ نہیں سمجھا بجھا کے کہو - جواب دیا مع نفع دام اتھاتا ہوں اور بچتا ہی سو برس بھر اچھي طرح کھاتا ہوں * یہہ سن وہ چپ کا ہي چلا گیا

نقل ۳۳

عید کے دن دو ڈھاڑي بچے ایک ہتھیار بند اور دوسرا نہتھا - ملکر کسي امرا کے یہاں ڈھولک تنبورا ساتھہ لواے مجرے کو گئے اور جب وہاں سے گاے بجاے رجھاے انعام لے پھر آے تب آپس میں بخرا بانتتا کرنے کے وقت جھگڑنے لگے * کئي ایک راہ گیر تماشا دیکھنے کو آن کھڑے ہوئے اور ان میں سے ایک ٹھٹھول نے نہتھے سے کہا کہ میاں تو اس سے ڈرتا نہیں اس کے ہاتھہ میں تلوار ہی * بولا کہ حضرت سلامت یہہ اپنے جي میں کچھہ اور نہ سمجھے میرے گھر بتوے میں دو رپے دھرے ہیں - گھرسے رپے لے چوک میں جا ڈیڑھہ رپے کي تلوار خرید آتھہ آنے بارٹے کودے مسوري بارچروا لا ابھي سر کاٹ ڈالتا ہوں * اس بات کو سن سب تماش بین ہنس پڑے اور ان دونوں کو ملا چلے گئے

sa*h*ib, is me*n* b,hee am ke am g,*hoot*,hlee ke dam hote hy*n* uor kitna nuf*u* hoga." *Oo*ske b,ha,ee ne kuha "my*n* k*oo*ch,h nuhee*n* sumj,ha, b*oo*j,hake kuho." Juwab dee,a "m*y* nuf*u* dam *oot*,hata hoo*n* uor buchta hy so burus b,hur uch,hee turu*h* k,hata hoo*n*." Yih *soon* w*oo*h ch*oo*p ka hee chula gy,a.

Teteesweе*n* Nuql.

*Ee*d ke din do *d*,ha*r*e buchche, ek hut,hee,ar-bund uor doosra nihutt,ha, milkur kisee *oo*mra ke yuha*n* *d*,holuk tumboora sat,h liwa,e m*oo*jre ko gy,e uor jub wuha*n* se ga,e buja,e rij,ha,e in*a*m le p,hir a,e tub apus me*n* bukhra ban*t*a kurne ke wuqt j,hugu*r*ne luge. Ku,ee ek rah-geer tumasha dek,hne ko an k,hu*r*e hoo,e uor *oo*n me*n* se ek *t*,hu*t*,hol ne nihutt,he se kuha ki "mee,*a*n, too is se *d*urta nuhee*n*? *Oo*s ke hat,h me*n* tulwar hy." Bola ki "*H*uzrut sulamut! yih upne jee me*n* k*oo*ch,h uor nu sumj,he mere g,hur bu*too*,e me*n* do r*oo*py d,hure hy*n*; g,hur se r*oo*py le chouk me*n* ja *der*,h r*oo*py kee tulwar khureed a*t*,h ane ba*r*ee,e ko de musooree ba*r* chirwa la ub,hee sir ka*t* *d*alta hoo*n*." Is bat ko *soo*n sub tumash been hu*n*s pu*r*e uor *oo*n dono*n* ko mila chule gy,e.

نقل ۳۴

راجا سوائي جيسنگهه نے متهرا مين عبد النبي خان كي مسجد كے مينار كي بلندي ديكهكر كہا كه اس پر سے كوئي كودے تو ہزار رپيے دوں * يہه سن ايک چوبے نے پوچها كه مہا راج - جو يا پي تيں كودے گو واه ہزار رپيا ديوگے - كہا ہاں * اتني بات كے سنتے ہي وه چوبے اپنے گهر جا ايک برهيا سو برس كي جان بلب ہو رہي تهي اسے لے آيا - اسے ديكهكر راجا نے كہا اسے كہوں لائے ہو - بولا يہي گمتي پر سوں كوديگي ہزار رپيا ديو * راجا نے كہا برهيا كي شرط نہيں - جواب ديا - مہا راج آپ كوں بوڑهي باري تيں كہا كام - تمهيں ايک ہتيا ليني ہي سو ليو اور موكوں ہزار رپيا ديو * اس ظرافت و حاضر جوابي سے خوش ہو راجا نے اسے رپيے دلوا ديئے وه لے اپنے گهر گيا

نقل ۳۵

ايک بنياں اپنے گهر ميں رات كو نيند ميں غافل پڑا سوتا تها كه ايک چوہا اسكے پيٹ پر ہوكر ادهر سے ادهر چلا گيا - وه نيند سے چونک پڑا اور لگا چيخ مار مار رونے اور يہه كہنے كه ہائے ہائے جان گئي ہائے جان گئي اسكے رونے كي آواز سنكے سب گهر كے لوگ گهبرائے اور لگے پوچهنے كہه تجهے

Chuoteesween Nuql.

Raja Suwaee Jy Singh ne Muthoora men *Ubdool* Nubee Khan kee musjid ke meenar kee boolundee dekhkur kuha ki "is pur se koee koode to huzar roopy doon." Yih soon ek chobe ne poochha ki "Muha Raj! jo ya py ten koodego wahi huzar roopyya deoge?" Kuha "han." Itnee bat ke soonte hee wooh chobe upne ghur ja ek boorheea suo burus kee jan bulub ho ruhee thee *oose* le aea. *Oose* dekhkur Raja ne kuha "ise kyoon lae ho?" Bola "yihee goomtee pur son koodegee huzar roopyya deo." Raja ne kuha "boorheea kee shurt nuheen." Juwab deea "Muha Raj! Ap kon boorhee baree ten kuha kam? Toomhen ek hutya lenee hy so leeoo uor mokon huzar roopyya deeoo." Is zurafut uor *hazir* juwabee se khoosh ho Raja ne *oose* roopy dilwa deee. Wooh le upne ghur gya.

Pynteesween Nuql.

Ek buneean upne ghur men rat ko neend men ghafil pura sota tha ki ek chooha ooske pet pur hokur idhur se *oodhur* chula gya. Wooh neend se chounk pura uor luga cheekh mar mar rone uor yih kuhne ki "hae! jan gyee, hae! jan gyee." *Oo*ske rone kee awaz soonke sub ghur ke log ghubrae uor luge poochhne "kuh,

کہا دکھہ ہی - جو اتنا روتا ہی بولا اس گھر میں رہ نہیں سکتا - کہا کہوں - جواب دیا - ایک چوہا میری چھاتي پر ہوکر اسطرف سے اسطرف چلاگیا * لوگوں نے کہا چلاگیا چلا گیا - اسکے واسطے اتنا رونا کہا تھا - بولا کسي نے سچ کہا ہی که جاتن لگے سوئي تن جانے دوجا کہا جانے رے بھائي * میں اسکے جانے پر نہیں روتا - روتا اس واسطے ہوں که یہه راہ بري نکلي - آج چوہا گیا ہی کل‌کو سانپ جائیگا تو میں کاہے کو جیتا رہونگا

نقل ۳٦

ایک کھترانی نو جوان خوبصورت چست و چالاک بسنت رت میں اپني بھنیلي کے یہاں گئي اورکچھہ ادھر ادھر کي من لگن باتیں کر رہي تھي که پیاسي ہوئي اور پاني مانگا - اسکي اس منہه بولي بہن نے کورے کلھڑے میں بھرکر لا دیا - جوں اسنے منہه لگا کر پیا توں کلھڑا ہونٹھوں سے لگ رہا یہه کھل کھلاکر ہنسي اوراس دو ہے کو پڑھنے لگي

رے ماتي کے کولھڑا توہ ڈاروں پٹکاے
ہوٹھہ رکھے ہیں پیئوکوں تو کہوں چوسے جاے

یہه دو ہا سن اس کي بھنیلي نے کلھڑے کي طرف سے جواب دیا

t*oo*j,he kya d*oo*k,h hy jo itna rota hy?" Bola "is g,hur me*n* ruh nuhee*n* sukta." Kuha "kyoo*n*?" Juwab dee,a "ek chooha meree ch,hatee pur hokur is turuf se *oo*s turuf chula gy,a." Logo*n* ne kuha "chula gy,a, chula gy,a, is ke waste itna rona kya t,ha? Bola "kisee ne such kuha hy ki "ja tun luge so,ee tun jane dooja kya jane?" re, b,ha,ee! my*n* *oo*ske jane pur nuhee*n* rota. Rota is waste hoo*n*, ki yih rah b*oo*ree niklee. Aj chooha gy,a hy kul ko samp ja,ega to my*n* kahe ko jeeta ruhoo*n*-ga?"

Ch,huteeswee*n* Nuql.

Ek K,hutranee nuo juwan khoobsoorut ch*oo*st o cha-lak busunt r*oo*t me*n* upnee buhinelee ke yuha*n* gy,ee uor k*oo*ch,h id,hur *oo*d,hur kee mun-lugun bate*n* kur ruhee t,hee ki pee,asee hoo,ee uor panee ma*n*ga. *Oo*ske *oo*s m*oo*nh-bolee buhin ne kore k*oo*l,hu*r*e me*n* b,hurkur la dee,a. Jo*n* *oo*sne m*oo*nh lugakur pee,a to*n* k*oo*l,hu*r*a ho*nt*,ho*n* se lug ruha. Yih k,hil k,hilakur hu*n*see uor is dohe ko pu*r*,hne lugee.

Re ma*t*ee ke kol,hu*r*a tohi *d*aro*n* pu*t*ka,e
Ho*t*,h ruk,he hy*n* pee,ooko*n* too kyoo*n* choose ja,e?

Yih doha s*oo*n *oo*skee buhinelee ne k*oo*l,hu*r*e kee turuf se juwab dee,a.

لات سہي مونگي سہي الٹے سہے کدار
ان ہوٹھن کے کارنے سر پر دھرے انگار

نقل ۳۷

ایک سوداگر کا گماشتہ کہیں سے روکر لواے چلا آتا تھا - راہ میں کسي سراے کے بیچ اترا کہ وہاں ڈاکا آیا - تب اسنے وہاں کے رہنے والوں سے کہا کہ بھائیو جو تم لڑ بھڑکے ان رپیوں کو ڈکیتوں کے ہاتھہ سے بچاؤ تو آدھے پاؤ غرض ان لوگوں نے جوں توں کر رپے بچاے اور آدھے پاے باقي رہے سو لے وہ اپنے خاوند کے پاس پہنچا - اسوقت اسکے منیب نے راہ کا احوال سن خوش ہو اسے ایک دوشالا انعام دے کر کہا کہ شاباش تم نے خوب دانائي کي * اسوقت وہي مناسب تھا یہہ مثل ہم بھي ہمیشہ بزرگوں کي زباني سنتے آئے ہیں کہ جو دھن جاتا جانئے تو آدھا دیجئے بانت

نقل ۳۸

کسي امرا کے یہاں کوئي بھلا آدمي کئي ایک مہینے سے آمد ورفت کرتا تھا - ایک روز اس نے اس کے حال پر مہربان ہوکر پانچ سو رپے اپنے دیوان سے دلواے - اس

Lat suhee moon*kee suhee oolte suhe koodar
In hot,hun ke karne sir pur d,hure ungar.

Synteesween Nuql.

Ek suodagur ka goomashtu kuheen se rokur liwa,e chula ata t,ha. Rah men kisee sura,e ke beech ootra ki wuhan daka a,e,a, tub is ne wuhan ke ruhne walon se kuha ki "b,ha,ee,o! jo toom lur b,hirke in roopee,on ko dukyton ke hat,h se bucha,o to ad,he pa,o." Ghuruz oon logon ne jon ton kur roopy bucha,e uor ad,he pa,e. Baqee ruhe so le wooh upne khawind ke pas puhooncha. Oos wuqt ooske mooneeb ne rah ka uhwal soon khoosh ho oose ek doshala inam dekur kuha ki "shabash! toom ne khoob dana,ee kee, ooswuqt woohee moonasib t,ha. Yih musul hum b,hee humeshu boozoorgon kee zubanee soonte a,e hyn ki "Jo d,hun jata janee,e to ad,ha deejee,e bant."

Ut,hteesween Nuql.

Kisee Oomra ke yuhan ko,ee b,hula admee ku,ee ek muheene se amud o ruft kurta t,ha. Ek roz oosne iske hal pur mihrban hokur panch suo roopy upne deewan se

نے نت کھتي اور اپني بدذاتي سے ٹال مٹال کر کے کٹي ایک دن لگا۔ تب دکھہ پا اس بچارے نے سر مجلس کہا کہ دیوان جي صاحب - بھلا مانئے یا برا - حق بات کہنے میں کچھہ عیب نہیں - آپ کي وہي مثل ہے کہ داتا دے بھنداري کا پیٹ پھولے * اس مثل کے سنتے ہي شرمندہ ہو اس نے اسے اسي وقت رپے گن دئے

نقل ۳۹

کسي مکان پر کٹي ایک تجارت پیشہ بیٹھے آپس میں اپني اپني کمائي کا احوال بیان کر رہے تھے کہ ایک عاشق تن بھولا بھٹکا وہاں جا نکلا اور ان کي باتیں سن آہ کر یہہ شعر پڑھا

جو آے اس جہاں میں سو کچھہ کچھہ کما چلے
ایک بے سلیقہ ہم ہیں کہ دل بھي گنوا چلے

نقل ۴۰

ایک گونگیرہ کسي حکیم کے یہاں حکمت کي کتاب پڑھنے نت آتا اور یہہ بات کہتا کہ پیر مرشد - جو غلام کو آپ کے تصدق سے اس فن میں کچھہ مناسبت ہو جائیگي تو یہہ بن مول کا غلام آپ کے قدم مبارک چھوڑکر کہیں

dilwa,e. *Oo*sne nu*t* k,hu*t*ee uor upnee budzatee se *t*al mu*t*al kurke ku,ee ek din luga,e, tub d*oo*k,h pa is bichare ne suri mujlis kuha ki " Deewan Jee sa*h*ib ! b,hula manee,e ya b*oo*ra, huq bat kuhne me*n* k*oo*ch,h *u*eb nuhee*n*, ap kee w*oo*hee musul hy ki " Data de b,hun*d*aree ka pe*t* p,hoole." Is musul ke s*oo*ntee hee shurmindu ho *oo*sne ise *oo*see wuqt r*oo*py gin dee,e.

*Oo*nchaleeswee*n* Nuql.

Kisee mukan pur ku,ee ek tijarut peshu by*t*,he apus me*n* upnee upnee kuma,ee ka u*h*wal by,an kur ruhe t,he ki ek *a*shiq tun b,hoola b,hu*t*ka wuha*n* ja nikla uor *oo*nkee bate*n* s*oo*n ah kur yih shi*a*r pu*r*,ha.

Jo a,e is juha*n* me*n* so k*oo*ch,h k*oo*ch,h kuma chule
Ek be suleequ hum hy*n* ki dil b,hee gu*n*wa chule.

Chaleeswee*n* Nuql.

Ek gu*on*geeru kisee *h*ukeem ke yuha*n* *h*ikmut kee kitab pu*r*,hne nit ata uor yih bat kuhta ki " Peer M*oo*rshid ! jo gh*oo*lam ko apke tusudd*oo*q se is fun me*n* k*oo*ch,h m*oo*nasubut ho ja,egee to yih bin-mol ka gh*oo*lam ap ke qudumi m*oo*baruk ch,ho*r*kur kuhee*n* nu

نجائیگا اور ہمیشہ خدمت میں رہیگا * غرض اسي دم
بازي سے کئي ایک برس کے عرصے میں تمام کتاب پڑھہ
سن کے وہاں سے ایسا گیا کہ جیسے گدھے کے سر سے
سینگ گئے پھر نظر بھي نہ آیا * ایک روز حکیم جي نے
اس کے کسي دوست سے کہا کہ تمھارے آشنا نے ہم سے
کہا قول کیا تھا اور اب دکھائي بھي نہیں دیتا - وہ بولا
حکیم صاحب کہا آپ نے یہہ مثل نہیں سني جو ایسي
بات زبان پر لاتے ہیں - کام سرا دکھہ بیسرا چھاچھہ نہ
دیت اہیر

نقل ۴۱

کوئي شخص کسي پر عاشق تھا پر مارے حجاب کے اپنا
عشق اس کے آگے اظہار نہ کرتا اور جس پي عاشق تھا
وہ بھي جان بوجھہ کر شرم سے کچھہ نہ کہتي * ایک روز
وے دونوں کسي مکان پر رات کو بیٹھے تھے کہ ایک پروانہ
شمع پر آ جلا - اس کو جلتا دیکھہ عاشق نے کناۓ سے
یہہ دوہا پڑھا

آہ دئي کیسي بني انچاہت کو سنگ
دیپک کے بھانویں نہیں جل جل مرے پتنگ

اس کے جواب میں معشوق نے بھي یہہ دوہا کہہ سنایا

ja,ega uor humeshu khidmut men ruhega." Ghuruz isee dumbazee se ku,ee ek burus ke *u*rse men tumam kitab pur,h soonke wuhan se ysa gy,a ki jyse gudhe ke sir se seeng gy,e, p,hir nuzur b,hee nu a,e,a. Ek roz *h*ukeem jee ne *oo*ske kisee dost se kuha hi "*too*m,hare ashna ne hum se kya quol kee,a t,ha uor ub dik,ha,ee b,hee nuheen deta." W*oo*h bola "*h*ukeem sa*h*ib, kya ap ne yih musul nuheen *soo*nee jo ysee bat zuban pur late hy*n*? "Kam sura d*oo*k,h beesra ch,hach,h uu det uheer."

Ektaleesween Nuql.

Ko,ee shukhs kisee pur *a*shiq t,ha pur mare *h*ijab ke upna *i*shq *oo*ske age iz,har nu kurta uor jis py *a*shiq t,ha w*oo*h b,hee jan b*oo*j,hkur shurm se k*oo*ch,h nu kuhtee. Ek roz we dono*n* kisee mukan pur rat ko by*t*,he t,he ki ek purwanu shum*u* pur a jula. *Oo*sko julta dek,h *a*shiq ne kina,e se yih doha pur,ha

Ah du,ee kysee bunee unchahut ko sung
Deepuk ke b,ha*n*wen nuheen jul jul mure putung.

Iske juwab men m*a*shooq ne b,hee yih doha kuh soona,a,e.

آ و پتنگ نسنک جل جلت نه موڑو انگ
پهلے تو دیپک جلے پاچهے جلے پتنگ

نقل ۴۲

اکبر بادشاه کا یهه معمول تها که همیشه فقیر کا بهیکهه لے رات کو شهر کي گلي گلي کوچے کوچے میں پهرتے اورجس غریب کنگال دکهي کو دیکهتے اسکا دکهه دور کرتے * ایکدن جوں نکلے توں دیکهتے کیا هیں که کوئی سوداگر بچي دروازے کے اوپر گوکهه میں کهڑي رو رو بسور رهي هی یے بولے مائي تکڑا بهیجیو - وه روٹي دینے آئي - انهوں نے اس سے پوچها توکیوں روتي هی جواب دیا میرا خاوند باره برس سے جهاز لے سوداگري کو نکلا هی اسکي کچهه خبر نهیں پائي اس دکهه سے روتي هوں * اتنا سن روٹي لي دو دن آگے بڑهے تو دیکها که کوئي رنڈي رو رو چکي پیس رهي هی - اسیطرح اس سے بهي پوچها - اس نے کها میرا خصم چهوڑیکو گیا هی اسے تین دن هوئے نجانوں جیتا هی یا مارا گیا - اس دکهه سے روتي هوں * یهه سن وهاں سے بهي چلے نکلے پهر دیکها که ایک عورت نو جوان کهڑکي میں بیٹهي ڈاڑهیں مار مار روتي هی - اس سے پوچها تو کیوں روتي هی - ان نے کها میرا شوهر کم سن هی *

A,o putung nusunk jul julut nu moro ung
Puhle to deepuk jule pach,he jule putung.

Be,aleesween Nuql.

Ukbur Badshah ka yih mamool t,ha ki humeshu fuqeer ka b,hek,h le rat ko shuhr kee gulee gulee, kooche kooche men p,hirte uor jis ghureeb kungal dook,hee ko dek,hte ooska dook,h door kurte. Ek din jon nikle ton dek,hte kya hyn? ki ko,ee suodagur buchchee durwaze ke oopur guok,h men k,huree ro ro bisoor ruhee hy. Ye bole "Ma,ee tookra b,hejee,o." Wooh rotee dene a,ee. Inhon ne oosse pooch,ha "too kyoon rotee hy?" Juwab dee,a "mera khawind baruh burus se juhaz le suodaguree ko nikla hy, ooskee kooch,h khubur nuheen pa,ee, is dook,h se rotee hoon." Itna soon rotee lee doo,a de age bur,he to dek,ha ki ko,ee rundee ro ro chukkee pees ruhee hy. Oosee turuh oosse b,hee pooch,ha. Oosne kuha "mera khusm choree ko gy,a hy, oose teen din hoo,e nu janoon jeeta hy ya mara gy,a. Is dook,h se rotee hoon." Yih soon wuhan se b,hee chul nikle. P,hir dek,ha ki ek uorut nuo juwan k,hirkee men byt,hee dar,hen mar mar rotee hy. Oos se pooch,ha "too kyoon rotee hy?" oonne kuha "mera shuohur kum sin hy."

اسبات کے سنتے ہي بادشاہ اداس ہو گھر آۓ اور دوسرے دن ديوان خاص ميں بيتھہ بيربل کي طرف مخاطب ہو بولے وے تينوں بلائيں * بيربل نے کچھہ جواب نديا - پھر شاہ نے کہا بيربل وے تينوں بلائيں - بولا ہاں جہاں پناہ سلامت اتني بات کے سنتے ہي شاہ نے ليلي پيلي آنکھيں کر کہا ياتو اسکا بيان کر نہيں تو ابھي مار ڈالتا ہوں - تو نے کيا سمجھہ کے ميري بات کا جواب نہ ديا - بولا *

ايک سمندر بنج کرے اور نت اٹھہ چوري جائيں
بالک ہي سے نيہہ لگاوے وے تينوں بلائيں

اسبات کے سنتے ہي خوش ہو بادشاہ نے بيربل کو نہال کر ديا

نقل ۴۳

کسي دن اکبر بادشاہ نے لاڑکپور کا گانا سن ريجھہ کے ايک گھوڑا دلوايا - اسطبل کے داروغہ نے نت کھٹي کر کے بھلا گھوڑا ندے ايک بہت بوڑھا ترکي ديا ايسا کہ جسکے خائے مانند گھڑے کے تھے - يے لے نا خوش ہو اپنے گھر آئے * کتنے دنوں کے بعد ايک روز بادشاہ نے انسے کہا کہ کل تم بھي ميرے ساتھہ فجر شکار کو چليو - يے بہت خوب کہکر رخصت ہو اپنے مکان پر آۓ * اور دوسرے دن چار گھڑي

Is bat ke *soo*nte hee Badshah *oo*das ho g,hur a,e, uor doosre din deewani khas me*n* by*t*,h Beerbul kee turuf m*oo*khatib ho bole " we teeno*n* billa,e*n* ?" Beerbul ne k*oo*ch,h juwab nu dee,a. P,hir Shah ne kuha " Beerbul ! we teeno*n* billa,e*n* ?" Bola " ha*n* Juha*n* punah sulamut !" Itnee bat ke *soo*nte hee Shah ne leelee peelee a*n*k,he*n* kur kuha " ya too iska by,an kur nuhee*n* to ub,hee mar *d*alta hoo*n*. Too ne kya sumuj,hke meree bat ka juwab nu dee,a ?" Bola

" Ek sum*oo*ndur bunij kure uor nit *oot*,h choree ja,e*n*
" Baluk hee se neh lugawe " we teeno*n* billa,e*n*."

Is bat ke *soo*nte hee kh*oo*sh ho Badshah ne Beerbul ko nihal kur dee,a.

Tetaleeswee*n* Nuql.

Kisee din Ukbur Badshah ne La*r* Kupoor ka gana *soo*n reej,hke ek g,hora dilwa,e,a. Istubul ke daroghu ne nu*t* k,hu*t*ee kurke b,hula g,ho*r*a nu de ek buh*oo*t boo*r*,ha *too*rkee dee,a ysa ki jiske kha,e manind g,hu*r*e ke t,he. Ye le nakh*oo*sh ho upne g,hur a,e. Kitne dino*n* ke bad ek roz Badshah ne in se kuha ki " kul *too*m b,hee mere sat,h fujur shikar ho chulee,o." Ye buh*oo*t kh*oo*b kuhkur r*oo*khsut ho upne mukan pur a,e uor doosre din char g,hu*r*ee rat ruhe suwar ho dono*n*

رات رہے سوار ہو دونوں بادشاہ کي ڈیوڑھي پر جا حاضر ہوے * ایک بھائي اسي ترکي کے گلے میں بالو کا بھرا گھڑا باندھه سوار ہو گیا تھا - جوں حضرت بر آمد ہوے توں ہي انھوں نے بڑھه کے سلام کیا - شاہ نے دیکھتے ہي ہنس دیا اور فرمایا کہ ابے فجر ہي فجر یہه کہا سوانگ بنالاے۔ ہو بولے بلیا لیوں الل پڑنے کے ڈرسوں دووء اور بوجھه برابر کر لیو ہي اور حضور کے داروغه نے توگرانے کو فکر معقول ہي کیو ہو - اس لطیفے کے سنتے ہي شاہ نے داروغه کو تنبیه کي اور انھیں اس کے عوض دو گھوڑے دئے

نقل ۱۴۴

دو زمیندار اپنے گاوں سے کہیں کو چلے جاتے تھے - راہ میں ایک پچاس ساٹھه بیگھے اچھي زمین کا قطعه دیکھکر ان میں سے ایک نے کہا کہ بھائي یہه جگہه اگر ہمارے تمھارے ہاتھه لگے تو کہا کرو - بولا میں تو اپنے حصے کي زمین میں پھلواري لگاؤں - کہو تم اپني جگہه میں کہا کروگے - کہا میں اپني گائیں بھینسیں چراؤنگا - اس نے کہا بھلا مانو یا برا میں تو اپنے باغیچے کے پاس نه چرانے دونگا - وہ بولا تمھارا کچھه اجارا نہیں ہی میں اپني زمین میں جو چاہونگا سو کرونگا * غرض اسي طرح ہدا تدي کر

Badshah kee *d*eho*r*ee pur ja *h*azir hoo,e. Ek B,ha,ee *oo*see *too*rkee ke gule me*n* baloo ka b,hura g,hu*r*a band,h suwar ho gy,a t,ha. Jo*n H*uzrut bur amud hoo,e to*n* hee inho*n* ne bu*r*,hke sulam kee,a. Shah ne dek,hte hee hu*ns* dee,a uor furma,e,a ki "ube, fujur hee fujur yih kya suwang buna la,e ho?" Bole "buly,ya le,*oon*! *oo*lul pu*r*ne ke *d*ur so*n* do,oo or boj,h burabur kur lee,o hy uor *hoo*-zoor ke daroghu ne to girane ko fikr m*a*qool hee kee,o ho," Is luteefe ke *soo*nte hee Shah ne daroghu ko tumbeeh kee uor in,he*n oo*ske *i*wuz do g,ho*r*e dee,e.

Chuo,aleeswee*n* Nuql.

Do zumeendar upne ga,*on* se kuhee*n* ko chule jate t,he. Rah me*n* ek puchas sa*t*,h beeg,he uchch,hee zumeen ka qit*u* dek,hkur *oo*n me*n* se ek ne kuha ki "b,ha,ee! yih juguh ugur humare t*oo*mhare hat,h luge to kya kuro?" Bola "my*n* to upne *h*isse kee zumeen me*n* p,h*oo*lwaree luga,*oon*, kuho t*oo*m upnee juguh me*n* kya kuroge?" Kuha "my*n* upnee ga,e*n* b,hy*n*se*n* chura,oonga." Is ne kuha "b,hula mano ya b*oo*ra my*n* to upne bagheeche ke pas nu churane doonga." Wooh bola "t*oo*mhara k*oo*ch,h ijara nuhee*n* hy, my*n* upnee zumeen me*n* jo chahoonga so kuroonga." Ghuruz isee turu*h* h*oo*dda t*oo*ddee kurke luge hat,ha pa,ee

کے لگے ہاتھا پائي کرنے * اس میں کئي ایک راہ گیر جو
ان کو جھگڑتے دیکھہ جمع ہو گئے تھے - انھوں نے بیچ
بچاو کرکے ان سے پوچھا کہ تم کیوں آپس میں لڑتے ہو
اسکا سبب کہو - انھوں نے سب ماجرا کہہ سنایا - سنتے
ہي ان میں سے ایک شخص بولا کہ بھائي تمھاري وہي
مثل ہی کہ سوت نہ کپاس کولي سے لٹھا لٹھي

نقل ۱۴۵

کسي مکان میں پنڈت ساہوکار اور سپاہي یے تینوں بیٹھے
بحث رہے تھے * ایک کہتا تھا کہ منش گن سے بڑا کہلاتا
ہی اور دوسرا کہتا تھا کہ نہیں دھن سے اور تیسرا کہتا تھا
کہ نہ - مددگاروں سے آدمن بڑا کہلاتا ہی * اس میں کوئي
کبیشور وہاں جو جا نکلا - انھوں نے اسے ثالث مان کے
کہا کہ مہا راج اس مقدمے میں جو تمھارے نزدیک سچ
ہو سو اپنے دھرم سے کہو تب اسنے انکے جواب میں یہہ
سورٹھا کہہ سنایا

گن تیں گروو ہوت نہیں سنپت نہ سہاے تیں
پونوں چند ادوت دتیا کي سربر نہیں

یہہ سن وے تینوں چپکے ہو رہے

kurne. Is men ku,ee ek rah-geer jo inko j,hugurte dek,h jumu ho gy,e t,he, oonhon ne beech bicha,o kurke in se pooch,ha ki "toom kyoon apus men lurte ho? is ka subub kuho?" Oonhon ne sub majura kuh soona,e,a. Soonte hee oon men se ek shukhs bola ki "b,ha,ee! toomharee woohee musul hy ki "Soot nu kupas kolee se lut,ha lut,hee."

Pyntaleesween Nuql.

Kisee mukan men pundit, sahoo-kar uor sipahee ye teenon byt,he buhus ruhe t,he. Ek kuhta t,ha ki "munoosh goon se bura kuhlata hy" uor doosra kuhta t,ha ki "nuheen, d,hun se" uor teesra kuhta t,ha ki "nu, mudud-garon se admee bura kuhlata hy." Is men ko,ee kubeeshwur wuhan jo ja nikla. Oonhon ne ise salis manke kuha ki "Muha Raj! is mooquddume men jo toomhare nuzdeek such ho so upne d,hurm se kuho." Tub is ne oonke juwab men yih soort,ha kuh soona,e,a

Goon ten gooroo,o hot nuheen sumput nu suha,e ten
Poonon chund oodot dootee,a kee surbur nuheen.

Yih soon we teenon choopke ho ruhe.

نقل ۴٦

ایک روز اکبر بادشاہ نے بیربل سے کہا کہ تو مجھے چار شخص لا دے - سوربیر - کایر - صاحب شرم - اور بے شرم - بیربل دوسرے دن بھور ہي ایک رنڈي کو ساتھہ اپنے حضور میں لے گیا * شاہ نے پوچھا لایا - بولا خداوند حاضر ہی - یہہ کہہ بیربل نے اس رنڈي کو بادشاہ کے سونہیں لیجا کھڑا کیا - حضرت نے فرمایا کہ ابے میں نے چار شخص بلوائے تھے تو ایک کو لایا اور تین کہاں ہیں - عرض کي جہاں پناہ - اسمیں چاروں کي صفات ہیں - ارشاد کیا بیان کر - بولا کہ جس وقت یہہ اپني سسرال میں رہتي ہی مارے شرم کے اچھي طرح گلا کھول کر بولتي بھي نہیں اور جس برياں کہیں شادي میں گالیاں گاتي ہی تو باپ بھائي شوہر سسر اور برادري کے لوگ بیٹھے سنا کرتے ہیں پر یہہ کسي کي شرم نہیں کرتي اور جب اپنے شوہر کے پاس بیٹھتي ہی تو رات کو اکیلي گھر کے کوٹھے میں بھي نہیں جاتي اور کہتي ہی مجھے جاتے ڈر لگتا ہی پھر جس وقت کسي سے اس کي آنکھہ لگتي ہی تو آدھي رات کي اندھیري میں اکیلي بے ہتھیار یار کے پاس ندھڑک چلي جاتي ہي اور چور چکار بھوت پلیت سے نہیں ڈرتي * یہہ

Chheleesween Nuql.

Ek roz Ukbur Badshah ne Beerbul se kuha ki "too moojhe char shukhs la de, Soorbeer, Kair, Sahibi shurm uor Be shurm." Beerbul ne doosre din bhor hee ek rundee ko sath upne hoozoor men le gya. Shah ne poochha "laea?" Bola "Khoodawund, hazir hy." Yih kuh Beerbul ne oos rundee ko Badshah ke sonheen le ja khura keea. Huzrut ne furmaea "ube, myn ne char shukhs boolwae the, too ek ko laea, uor teen kuhan nyn?" Urz kee "Juhan Punah! is men charon kee sifat hyn." Irshad keea "byan kur." Bola ki "jiswuqt yih upnee soosral men ruhtee hy mare shurm ke uchchhee turuh gula kholkur boltee bhee nuheen, uor jis bireean kuheen shadee men galeean gatee hy to Bap, bhaee, shouhur, soosur uor buraduree ke log bythe soona kurte hyn pur yih kisee kee shurm nuheen kurtee uor jub upne shuohur ke pas bythtee hy to rat ko ukelee ghur ke kothe men bhee nuheen jatee uor kuhtee hy "moojhe jate dur lugta hy." Phir jis wuqt kisee se iskee ankh lugtee hy to adhee rat kee undheree men ukelee be hutheear yar ke pas nidhuruk chulee jatee hy uor chor, chikar, bhoot, puleet se nuheen durtee." Yih bat

بات سن شاہ نے خوش ہو بیربل کو انعام دیا اور فرمایا تو سچ کہتا ہی ٭

نقل ۴۷

کوئي جوگي کسي جنگل میں سر راہ ایک پیڑ کے نیچے ببھوت لگاۓ دھوني جلاۓ سیلي سینگي مدرا پہنے باگھنبر بچھاۓ ننگ دھڑنگا آسن مارے اپنے بھگوان کي یاد میں مگن بیٹھا بھجن کرتا تھا کہ چار مسافر وس راہ سے آۓ اور اسي درخت کے نیچے جا بیٹھے انمیں سے پہلے ایک نے اس جوگي سے کہا کہ آج کیا ہی جو تم جوا کھیلنے نہیں گئے - کچھہ ہار آۓ ہو جو اس بن میں یہہ سوانگ بناکر آن بیٹھے ہو - بولا ہاں بابا سچ کہتا ہی پھر دوسرے نے کہا تو تو کل شراب پیئے شہر کي گلیوں میں گرتا پڑتا پھرتا تھا - آج کس لئے یہاں مکر کر آن بیٹھا ہی - جواب دیا ہاں بابا سچ کہتا ہی * تیسرے نے کہا - تم نے اس راہ میں بہت قافلے غارت کئے ہیں - کہو اب کسکي تاک پر بیٹھے ہو - بولا ہاں بابا سچ کہتا ہی بعد چوتھے نے کہا ناتھہ جي آپ بھگوان کے خاص بندوں سے ہیں کچھہ میرے حال پر رحم کرو - اسے بھي یہي جواب دیا - ہاں بابا سچ کہتا ہی * غرض یہہ کہہ سنکرو ے چاروں چلے گئے تب

soon Shah ne khoosh ho Beerbul ko inam dee,a uor furma,e,a : "too such kuhta hy."

Syntaleesween Nuql.

Ko,ee Jogee kisee jungul men suri rah ek per ke neeche b,hub,hoot luga,e, d,honee jula,e, selee, seengee, moodra puhune, bag,humbur bicha,e nung d,hurunga, asun mare upne B,hugwan kee yad men mugun byt,ha b,hujun kurta t,ha ki char moosafir vis rah se a,e uor oosee durukht ke neeche ja byt,he. Oon men se puhle ek ne oos Jogee se kuha ki "Aj kya hy jo toom joo,a k,helne nuheen gy,e? Kooch,h har a,e ho, jo is bun men yih suwang bunakur an byt,he ho?" Bola "Han baba such kuhta hy." P,hir doosre ne kuha "too to kul shurab pee,e shuhr kee gulee,on men girta purta p,hirta t,ha, aj kis lee,e yuhan mukur kur an byt,ha hy?" Juwab dee,a "han baba such kuhta hy." Teesre ne kuha "toom ne is rah men buhoot qafile gharut kee,e hyn, kuho ub kiskee tak pur byt,he ho?" Bola "han baba such kuhta hy." Bad chuot,he ne kuha "Nat,h Jee ap B,hugwan ke khas-bundon se hyn kooch,h mere hal pur ruhm kuro." Oose b,hee yihee juwab dee,a "Han baba such kuhta hy." Ghuruz yih kuh soonkur we charon

ایک اور مسافر جو الگ وہیں بیٹھا سنتا تھا - اسکے پاس آیا اور آدیس کر بولا کہ ناتھہ جی - آپ نے چار آدمیوں کے چار سوالوں کا ایک ہی جواب دیا - اسکا کیا سبب * اسنے اس سے بھی کہا کہ ہاں بابا سچ کہتا ہی یہہ بولا کہ مہا راج میں وں جیسا نہیں ہوں کہ مجھنے بھی بہکا دوگے - بدون سمجھائے آپ کا پیچھا نہ چھوڑونگا * اس بات کے سنتے ہی اس جوگی نے کہا کہ بابا جو کوئی جیسا ہوتا ہی وہ دوسرے کو بھی ویسا سمجھتا ہی - ان کے کہنے سے میرا کیا بگڑا - فقیر تو جیسے کا تیسا بیٹھا ہی

نقل ۴۸

ایک روز راجا بیر بکرماجیت کے یہاں چار شخص ایک ساتھہ چوری کے معاملے میں پکڑے گئے راجا نے ان میں سے ایک کو پاس بلا اتنا کہہ چھوڑ دیا کہ تمھارے لائق یہہ کام نہ تھا اور دوسرے کو پانچ چار گالیاں دے نکال دیا - تیسرے کو دس بیس دھول جوتیاں لگوا دھکے دلوا نکلوا دیا اور چوتھے کی ناک اور کان کتوا کالا منہہ کروا گدھے پر چڑھوا شہر بدر کروایا * یہہ عدالت دیکھہ ہر ایک درباری ایک ایک کا منہہ دیکھنے لگا * اس وقت راجا نے ان سے پوچھا کہ تمھارے دل میں کیا ہی سو کہو - انھوں نے

chule gy,e, tub ek uor *moo*safir, jo ulug wuhee*n* byt,ha *soo*nta t,ha, *oo*ske pas a,e,a uor udes kur bola ki "Nat,h Jee! ap ne char admee,*on* ke char suwalo*n* ka ek hee juwab dee,a, iska kya subub?" *Oo*sne *oo*sse b,hee kuha ki "ha*n* baba such kuhta hy." Yih bola ki "Muha Raj! my*n* vin jysa nuhee*n* hoo*n* ki m*oo*j,he b,hee buhka doge, bidoon sumj,ha,e ap ka peech,ha nu ch*or*oonga." Is bat ke *soo*nte hee *oo*s Jogee ne kuha ki "Baba jo ko,ee jysa hota hy w*oo*h doosre ko b,hee wysa sumuj,hta hy. *Oo*n ke kuhne se mera kya big*ra*? Fuqeer to jyse ka tysa by*t*,ha hy."

U*t*,haleeswee*n* Nuql.

Ek roz Raja Beer Bikrumajeet ke yuha*n* char shukhs ek sat,h choree ke m*oo*,*a*mule me*n* puk*re* gy,e. Raja ne *oo*n me*n* se ek ko pas b*oo*la itna kuh ch,h*or* dee,a ki "*too*mhare la,iq yih kam nu t,ha" uor doosre ko panch char galee,*an* de nikal dee,a. Teesre ko dus bees d,huol jootee,*an* lugwa, d,hukke dilwa nikulwa dee,a uor chuot,he kee nak uor kan ku*t*wa kala m*oo*nh kurwa, gud,he pur chu*r*,hwa shuhr budur kurwa,e,a. Yih *u*dalut dek,h hur ek durbaree ek ek ka m*oo*nh dek,hne luga. *Oo*s wuqt Raja ne *oo*n se pooch,ha ki "t*oo*mhare dil me*n* kya hy so kuho." *Oo*n,ho*n* ne hat,h jo*r*kur kuha ki "D,hurm-

ہاتھہ جوڑکر کہا کہ دھرماوتار آپ نے نیاو تو سمجھہ ہي کے کیا ہوگا پر اسکا بھید کچھہ ہم پر نہ کھلا - راجا نے ہنس کے کہا کہ تم ان چاروں کے پیچھے ہرکارے لگا دوکہ یے جاکے کیا کرتے ہیں اسکي خبر لاویں - انھوں نے سوئي کیا * تیسرے دن جب ہرکارے خبر لے حضورمیں آ حاضر ہوے تب راجا نے دیکھکر فرمایا کہ انکے سماچار لاے - جواب دیا ہاں پرتھي ناتھہ لاے - ارشاد کیا کہو - وے دنڈوت کر ہاتھہ جوڑ بولے کہ دھرماوتار جسے آپ نے یہہ کہہ چھوڑ دیا تھا کہ تمھارے لائق یہہ کام نہیں تھا - وہ تو جاتے ہي زہر کھا مرگیا اور جسے گالیاں دے چھڑوایا تھا وہ شہر چھوڑکر چلا گیا اور جو مار کھا کے چھوٹا ہے سو وس دن سے گھر کے باہر نہیں نکلا اور مہا راج جس کي ناک اور کان کاٹے گئے تس کا احوال سنئے کہ راہ میں گدھے پر سوار چلا جاتا تھا اور تماش گیر بھي دو چار سو چاروں طرف سے لعنت ملامت کرتے جاتے تھے اور سونہیں سے اس کي جورو آئي - ان نے اسے پاس بلا کر سب کے دیکھتے کہا کہ تو گھر جا کر نہانے کا پاني جلد گرم کررکھہ تھوڑا شہر پھرنا باقي ہے ابھي پھر کر ان موزیوں کے ہاتھہ سے چھوٹ چلا آتا ہوں * اتني بات کے سنتے ہي راجا نے ان لوگوں سے کہا جنھوں نے کہا تھا کہ دھرماوتار

a,otar! ap ne nya,o to sumuj,h hee ke kee,a hoga, pur is ka b,hed kooch,h hum pur nu k,hoola." Raja ne huns ke kuha ki "toom in charon ke peech,he hurkare luga do ki ye jake kya kurte hyn, iskee khubur lawen." Oon,hon ne so,ee kee,a. Teesre din jub hurkare khubur le hoozoor men a hazir hoo,e tub Raja ne dek,hkur furma,e,a ki "oonke sumachar la,e?" Juwab dee,a "Han Prit,hee Nat,h la,e." Irshad kee,a "kuho." We dundwunt kur hat,h jor bole ki "D,hurma,otar! Jise Ap ne yih kuh ch,hor dee,a t,ha ki "toomhare la,iq yih kam nuheen t,ha" wooh to jate hee zuhr k,ha mur gy,a uor jise galee,an de ch,hoorwa,e,a t,ha, wooh shuhr ch,horkur chula gy,a uor jo mar k,hake ch,hoota hy so vis din se g,hur ke ba-hur nuheen nikla uor Muha Raj! jiskee nak uor kan kate gy,e tis ka uhwal soonee,e ki rah men gud,he pur suwar chula jata t,ha uor tumash-geer b,hee do char suo charon turuf se lanut mulamut kurte jate t,he uor sonheen se ooskee joroo a,ee, oon ne oose pas boolakur sub ke dek,hte kuha ki "too g,hur jakur nuhane ka panee juld gurm kur ruk,h, t,hora shuhr p,hirna baqee hy ub,hee p,hirkur in moozee,on ke hat,h se ch,hoot chula ata hoon." Itnee bat ke soonte hee Raja ne oon logon se kuha "Jin,hon ne kuha t,ha ki "D,hurma,otar! hum ne is

ہم نے اس نیاؤ کا بھید نجانا کہو ابتو سمجھے - انھوں نے عرض کي که پرتھي ناتھه - آپ کا نیاؤ آپ ہي سے بنے دوسرے کي کیا سامرتھه جو اسمیں دم مارے - یہه وہي ہی جو کسي نے کہا ہی

راگي باگي پارکھي ناري اور نیاؤ
ان پانچوں کے گرو ہی پر اپجے انگ سبھاؤ

نقل ۴۹

ایک طالب العلم بڑا بخیل تھا - اسنے کسي دن ایک آشنا کي دعوت کي - کھانا تو جو اسکے یہاں نت پکتا تھا سوئي پکا پر دو انڈے کھانے کے وقت بڑی تکلف سے اسنے دستر خوان پی لا رکھے اور کہا که سنو صاحب ان انڈوں سے ایک جوڑا مرغ کا ہوتا اور جوڑے سے ہزاروں بچے پیدا ہوتے - یہه آپ کي خاطر ہی جو میں نے اپنا اتنا نقصان کیا * اسکا آشنا بھي ایک ہي شخص تھا بولا که یہه تو آپ نے کیا پر بھلا گھي بن مئیں کسطرح کھاؤنگا * کہا میں ابھي لے آتا ہوں ذرا صبر کرو * اتنا کہه دو پیسے اور پیاله لے وہ مودي کي دوکان پر گیا اور ان نے پیاله اور دو پیسے اسکے آگے رکھه کے کہا که اچھے سے اچھا گھي مجھے دے - وہ بولا ایسا گھي دوں که جیسا سفید چرب - اسبات

nya,o ka b,hed nu jana," kuho ub to sumj,he? *Oo*nho*n* ne *u*rz kee ki "Prit,hee Nat,h! ap ka nya,o ap hee se bune, doosre kee kya samurt,h jo is me*n* dum mare." Yih w*oo*hee hy jo kisee ne kuha hy

Ragee bagee park,hee naree uor nya,o
In pancho*n* ke g*oo*roo hy pur *oo*pje ung s*oo*b,ha,o.

*Oo*nchasweе*n* Nuql.

Ek talib *oo*l *i*lm bu*r*a bukheel t,ha. *Oo*sne kisee din ek ashna kee d*a*wut kee. K,hana to jo *oo*ske yuha*n* nit pukta t,ha so,ee pukka pur do un*d*e k,hane ke wuqt bu*r*e tukull*oo*f se *oo*sne dustur-kh*w*an py la ruk,hk,he uor kuha ki "s*oo*no sa*h*ib, in un*do*n se ek jo*r*a m*oo*rgh ka hota uo*r* jo*r*e se huzaro*n* buchche pyda hote, yih Ap kee khatir hy jo my*n* ne upna itna n*oo*qsan kee,a." *Oo*ska ashna b,hee ek hee shukhs t,há, bola ki "yih to Ap ne kee,a pur b,hula g,hee bin my*n* kisturu*h* k,ha,*oo*nga?" Kuha "my*n* ub,hee le ata hoo*n* zura subr kuro." Itna kuh do pyse uor pee,alu le w*oo*h modee kee d*oo*kan pur gy,a uor *oo*n ne pee,alu uor do pyse *oo*ske age ruk,hke kuha ki "uchch,he se uchch,ha g,hee m*oo*j,he de." W*oo*h bola "ysa g,hee doo*n* ki jysa s*oo*fed churb." Is bat ke

گے سنتے ہیں یہہ پیالہ اور پیسے لے چرب والے کی
دوکان پر گیا اور اسنے پیالہ اور پیسے دے اسے کہا کہ بھلے
سے بھلا چرب مجھے دے - وہ بولا کہ ایسا صاف دوں کہ
جیسا برف * یہہ سن وہ وہانسے پیالہ اور پیسے لے برف
والے کے پاس گیا اور بولا کہ بہتر سے بہتر برف میرے
تئیں دے - اسنے کہا کہ ایسا دوں کہ جیسا آب زلال *
یہہ وہاں سے بھی پیالہ اور پیسے ہی لے اپنے گھر آیا اور
ایک پیالہ میٹھے پانی کا بھرکر آشنا کے آگے لے گیا - وہ
دیکھکر بولا کہ تم توگھی لینے گئے تھے یہہ کیا لے آئے -
جواب دیا کہ تین نچوڑ میں یہہ ٹھہرا ہی - اسے یہی بہتر
ہی کہوں کہ شاعر لوگ بھی مشبہ سے مشبہ بہ کو اعلی
جانتے ہیں

نقل ۵۰

ایک بنیاں اپنے بیٹے کو بیاہنے برات لئے شہر سے پر
شہر کو جاتا تھا - راہ میں ایک جنگل ملا - اس میں کہیں
دائیں بائیں اس کا بھائی جھاڑے پھرنے گیا - اتفاقاً اسے
وہاں شیر کھا گیا - اس میں دیری جو ہوئی تو بنیاں
اپنے من میں یہہ سمجھا کہ کسی دین لین والے نے
شائد میرے بھائی کو بتھا رکھا ہی - لگا روز نامہ کھاتے کی

soonte hee yih pee,alu uor pyse le churbwale kee dookan pur gy,a uor isne pee,alu uor pyse de *oos* se kuha ki "b,hule se b,hula churb *mooj*,he de." W*ooh* bola ki "ysa saf doo*n* ki jysa burf" yih soon wooh wuha*n* se pee,alu uor pyse le burf wale ke pas gy,a uor bola ki "bihtur se bihtur burf mere tu,ee*n* de." *Oos*ne kuha ki "ysa doo*n* ki jysa abi *zoo*lal." Yih wuha*n* se b,hee pee,alu uor pyse hee le upne g,hur a,e,a uor ek pee,alu mee*t*,he panee ka b,hurkur ashna ke age le gy,a. W*ooh* dek,hkur bola ki "t*oo*m to g,hee lene gy,e t,he, yih kya le a,e?" Juwab dee,a ki "teen nicho*r* me*n* yih *t*,huhura hy. *Oos* se yihee bihtur hy kyoo*n* ki sha,*i*r log b,hee m*oo*shubbu se m*oo*shubbu bihi ko *a*la jante hy*n*."

Puchasweeं Nuql.

Ek bunee,a*n* upne be*t*e ko biahne burat lee,e shuhr se pur shuhr ko jata t,ha. Rah me*n* ek ju*n*gul mila. *Oos* me*n* kuhee*n* da,e*n* ba,e*n* iska b,ha,ee j,ha*r*e p,hirne gy,a. Ittifaqun *oo*se wuha*n* sher k,ha gy,a. Is me*n* deree jo hoo,ee to bunee,a*n* upne mun me*n* yih sumj,ha ki "kisee den len wale ne shayud mere b,ha,ee ko bi*t*,ha ruk,ha hy." Luga roz namu k,hate kee buhee dek,hne.

بهي ديكهنے - جب ديكهتے ديكهتے اس ميں كسي كا دينا
پانا نه ٹهہرا تب گهبرا كے جنگل ميں ڈهونڈهنے چلا *
كتني ايك دور جا كے ديكهے تو ايك شير ليٹا ہوا ہى اور
اس كے بهائي كا ہاڑ چام آگے پڑا ہى * يهه ديكهتے ہي بولا
سن تو اوت كے اوت نه تيرا ہمارے كهاتے ميں نام - نه
روز نامے ميں - تو نے ميرے بهائي كو كس حساب سے مار
كهايا - وه ہوں كر كے گهركا تب بنياں يهه كهه روتا پيٹتا
پهر آيا كه ہاں اس حساب سے كهايا تو ٹهيك ہى

نقل ٥١

چار شخص اپنے گاوں سے نكلے براہمن راجپوت بنياں
اور نائي اور كسي كسان كے كهيت پر جا لگے گنے اكهاڑ
اكهاڑ پهانديان باندهنے اور چوسنے - اس كهيت والے نے
ديكها اور اپنے جي ميں بچارا كه يے چار اور ميں اكيلا جو
كچهه كهتا ہوں تو يے مجهے بن ٹهوكے نر ہينگے اس سے
كچهه حكمت كيا چاہئے * يهه بات دل ميں ٹهان وه ان
كے پاس جا رام رام كر بولا كه سنو صاحب براہمن ہمارے
گرو - راجپوت بهائي - بنياں مهاجن - تينوں آدمي كے
كانڈے كهانے كا كچهه مضايقه نهيں - بهلا اس نائي نے كيا
سمجهه كے ميرے كهيت ميں ہاتهه ڈالا اسكا تمهيں نياو

Jub dek,hte dek,hte *oo*s me*n* kisee ka dena pana nu *t*,huhura tub g,hubrake ju*n*gul me*n* *d*,hoon*d*,hne chula. Kitne ek door ja,e dek,he to ek sher le*t*a hoo,a hy uor *oo*ske b,ha,ee ka ha*r* cham age pu*r*a hy. Yih dek,hte hee bola "s*oo*n to oot ke oot nu tera humare k,hate me*n* nam nu roz name me*n*. Too ne mere b,ha,ee ko kis *h*isab se mar k,ha,e,a ?" W*oo*h hoo*n* kurke g,h*oo*rka. Tub bunee,a*n* yih kuh rota pee*tt*a p,hir a,e,a ki "Ha*n*, is *h*isab se k,ha,e,a to *t*,heek hy."

Ekanwee*n* Nuql.

Char shukhs upne ga,o*n* se nikle Brahmun, Rajpoot, Bunee,a*n* uor Na,ee uor kisee kisan ke k,het pur ja luge gunne *oo*k,ha*r* *oo*k,ha*r* p,handee,a*n* band,hne uor choosne. *Oo*s k,het wale ne dek,ha uor upne jee me*n* bichara ki "ye char uor my*n* ukela jo k*oo*ch,h kuhta hoo*n* to ye m*oo*j,he bin *t*,hoke nu *r*uhe*n*ge, is se k*oo*ch,h *h*ikmut kee,a chahee,e." Yih bat dil me*n* *t*,han w*oo*h *oo*nke pas ja Ram! Ram! kur bola ki s*oo*no sa*h*ib, Brahmun humare g*oo*r*oo*, Rajpoot b,ha,ee, Bunee,a*n* Muhajun teeno*n* admee ke kan*d*e k,hane ka k*oo*ch,h m*oo*zayuqu nuhee*n*, b,hula is Na,ee ne kya sumuj,hke mere k,het me*n* hat,h *d*ala? Iska t*oo*mhee*n* nya,o kuro." Yih bat

کرو * یہہ بات سنکر وے چپ ہو رہے تب اس نے
نائي سے گنے چھین لئے اور اسے جتیا کر نکال دیا - پھر
کسان کہنے لگا کہ سنو بھائي براہمن گرو تم بھائي - ہمارا
تمھارا مال ایک ہی - اس بنئے نے کہا بوجھہ کے میرا
کھیت اجاڑا - بھلا اسکا تمھیں انصاف کروجو تم ہم اسکے
یہاں سے رہی لینگے تو کہا یہہ اپنا سود چھوڑ دیگا
* اسبات کو بھي سن وے کچھہ نہ بولے تد تو اسنے اسے
بھي دھولیا کے گانڈے چھین نکال دیا * غرض اسیطرح
سے اسنے ہر ایک کو نکالا اور اپنا مال بچایا * اس بات
کو سن تعجب کر ایک شخص نے اپنے دوست سے کہا
یہہ کہا غضب ہی کہ چار آدمي پر ایک شخص غالب
رہے - اسنے پوچھا یہہ کہا بات ہی مجھے سمجھا کے کہو
- اسنے انکا ماجرا کہہ سنایا تب اسکا آشنا بولا کہا تم نے
یہہ مثل نہیں سني جو اتنا تعجب کرتے ہو کہ جگ
پھوٹا اور نرد ماري گئي

نقل ۵۲

کسي راجا کے یہاں بکت خاں نام کلاونت بہ سبب گانے
بجانے کے بہت پیش ہوا - آتھہ پھر اس کي مصاحبت
میں رہے * ایک دن اس راجا پر کوئي غنیم چڑھہ آیا تو

so*o*nkur we cho*op* ho ruhe. Tub *oo*sne Naee se gunne chheen leee uor *oo*se jo*o*teea kur nikal deea. Phir kisan kuhne luga ki "so*o*no bhaee, Brahmun go*o*roo t*oo*m bhaee, humara t*oo*mhara mal ek hy. Is buneee ne kya boojh ke mera khet *oo*ja*r*a? Bhula iska t*oo*mhee*n* insaf kuro. Jo t*oo*m hum iske yuha*n* se r*oo*py lenge to kya yih upna sood chho*r* dega?" Is bat ko bhee so*o*n we ko*o*chh nu bole. Tud to *oo*sne ise bhee dholeea ke gan*d*e chheen nikal deea. Ghuruz isee turu*h* se *oo*s ne hur ek ko nikala uor upna mal buchaea. Is bat ko so*o*n tu*u*jjub kur ek shukhs ne upne dost se kuha "yih kya ghuzub hy ki char admee pur ek shukhs ghalib ruhe?" *Oo*sne poochha "yih kya bat hy m*oo*jhe sumjhake kuho." Is ne *oo*nka majura kuh so*o*naea. Tub iska ashna bola "kya t*oo*m ne yih musul nuhee*n* so*o*nee jo itna tu*u*jjub kurte ho? Ki "J*oo*g phoo*t*a uor nurd maree gyee."

Banwee*n* Nuql.

Kisee Raja ke yuha*n* Biku*t* Kha*n* nam kulawunt bu subub gane bujaneke buh*oo*t pesh hooa. A*t*h puhur *oo*skee m*oo*sa*h*ubut me*n* ruhe. Ek din *oo*s Raja pu*r* koee ghuneem chu*r*h aea to *oo*sne bhee lu*r*ne kee

اسنے بهي لڑنے كي تياري كي اور اپنے رفيقوں كو ہتهيار
گهوڑے بانٹے - اس وقت بكت خاں سے راجا نے كہا كه
تم بهي سلح خانے سے ہتهيار اور اصطبل سے گهوڑا اپني
پسند موافق لے لو كل تمهيں بهي ہمارے ساتهه لڑنے كو چلنا
ہوگا * اسبات كے سنتے ہي اسكي جان تو سوكهه گئي پر
مارے شرم كے بہت خوب كہه گهوڑا اور ہتهيار پسند كر
كسي بہانے سے وہ اپنے گهر آيا اور جورو سے كہنے لگا كه
اس شہر سے ابهي بهاگ چلو نہيں تو راجا كے ساتهه كل
مرنے كو جانا ہوگا * اس كي جورو عقل مند تهي بولي جو
لڑائي ميں جاتا ہی سو بے اجل نہيں مرتا - يہه كہه اسنے
چكي ميں چنے دلكر دكهاے اور كہا كه ديكهه جسطرح
اس ميں دانے ثابت رہ گئے ايسے لڑائي ميں بهي لوگ
بچ رہتے ہيں - بولا جو پس گيا سو ميں ہوں * اس كم
ہمتي كو ديكهه اس كي عورت جهنجهلا كر بولي كه سن جو
تو ايسے خاوند سے نمك حرامي كر اس كا ساتهه چهوڑيگا
تو ميں بهي تيرا ساتهه ندونگي * يہه سن شرما لا. جواب
ہو راجا كے پاس بهور ہي جا حاضر ہوا اور ہتهيار لگا گهوڑے
پر سوار ان كے ساتهه ہو ليا - جس وقت ميدان ميں دونوں
دل تل كر لڑنے كو تيار ہوے اور لگا مارو بجنے اور گولي گولا
بان دونوں اور سے چلنے اور اس كا گهوڑا بهركنے - تس

tyˌyaree kee uor upne rufeeqo*n* ko hutˌheeˌar gˌho*r*e ban*te*. *Oo*swuqt Biku*t* Kha*n* se Raja ne kuha ki "t*oo*m bˌhee sila*h* khane se hutˌheeˌar uor istubul se gˌho*r*a upnee pusund m*oo*ˌafiq le lo, kul t*oo*mhe*n* bˌhee humare satˌh lu*r*ne ko chulna hoga." Is bat ke s*oo*nte hee *oo*skee jan to s*oo*kˌh gyˌee pur mare shurm ke "buh*oo*t khoob" kuh gˌho*r*a uor hutˌheeˌar pusundkur kisee buhane se w*oo*h upne gˌhur aˌeˌa uor joroo se kuhne luga ki "is shuhr se ubˌhee bˌhag chulo nuhee*n* to Raja ke satˌh kul murne ko jana hoga." *Oo*skee joroo *u*qlmund tˌhee, bolee "jo lu*r*aˌee me*n* jata hy so be ujul nuhee*n* murta." Yih kuh *oo*sne chukkee me*n* chune dulkur dikˌhaˌe uor kuha ki "dekˌh jis turu*h* is me*n* dane sabit ruh gyˌe yse lu*r*aˌee me*n* bˌhee log buch ruhte hy*n*." Bola "jo pis gyˌa so my*n* hoo*n*." Is kum himmutee ko dekˌh *oo*skee *u*orut jˌh*oo*njˌhlakur bolee ki "s*oo*n, jo too yse khawind se numuk-*h*uramee kur *oo*ska satˌh chˌho*r*ega to my*n* bˌhee tera satˌh nu doongee." Yih s*oo*n shurma la juwab ho Raja ke pas bˌhor hee ja *h*azir hooˌa uor hutˌheeˌar luga gˌho*r*e pur suwar *oo*nke satˌh ho leeˌa. Jis wuqt mydan me*n* dono*n* dul t*oo*lkur lu*r*ne ko tyˌyar hooˌe uor luga maroo bujne uor gola golee ban dono*n* or se chulne uor iska gˌho*r*a bˌhu*r*ukne, tis wuqt Biku*t* Kha*n*

وقت بکت خاں نے تو مارے ڈرکے راجا سے عرض کي
که مہا راج ہوں گرت ہوں پر راجا سمجھا که یہه کہتا ہی
میں حریف کي فوج پی گروں - بولا ایسا کام بھي نکیجیو
تم میرے ہاتھي کے ساتھه اپنا گھوڑا رکھو - دو تین دفع راجا
سے اسنے کہا اور راجا نے یہي جواب دیا - ندان گھوڑا اسے
حریف کے غول میں لے ہي گیا تب بکت خاں نے کمر سے
دپٹا کھول پھرایا - اسے اس راجا کے لوگ لڑنے سے باز
رہے اور اسکے پاس آئے کہا تو کیا پیغام لایا ہی بولا
مجھے کھوڑیسے اتارو تو کچھه عرض کروں * انھوں نے اسے
گھوڑے سے اتارا تد یہه بولا که تم کس لئے لڑتے ہو جس
طرح کي معاملت چاہوگے سو ہمارا راجا قبول کریگا * اس
نے کہا که دس لاکھه رپی دے اور اپني بیٹي ہمارے بیٹے
کو بیاہ دے یہي ہم چاہتے ہیں - وہ بولا یہه بات ہمارے
راجا کو قبول ہی میں اس کا جواب کل دے جاؤنگا تم
خاطر جمع رکھو * اسبات کے سنتے ہي خوش ہو اس راجا
نے اسے ایک بھاري خلعت اور بہت سے رپی دے
رخصت کیا اور لڑائي موقوف کي * دوسرے دن بھور ہي
یہه راجا جب چڑھه کھڑا ہوا تب اس راجا نے کہلا بھیجا
که کل تو تمھارا وکیل تمھاري طرف سے دس لاکھه رپی
اور بیٹي دیني قبول کر گیا ہی اب کیوں لڑنے کو تیار

ne to mare *d*ur ke Raja se *u*rz kee ki " Muha Raj hoo*n*! giru*too* hoo*n*." Pur Raja sumj,ha ki yih kuhta hy " my*n* *h*ureef kee fuoj py giroo*n*." Bola " ysa kam b,hee nu keejee,o, *too*m mere hat,hee ke sat,h upna g,ho*r*a ruk,hk,ho." Do teen duf*u* Raja se *oo*sne kuha uor Raja ne yihee juwab dee,a. Nidan g,ho*r*a *oo*se *h*ureef ke ghol me*n* le hee gy,a. Tub Biku*t* Kha*n* ne kumur se d*oo*-pu*tt*a k,hol p,hira,e,a. Is se *oo*s Raja ke log lu*r*ne se baz ruhe uor iske pas a,e. Kuha " too kya pygham la,e,a hy?" Bola " m*oo*j,he g,ho*r*e se *oo*taro to k*oo*ch,h *u*rz kuroo*n*." *Oo*n,ho*n* ne ise g,ho*r*e se *oo*tara tud yih bola ki " *too*m kis lee,e lu*r*te ho? jis turu*h* kee m*oo*,*u*mulut chahoge so humara Raja qubool kurega." *Oo*sne kuha ki " dus lak,h r*oo*py de uor upnee be*t*ee humare be*t*e ko byah de, yihee hum chahte hy*n*." W*oo*h bola " yih bat humare Raja ko qubool hy. My*n* is ka juwab kul de ja,oonga *too*m khatir jum*u* ruk,ho." Is bat ke s*oo*nte hee kh*oo*sh ho *oo*s Raja ne ise ek b,haree khil*u*t uor buh*oo*t se r*oo*py de r*oo*khsut kee,a uor lu*r*a,ee mouqoof kee. Doosre din b,hor hee yih Raja jub chu*r*,h k,hu*r*a hoo,a tub *oo*s Raja ne kuhla b,heja ki " kul to *too*m-hara Wukeel *too*mharee turuf se dus lak,h r*oo*py uor be*t*ee denee qubool kur gy,a hy ub kyoo*n* lu*r*ne ko ty,yar hoo,e ho?" S*oo*nte hee Raja ne furma,e,a ki " dek,ho

ہوئے ہو سنتے ہي راجا نے فرمايا که ديکھو کون آدمي ہماري طرف سے وہاں جا کر يہه بات کہه آيا ہی وسے ميرے پاس لاؤ * غرض تحقيق کرکے لوگ بکٹ جاں کو ہاتھوں ہاتھه راجا کے سونہيں ليگئے تب کسي مصاحب نے اس سے پوچھا که تو کس کے حکم سے دس لاکھه رپے اور لڑکي دينے کا اقرار کر آيا۔ بولا اسے حکم کيا چاہئے جو اس گھوڑے پر چڑھيگا سو اقرار ہي کر آويگا * اسبات کے سنتے ہي راجا نے خفا ہو اسے نکال ديا اور بڑا افسوس کيا * اسميں کوئي مصاحب بول اٹھا که مہا راج آپ نے جو اتنا افسوس کيا سو کيا يہه مثل نہيں سني که

جس کا کام تسي کو چھاجے
اور کرے تو ٹھينگا باجے

نقل ۴۳

ايک شخص کي بھينس مر گئي ـ وہ لگا رونے * اسميں اسکے ايک پڑوسي نے آکر پوچھا که بھائي تم کيوں روتے ہو۔ بولا ميري بھينس مر گئي جو سارے کنبے کو پرورش کرتي تھي - يہه بولا بھائي صبر کرو ہميں تمھيں کالے دھن سے لہنا نہيں - اسنے پوچھا تمھارا کيا نقصان ہوا - جواب ديا ميرے بھي پکانے کي ہانڈي پھوٹ گئي * اسبات کے

kuon admee humaree turuf se wuha*n* jakur yih bat kuh a,e,a hy? Vise mere pas la,o." Ghuruz tu*h*qeeq kurke log Biku*t* Kha*n* ko hat,ho*n* hat,h Raja ke so*n*hee*n* legy,e, tub kisee m*oo*sa*h*ib ne *oo*s se pooch,ha ki "too kis ke *hoo*km se dus lak,h r*oo*py uor lu*r*kee dene ka iqrar kur a,e,a?" Bola "ise *hoo*km kya chahee,e? Jo is g,ho*r*e pur chu*r*,hega so iqrar hee kur awega." Is bat ke s*oo*nte hee Raja ne khufa ho *oo*se nikal dee,a uor bu*r*a ufsos kee,a. Is me*n* ko,ee m*oo*sa*h*ib bol *oot*,ha ki "Muha Raj! apne jo itna ufsos kee,a so kya yih musul nuhee*n* s*oo*nee ki,

Jis ka kam tisee ko ch,haje
Uor kure to *t*,he*n*ga baje.

Tirpunwee*n* Nuql.

Ek shukhs kee b,hy*n*s mur gy,ee. W*oo*h luga rone. Is me*n* *oo*ske ek pu*r*osee ne akur pooch,ha ki "B,ha,ee, t*oo*m kyoo*n* rote ho?" Bola "meree b,hy*n*s mur gy,ee, jo sare k*oo*nbe ko purwurish kurtee t,hee." Yih bola "b,ha,ee subr kuro, hume*n* t*oo*mhe*n* kale d,hun se luhna nuhee*n*." *Oo*sne pooch,ha "t*oo*mhara kya n*oo*qsan hoo,a?" Juwab dee,a "mere b,hee pukane kee han*d*ee

سنتے ہي وہ غريب ہنس کر بولا که ہاں بهائي سچ کہتے ہو

نقل ۵۴

ايک روز تلسي داس گسائين بنارس ميں کسي مکان پر بيٹهے تهے که ايک روکهڑ فقير نے آکے سوال کيا الکهه - اسکے جواب ميں تلسي داس نے يهه دوہا کهه سنايا

دوہا

ہميں لکهه ہمار لکهه ہم ہمار کے بيچ
تلسي الکهے کہا لکهے رام نام بهج نيچ

اس دوہيکو سُن وہ مارے شرم کے لا جواب ہو چپ چاپ چلا گيا

نقل ۵۵

کسي شہر کے عامل کا باپ مر گيا - وہ اس کے غم ميں بہت دلگير بيٹها تها - شہر کے سب آدمي کہا دنيا دار کہا فقير ہندو مسلمان ملکر اس کے يہاں ماتم پرسي کو گئے اور بيٹهه کر چلے آئے پر چار شخص اس کي بيقراري ديکهه ان ميں سے بيٹهے رہے - بينوا - بيراگي - سنياسي -

p,hoo*t* gy,ee." Is bat ke *soo*nte hee w*oo*h ghureeb hu*n*s-kur bola ki "Ha*n* b,ha,ee such kuhte ho."

Chuowunwee*n* Nuql.

Ek roz T*oo*lsee Das *goo*sa,ee*n* Bunarus me*n* kisee mu-kan pur by*t*,he t,he ki ek rook,hu*r* fuqeer ne ake suwal kee,a "uluk,h." Iske juwab me*n* T*oo*lsee Das ne yih doha kuh *soo*na,e,a

Doha

Hume*n* luk,h humar luk,h hum humar ke beech
T*oo*lsee ulk,he kuha luk,he Ram nam b,huj neech.

Is dohe ko *soo*n w*oo*h mare shurm ke la juwab ho ch*oo*p chap chula gy,a.

Puchpunwee*n* Nuql.

Kisee shuhr ke *a*mil ka Bap mur gy,a. W*oo*h *oo*s ke ghum me*n* buh*oo*t dil-geer by*t*,ha t,ha. Shuhr ke sub admee kya d*oo*nya-dar, kya fuqeer, Hindoo M*oo*sulman milkur *oo*ske yuha*n* matum-p*oo*rsee ko gy,e uor by*t*,hkur chule a,e pur char shukhs *oo*s kee bequraree dek,h *oo*n me*n* se by*t*,he ruhe, Benuwa, Byragee, Sunnee,asee uor

اور جوگي اور ہر ایک اپنے اپنے طور کي مثل کہہ چلا آیا * بیوا نے یہہ مثل کہي دوست *

دید دنیا کا دمبدم کیجئے
کسکي شادي و کس کا غم کیجئے

بیراگي نے یہہ

سادھو یا سنسار میں سبھي بتاؤ لوگ
کا کو کریں مناونو کاکو کیجے سوگ

سنیاسي نے یہہ

آئے ہیں سو جائینگے راجا رنک فقیر
ایک سنگھاسن بیٹھکر باندھے جات زنجیر

جوگي نے یہہ

جوگي تھا سو اٹھہ گیا آسن رہي بھبھوت

نقل ٥٦

شاہ جہاں بادشاہ کے یہاں کئي ایک پوستیوں نے ملکر کسي کے کہنے سننے سے عرضي دي کہ پیر مرشد آپ کے عمل میں ہم بھوکھے مرتے ہیں اور سب چین کرتے ہیں - حضور سے کھانے رہنے کي جگہہ ہو جاے تو ہماري جان بچے * عرضي کے پڑھتے ہي شاہ نے وزیر سے کہا کہ پوستیوں کے کھانے رہنے کا بند و بست ابھي کر دو تا کہ یے بچارے

Jogee uor hur ek upne upne tour kee musul kuh chula a,e,a. Benuwa ne yih musul kuhee " dost!

Deed d*oo*nya ka dum budum keejee,e
Kis kee shadee o kis ka ghum keejee,e.

Byragee ne yih

Sad,ho ya sunsar me*n* sub,hee bu*ta*,oo log
Kako kure*n* muna,ono kako keeje sog.

Sunnee,asee ne yih

A,e hy*n* so ja,e*n*ge Raja runk Fuqeer
Ek sing,hasun by*t*,hkur band,he jat zunjeer.

Jogee ne yih

Jogee t,ha so *oot*,h gy,a asun ruhee b,hub,hoot.

Ch,huppunwee*n* Nuql.

Shah Juha*n* Badshah ke yuha*n* ku,ee ek postee,o*n* ne milkur kisee ke kuhe s*oo*ne se *u*rzee dee ki " Peer M*oo*rshid! Ap ke *u*mul me*n* hum b,hook,he murte hy*n* uor sub chyn kurte hy*n*. *Hoo*zoor se k,hane ruhne kee juguh ho ja,e to humaree jan buche." *U*rzee ke pu*r*,hte hee Shah ne Wuzeer se kuha ki " postee,o*n* ke k,hane ruhne ka bund o bust ub,hee kur do ta ki ye bichare kisee bat ka d*oo*k,h nu pawe*n*." *Hoo*km hote hee

کسي بات کا دکهه نپاوین * حکم هوتے هي پوستي خانه بنوا
وزیر نے تمام شهر کے پوستیوں کو وهاں رهنے کو جگهه
دی ان کا درماه کر دیا * یهه خبر سن سارے شهر کے
سست کم چور کاهل بے محنت کے رپی لینے کے لالچ سے
وهاں آے آے پوستیوں میں نام لکهاے رهنے لگے *
غرض ایک سال کے عرصے میں کئي هزار پوستي شمار کئے
گئے تب پوستي خانے کے داروغه نے وزیر سے جا کها که
خداوند جو اسیطرح سے درماها ملے جایگا تو معلوم هوتا هی
که کئي برس میں سارا شهر پوستي هو جائیگا - ایک هي
برس میں کئي هزار جمع هوے هیں * وزیر نے جا
بادشاه کو خبر پهنچائي - شاه نے فرمایا که اسے تجویز کر
کے دیکهو جو اصل پوستي هی وسے رهنے دو اور جو
تقلیدي هی وسے نکال دو * یهه حکم هوتے هي وزیر نے
گهر آے سب کي دعوت کي اور بهت سا پوست پلایا جب
خوب نشے میں هوے تب انهیں کهانے کو مٹهائي دي
اور یهه کها که جو کوئي کهانے کے وقت بدن میں هاتهه
نه لگاویگا سو هزار رپی پاویگا اور اپنا بدن کهجلاوے سو
نهیں * غرض مٹهائي کهاتے کهاتے ان کے بدن میں
کهجلاهٹ هوئي تب تقلیدیوں نے تو مارے لوبهه کے نه
کهجلایا پر اصل پوستي یهه کهه کهجلانے لگے که اس ایک

postee-khanu bunwa Wuzeer ne tumam shuhr ke posteeon ko wuhan ruhne ko juguh de oonka durmah kur deea. Yih khubur soon sare shuhr ke soost kumchor, kahil, be mihnut ke roopy lene ke laluch se wuhan ae ae posteeon men nam likhae likhae ruhne luge. Ghuruz ek sal ke urse men kuee huzar postee shoomar keee gye. Tub postee-khane ke daroghu ne Wuzeer se ja kuha ki "Khoodawund! jo isee turuh se durmaha mile jaega to maloom hota hy ki kuee burus men sara shuhr postee ho jaega. Ek hee burus men kuee huzar jumu hooe hyn." Wuzeer ne ja Badshah ko khubur puhoonchaee. Shah ne furmaea ki "ise tujweez kurke dekho jo usl postee hy vise ruhne do uor jo tuqleedee hy vise nikal do." Yih hookm hote hee Wuzeer ne ghur ae. Sub kee dawut kee uor buhoot sa post pilaea. Jub khoob nushe men hooe tub oonhen khane ko mithaee dee uor yih kuha ki jo koee khane ke wuqt budun men hath nu lugawega so huzar roopy pawega, uor upna budun khoojlawe so nuheen." Ghuruz mithaee khate khate oonke budun men khoojlahut hooee, tub tuqleedeeon ne to mare lobh ke nu khoojlaea pur usl postee yih kuh khoojlane luge ki "is ek ek ghisse pur

ایک گھسے پر ہزار ہزار رپی صدقے ہیں * وزیر نے اسي کھجلانے والوں کو جواب دیا اور کھجلا نیوالوں کا درماہا دن نه دونا کیا

نقل ۵۷

ایک کروڑ پتي بڑا بخیل تها ـ اسکے گھر میں کچھه شادي آئي تو اس نے اپنے باورچي و بکاولوں کو بلاکر کہا که ایک سیر کي سوله روٹي پکاوٗ اور دو کے آگے ایک رکھو ـ اسمیں کھاویں سو کھاوے بچے سو باندهه لے جاوے ہرگاه کسیکو منع نه کرو * وے بولے بہت خوب * یہه بات سنکر کوئي انکا آشنا بولا که بهائي صاحب یہه شادي یا لوٹا لوٹ جواب دیا بندهٗ درگاه جب کرتے ہیں تب لوٹا لوٹ ہي کرتے ہیں ـ تمنے یہه مثل نہیں سني ـ کہا لیگئے شیر شاه کہا لیگئے سلیم شاه دنیا میں سخي اور شوم کا نام ہي ره جاتا ہی ․

نقل ۵۸

مفت برانے مال کے کھانے والے دلي کے بانکے مشہور ہیں * ایکدن کوئي بانکا کسي حلوائي کي دوکان کے سونہیں جا کھڑا ہوا اور لگا اسکي متهائي کي طرف آنکهه پهاڑ پهاڑ دیکھنے * وه بولا دیکھتے کیا ہو صاحب ـ اسنے ایک

huzar huzar roopy sudqe hyn." Wuzeer ne *oo*see din nu k,hoojlane walo*n* ko juwab dee,a uor k,hoojlane walo*n* ka durmaha doona kee,a.

Sutawunwee*n* Nuql.

Ek ku*ror*-putee bu*r*a bukheel t,ha. *Oo*ske g,hur me*n* k*oo*ch,h shadee a,ee to *oo*sne upne bawurchee o bukawulo*n* ko b*oo*lakur kuha ki "Ek ser kee soluh ro*t*ee puka,o uor do ke age ek ruk,ho, is me*n* k,hawe so k,hawe buche so band,h le jawe hurgah kisee ko munu nu kuro." We bole "buh*oo*t khoob." Yih bat soonkur ko,ee *oo*nka ashna bola ki "B,ha,ee sa*h*ib! yih shadee ya loo*t*a loo*t*." Juwab dee,a ."Bundu,e durgah! jub kurte hy*n* tub loo*t*a loo*t* hee kurte hy*n*. T*oo*mne yih musul nuhee*n* soonee? Kya le gy,e Sher Shah? kya le gy,e Suleem Shah? D*oo*nya me*n* sukhee uor shoom ka nam hee ruh jata hy.

U*t*,hawunwee*n* Nuql.

M*oo*ft birane mal ke k,hane wale Dillee ke banke mush,hoor hy*n*. Ek din ko,ee banka kisee *h*ulwa,e kee d*oo*kan ke so*n*hee*n* ja k,hu*r*a hoo,a uor luga *oo*skee mi*t*,ha,ee kee turuf ank,h p,ha*r* p,ha*r* dek,hne. W*oo*h bola

مٹھائي کي طرف اشارہ کرکے پوچھا یہہ کیا ہی * اسنے
کہا کھا جا ۔ اتني بات کے سنتے ہی یہہ جھٹ تھال اٹھا
اس کي سب مٹھائي کھا گیا اور لگا کچھہ نقد مانگنے اور
کہنے که میں نے تیرا حکم بجا دیا اس کا محنتانه مجھے
دے * ندان دھمکا دھمکوکے اس نے ایک رپیا لے ہي کے
چھوڑا تب کئي ایک آدمیوں نے آکے حلوائي سے پوچھا
که میاں یہہ کیا معامله تھا کہہ تو سہي ۔ بولا صاحب کہوں
کیا اپنا سر یہہ وہي مثل ہی جو کانوں سنتے تھے سو
آنکھوں دیکھي که الٹا چور کتوالے ڈانڈے

نقل ۵۹

ایک گسانئیں اپنے چیلے کو ساتھہ لے کسي شہر سے تیرتھہ
کرنے کو نکلا اور چلا چلا ایک گاوں میں پہنچا * تب
اسنے چیلے کے ہاتھہ بازارسے کچھہ کھانے پینے کا سرانجام
منگوایا * چیلا جو بازارمیں جا کے دیکھے تو سب جنس
ایک ہي بھاؤ ہی وہ مارے خوشي کے گھي چیني اور میدا
لے آیا اور ملیدا بنا جلدي سے گروکے آگے لا رکھا * گرو
نے پوچھا بابا آج کیا ہی جو تو نے چورما بنایا ۔ بولا مہا
راج یہاں سب چیز ایک ہي بھاو ہی ۔ اس لئے میں نے
ملیدا ہي کیا ۔ یہہ سن گسانئیں نے چیلے سے پوچھا اس

" dek,hte kya ho sa*h*ib?" Isne ek mi*t*,ha,ee kee turuf isharu kurke pooch,ha " yih kya hy? *Oo*sne kuha " k,ha ja." Itnee bat ke s*oo*nte heè yih j,hu*t* t,hal *oot*,ha *oo*skee sub mi*t*,ha,ee k,ha gy,a uor luga koo*ch*,h nuqd mangne uor kuhne ki " my*n* ne tera *hoo*km buja dee,a, iska mih nutanu m*oo*j,he de." Nidan d,humka d,humkooke *oo*s ne ek r*oo*pee,a le hee ke ch,ho*r*a. Tub ku,ee ek admee *on* ne ake *h*ulwa,ee se pooch,ha ki " Mee,a*n*, yih kya m*oo*,*a*mulu t,ha? kuh to suhee." Bola " sa*h*ib kuhoo*n* kya? upna sir yih w*oo*hee musul hy, jo kano*n* s*oo*nte t,he so ank,ho*n* dek,hee ki " *Oolta* chor K*oo*twale *d*an*de*."

*Oo*nsu*t*,hwee*n* Nuql.

Ek *goosaneen* upne chele ko sat,h le kisee shuhr se teerut,h kurne ko nikla uor chula chula ek ga,*on* me*n* puh*oo*ncha. Tub *oo*sne chele ke hat,h bazar se k*oo*ch,h k,hane peene ka surunjam mungwa,e,a. Chela jo bazar me*n* jake dek,he to sub jins ek hee b,ha,o hy. W*oo*h mare kh*oo*shee ke g,hee, cheenee uor myda le a,e,a uor muleeda buna juldee se g*oo*roo ke age la ruk,hk,ha. G*oo*roo ne pooch,ha " Baba, aj kya hy jo too ne choorma buna,e,a?" Bola " Muha Raj! yuha*n* sub cheez ek hee b,ha,o hy, is lee,e my*n* ne muleeda hee kee,a." Yih

گاوں کا نام کیا ہی - بولا ہر بھوم پور - کہا یہاں سے ابھی چلو نہیں تو کیا جانئے کس بلا میں پڑیں - چیلے نے جواب دیا میں تو اس شہر سے نجاؤنگا آپ کا جي چاہے تو تیرتھہ جاترا کر آئے * ندان گسائنیں اکیلا گیا اور چیلا وہاں رہا * برس ایک میں وہ کھا پي کر ایسا موٹا ہوا کہ پہچانا نجاتا تھا * ایک روز کوئي چور چوري کرتے پکڑا گیا - راجا کے یہاں سے اسے سولي دینے کا حکم ہوا * کوتوال اس چور کو سولي کے پاس لیجاکر کیا دیکھتا ہی کہ چور دبلا اور سولي موٹي ہی - یہہ خبر راجا سے جا کہي - راجا نے فرمایا کسي موٹے کو پکڑ کر سولي دو اور چور کو چھوڑ دو * راجا کا حکم ہوتے ہي کوتوال اس گسائیں کے چیلے کو سب سے موٹا دیکھہ پکڑ کر سولي کنے پاس لے گیا اور چاہے کہ اسے سولي پر چڑھاوے کہ اس میں خدا کا چاہا وہ گسائیں بھي وہاں آ پہنچا اور اپنے چیلے کو سولي دیتے دیکھہ بولا او بابا کوتوال تو اسے سولي ندے - اس کے بدل مجھے دے * کوتوال نے پوچھا کیوں - گسائیں نے کہا اس سولي پر جو چڑھیگا سو سورگ کا راجا ہوگا - اسي دن کے لئے میں بارہ برس کي عمر سے جوگ کماتا تھا سو دن بھگوان نے آج دکھایا اور میرا منورتھہ پورا کیا * کوتوال بولا تجھے کیوں سولي دونگا میں ہیں اس سولي پر چڑھونگا کوتوال کے سولي

s*oo*n *goosaˌeen* ne chele se poochˌha " is gaˌo*n* ka nam kya hy? Bola " Hur-bˌhoom-poor." Kuha " yuha*n* se ubˌhee chulo nuhee*n* to kya janeeˌe kis bula me*n* pu*r*e*n*." Chele ne juwab deeˌa " My*n* t*o* is shuhr se nu jaˌoo*n*ga. Ap ka jee chahe to teerutˌh-jatra kur aˌeeˌe." Nidan g*oo*saˌee*n* ukela gyˌa uor chela wuha*n* ruha. Burus ek me*n* wooh kˌha peekur ysa mo*t*a hooˌa ki puchana nu jata tˌha. Ek roz koˌee chor choree kurte puk*r*a gyˌa. Raja ke yuha*n* se *oo*se soolee dene ka *hoo*km hooˌa. Kotwal *oo*s chor ko soolee ke pas le jakur kya dekˌhta hy? Ki chor d*oo*bla uor soolee mo*t*ee hy. Yih khubur Raja se ja kuhee. Raja né furmaˌeˌa ki " kisee mo*t*e ko puku*r*kur soolee do." Uor chor ko chˌho*r* do." Raja ka *hoo*km hote hee Kotwal *oo*s *goo*saˌee*n* ke chele ko sub se mo*t*a dekˌh puku*r*kur soolee ke pas le gyˌa uor chahe ki *oo*se soolee pur chu*r*ˌhawe ki is me*n* Kh*oo*da ka chaha wooh *goo*saˌee*n* bˌhee wuha*n* apuh*oo*ncha uor upne chele ko soolee dete dekˌh bola " o baba Kotwal! too ise soolee nu de. Is ke budul m*oo*jˌhe de." Kotwal ne poochˌha " ky*oo*n?" G*oo*saˌee*n* ne kuha " is soolee pur jo chu*r*ˌhega so Swurg ka Raja hoga. Isee din ke leeˌe my*n* baruh burus kee *o*mr se jog kumata tˌha so din Bˌhugwan ne aj dikˌhaˌeˌa uor mera munorutˌh poora keeˌa." Kotwal bola " t*oo*jˌhe ky*oo*n soolee doonga? My*n* hee*n* is

چڑھنے کي خبر پاکر صوبے نے کہا تو بچڑھہ میں چڑھونگا - صوبے کي خبر پاکر دیوان نے کہا میں چڑھونگا * آخر اسي طرح بحثا بحثي کرتے وہاں کا راجا ہي سولي پرچڑھہ مرا * تب اس گسائیں نے چیلے سے کہا کہوں میں تجھے نہ کہتا تھا کہ یہاں نہ رہ اب بھي رہیگا - بولا مہا راج میري وہي مثل ہی کہ بھولے بنئے بھیڑ کھائي پھیر کھاے تو رام دہائي * یہہ کہہ وہ اسي وقت گرو کے ساتھہ وہاں سے نکل کھڑا ہوا

نقل ٦٠

ایک سپاہي لکھا پڑھا دنیا داري کے کار و بار سے خفا ہوکر فقیر ہو گیا اور لگا ملک بملک پھرنے * کسي شہر کے دروازے کي اوپرلي چوکھٹ میں کچھہ لکھا تھا سو لگا بانچنے - اس میں اس نے ایک کونے میں لکھا دیکھا کہ ہمت مرداں مدد خدا - اس عبارت کے پڑھتے ہي خفا ہو بولا کہ جس شہر کے دروازے پر یہہ جھوٹھہ لکھا ہی اس کے اندر نہ جانئے کیا کچھہ ہوگا * یہہ کہہ شہر میں نجا الٹا پھرا اور کتني ایک دور جاکر آپ ہي آپ سوچا کہ میں نے بنا آزماے کسي کے لکھے کو جھوٹھہ کہا یہہ بڑي بے انصافي کي * اتنا سمجھہ پھر پھرا اور یہہ ارادہ کر بوریا

soolee pur chur͵hoonga." Kotwal ke soolee chur͵hne kee khubur pakur Soobe ne kuha "too nu chur͵h, myn chur͵hoonga." Soobe kee khubur pakur Deewan ne kuha "myn chur͵hoonga." Akhir isee turuh buhsa buhsee kurte wuhan ka Raja hee soolee pur chur͵h mura. Tub oos goosa͵een ne chele se kuha "kyoon, myn toojʹhe nu kuhta tʹha ki yuhan nu ruh, ub bʹhee ruhega?" Bola "Muha Raj! meree woohee musul hy ki "Bʹhoole bunee͵e bʹher kʹha͵ee, pʹher kʹha͵e to Ram dooha͵e." Yih kuh wooh oosee wuqt gooroo ke satʹh wuhan se nikul kʹhura hoo͵a.

Satʹhween Nuql.

Ek sipahee likʹha purʹha doonya-daree ke kar-o-bar se khufa hokur fuqeer ho gy͵a uor luga moolk bu moolk pʹhirne. Kisee shuhr ke durwaze kee oopurlee chuokʹhut men koochʹh likʹha tʹha so luga banchne. Is men oos ne ek kone men likʹha dekʹha ki "Himmuti murdan mududi Khooda." Is ibarut ke purʹhte hee khufa ho bola ki "jis shuhr ke durwaze pur yih jʹhootʹh likʹha hy, ooske undur nu janee͵e kya koochʹh hoga?" Yih kuh shuhr men nu ja oolta pʹhira uor kitnee ek door jakur ap hee ap socha ki "myn ne bina azma͵e kisee ke likʹhe ko jʹhootʹh kuha, yih buree be-insafee kee." Itna sumujʹh pʹhir

بیٹھا اسي دروازے میں جا بیٹھا کہ اس شہر کے بادشاہ
کي بیٹي کو میں بیاہونگا - اس میں اسے وہاں تین دن
بن دانا پاني کے گذرے - درمیان اس کے اس نے نہ کسو
سے بات کہي نہ کچھہ کہایا بلکہ شہر کے لوگوں نے کھلانے
پلانے کا بہت قصد کیا پر اس نے انہیں کچھہ جواب ہي
ندیا * یہہ خبر وہاں کے بادشاہ کو پہنچي - شاہ نے وزیر
کو بلاکر فرمایا کہ اسي وقت تو جا کے فقیر کو جو مانگے
سو دے کر کھلا پلا رخصت کر آ * شاہ کے فرماتے ہي وزیر
نے فقیر سے جاکے کہا کہ شاہ صاحب حضور کا حکم مجھے
یوں ہی کہ جو فقیر کا سوال ہو سو پورا کر آ - جو آپ
کو مطلوب ہی سو فرمایے بندہ لا حاضر کرے * فقیر نے
کہا میں بادشاہ کي بیٹي سے شادي کرونگا تو مجھے لا دے
سوا اس کے مجھے اور کچھہ نہیں چاہئے * اسبات کے
سنتے ہي وزیر لا جواب ہو پھرکر بادشاہ کے پاس پہنچا
شاہ نے کہا کیوں فقیر کو رخصت کر آیا - عرض کي جہاں
پناہ جو فقیر نے بات کہي ہی تقصیر معاف غلام زبان
پر نہیں لا سکتا - حضرت نے فرمایا کہ لکھہ کر دے - اس
نے ان کے فرمانے سے اس کا سوال لکھہ کر گذرانا - شاہ
نے سوچ سمجھہ کے کہا کہ کچھہ مضایقہ نہیں اس سے
کہو سوا سیر ان بیندھے موتي لے آ تیري شادي شاہزادي

p,hira uor yih iradu kur boree,a bich,ha *oo*see durwaze me*n* ja by*t*,ha ki "is shuhr ke Badshah kee be*t*ee ko my*n* be,ahoonga." Is me*n* *oo*se wuha*n* teen din bin dana panee ke g*oo*zre. Durmee,an is ke *oo*sne nu kisoo se bat kuhee nu k*oo*ch,h k,ha,e,a bulki shuhr ke logo*n* ne k,hilane pilane ka buh*oo*t qusd kee,a pur is ne *oo*nhe*n* k*oo*ch,h juwab hee nu dee,a. Yih khubur wuha*n* ke Badshah ko puh*oo*nchee. Shah ne Wuzeer ko b*oo*lakur furma,e,a ki "isee wuqt too jake fuqeer ko jo mange so dekur k,hila pila r*oo*khsut kur a." Shah ke furmate hee Wuzeer ne fuqeer se jake kuha ki "Shah sa*h*ib! *Hoo*zoor ka *h*ookm m*oo*j,he yoo*n* hy "ki jo fuqeer ka suwal ho so poora kur a." Jo Ap ko mutloob hy so furma,ee,e, bundu la *h*azir kure." Fuqeer ne kuha "My*n* Badshah kee be*t*ee se shadee kur*oo*nga, too m*oo*j,he la de. Siwa,e iske m*oo*j,he uor k*oo*ch,h nuhee*n* chahee,e." Is bat ke s*oo*nte hee Wuzeer la juwab ho p,hirkur Badshah ke pas puh*oo*ncha. Shah ne kuha "kyoo*n*! fuqeer ko r*oo*khsut kur a,e,a?" *U*rz kee "Juha*n* Punah! jo fuqeer ne bat kuhee hy, tuqseer m*oo*,*a*f, gh*oo*lam zuban pur nuhee*n* la sukta." *H*uzrut ne furma,e,a ki "lik,h kur de." Isne *oo*nke furmane se *oo*ska suwal lik,h kur g*oo*zurana. Shah ne soch sumuj,hke kuha ki "k*oo*ch,h m*oo*zayuqu nuhee*n*. *Oo*sse kuho suwa ser unbend,he motee le a teree shadee Shahzadee se hogee. Badshaho*n*

سے ہوگي - بادشاہوں کے یہاں یہہ رسم ہی کہ سوا سیر ان بیندھے موتیوں سے شوہر دلہن کي گود بھرے * وزیر نے پھرجا فقیر سے بادشاہ کي کہي بات کہي - وہ بہت خوب کہہ بوریا بدھنا باندھہ موتي لینے سمندر کي طرف گیا اور وزیر شاہ کے پاس آیا - اس وقت شاہ نے فرمایا کہ جو وہ فقیر صاحب کمال ہوگا تو موتي لاویگا نہیں آپ ہي چلا جاویگا اور جو صاحب کرامات ہی تو اسے بیٹي دینے میں ہمیں کچھہ ننگ نہیں کیونکہ وسکا مرتبہ ہم سے اعلیٰ ہی - وہ جسے چاہے بات کي بات میں بادشاہت بخش دے * القصہ وہ فقیر سمندر کے کنارے پہنچ کمر باندھہ بدھنا ہاتھہ میں لے لگا پاني الیچنے جب دن رات الیچتے الیچتے اسے چوبیس پہر گذرے تب سمندر نے آدمي کي صورت بن آنکے پوچھا کہ فقیر تو کیوں دریا کا پاني نکال نکال پھینکتا ہی - بولا پاني الیچکے سوا سیر موتي لونگا - جواب دیا تجھے سوا سیر موتي ملے تب تو پاني نہ الیچیگا - کہا نہیں - بولا آنکھہ موند میں تجھے موتي دیتا ہوں - اس نے آنکھہ بند کي اس نے بہت ہي بڑے بڑے سوا سیر کورے موتي لا اسکے ہاتھہ دئے یہہ لے دعا دے پھر اسي دروازے میں آ بیٹھا بادشاہ کو خبر ہوئي - شاہ نے وزیر کو بھیج اسے حضور میں بلوایا

ke yuha*n* yih rusm hy ki suwa ser unbend,he motee,o*n* se shouhur d*oo*l,hun kee god b,hure." Wuzeer ne p,hir ja fuqeer se Badshah kee kuhee bat kuhee. W*oo*h buh*oo*t khoob kuh boree,a bud,hna band,h motee lene sum*oo*ndur kee turuf gy,a uor Wuzeer Shah ke pas a,e,a. *Oo*s wuqt Shah ne furma,e,a ki "jo w*oo*h fuqeer sa*h*ibi kumal hoga to motee lawega, nuhee*n*, ap hee chula jawega uor jo sa*h*ibi kuramat hy to *oo*se be*t*ee dene me*n* hume*n* k*oo*ch,h nung nuhee*n* kyoonki viska murtubu hum se *a*la hy. W*oo*h jise chahe bat kee bat me*n* badshahut bukhsh de." Ulqissu w*oo*h fuqeer sum*oo*ndur ke kinare puh*oo*nch kumur band,h bnd,hna hat,h me*n* le luga panee *oo*leechne. Jub din rat *oo*leechte *oo*leechte *oo*se chuobees puhur g*oo*zre tub sum*oo*ndur ne admee kee soorut bun anke pooch,ha ki "fuqeer too kyoo*n* durya ka panee nikal nikal p,henkta hy?" Bola "panee *oo*leechke suwa ser motee loonga." Juwab dee,a "tooj,he suwa ser motee mile tub to panee nu *oo*leechega?" Kuha "nuhee*n*" Bola "ank,h moond, my*n* t*oo*j,he motee deta hoo*n*." Is ne ank,h bund kee. *Oo*s ne buh*oo*t hee bu*r*e bu*r*e suwa ser kore motee la iske hat,h dee,e, yih le d*oo*,*a* de p,hir *oo*see durwaze me*n* a by*t*,ha. Badshah ko khubur hoo,ee. Shah ne Wuzeer ko b,hej *oo*se *h*oozoor me*n*

اور تعظیم توضع کر مسند پر بتھایا * غرض جب شاهزادي
کو اس کے سونهیں کهڑا کیا تب فقیر نے موتي کي پوتلي
جهولي سے نکال اتنا کهه اسکے هاتهه دي که بهینا لے - اس
بات کے سنتے هي بادشاه نے دانتوں میں انگلي دے کها
- شاه صاحب تم نے کیا کها - بولا بابا سچ کها - پهر بادشاه
نے پوچها که تمهارا سوال کیا تها - جواب دیا بابا سوال
جواب کچهه نه تها فقیر کو ایک بات کا امتحان کرنا منظور
تها سو کیا - تیرے شهر کے دروازے پر لکها هی که همت
مردان مدد خدا سو فقیر کے گمان میں جهوتهه آیا تها سو
نهیں کسي نے سچ لکها هی * اتنا کهه فقیر وهاں سے روانه هوا

نقل ٦١

ایک کایتهه نے گانے بجانے کي صحبت میں کسي گویے
سے یهه شعر سنا *
عشق کیا شی هی کسي کامل سے پوچها چاهئے * تبهي
سے وه صاحب کمال کي تلاش میں تها که ایک گسائئیں
اسے ملا - ان نے دندوت کر اس سے پوچها که مها راج
عشق کیا شی هی مجهے دیا کر بتائے * اس کي بات سن
اسنے کها بابا میں نے تو اپنے گردیؤ کے مکهه سے یوں
سنا هی

boolwa,e,a uor tazeem tuwazo kur musnud pur bit,ha,e,a. Ghuruz jub Shahzadee ko ooske sonheen k,hura kee,a tub fuqeer ne motee kee potlee j,holee se nikal itna kuh ooske hat,h dee ki "b,hena le." Is bat ke soonte hee Badshah ne danton men oonglee de kuha "Shah sahib! toom ne kya kuha?" Bola "baba such kuha." P,hir Badshah ne pooch,ha ki "toomhara suwal kya t,ha?" Juwab dee,a "Baba suwal juwab kooch,h nu t,ha fuqeer ko ek bat ka imtihan kurna munzoor t,ha so kee,a. Tere shuhr ke durwaze pur lik,ha hy ki "Himmuti murdan muddudi Khooda" so fuqeer ke gooman men j,hoot,h a,e,a t,ha so nuheen kisee ne such lik,ha hy." Itna kuh fuqeer wuhan se ruwanu hoo,a.

Eksut,hween Nuql.

Ek kayut,h ne gane bujane kee soohbut men kisee guwy,ye se yih shiar soona.

"Ishq kya shy hy kisee kamil se pooch,ha chahee,e." Tub,hee se wooh sahibi kumal kee tulash men t,ha ki ek goosa,een ise mila. In ne dundwut kur oos se pooch,ha ki "Muha Raj! Ishq kya shy hy? mooj,he dy,a kur buta,ee,e." Is kee bat soon oosne kuha "Baba, myn ne to upne Goorde,o ke mook,h se yoon soona hy.

Q

عشق اسي کي چهلک هی جوں سورج کي دهوپ
جہاں عشق ہی تہاں آپ ہي قادر نادر روپ

نقل ٦٢

ایک دن عالمگیر بادشاه کو کسي نے عرضي دي که جہاں پناه آپ کي بادشاہت میں دلال دن دهولے بیچ بازار کے رعیت کو لوٹتے ہیں - مال کسي کا لے کوئي وے درمیان دو آنے رپیه لیتے ہیں * عرضي کے پڑهتے ہي بادشاه نے سارے شہر کے دلالوں کو پکڑوا منگوایا اور پوچها که تم کس بات کي کوڑي کهاتے ہو - عرض کي جہاں پناه بازار میں کوئي چیز آوے پہلے ہم اس کا مول تول کر دیتے ہیں تب خریدار لیتے ہیں - اسي بات کي کمائي کهاتے ہیں * شاه نے فرمایا ہمارا مول تول کر دو تو تو خیر نہیں تو سب کو شہر سے نکال دونگا * اتني بات کے سنتے ہي ان میں جو چودهري تها سو بانت کانتا لے آگے بڑهه بیٹها اور لگا ادهر ادهر نکتي میں بانت ڈال تولنے - اس میں کچهه دیر ہوئي تو بادشاه نے کہا کهتا کیوں نہیں گهڑي گهڑي تولتا کیا ہی - اس نے ہاتهه باندهه کهڑے ہو جواب دیا که پیر مرشد آپ تول میں تو جتنے سب آدمي ہیں وتنے ہي ہو پر مول میں نہیں کہه سکتا کیوں که ایک رتي مجهے

*I*shq *oo*see kee j,huluk hy j*on* sooruj kee d,hoop
Juha*n* *i*shq hy tuha*n* Ap hee qadir nadir roop

Basu*t*,hwee*n* Nuql.

Ek din *A*lumgeer Badshah ko kisee ne *u*rzee dee ki "Juha*n* Punah! Ap kee badshahut me*n* dullal din d,hole beech bazar ke ru,*ee*yut ko loo*t*te hy*n*, mal kisee ka le ko,ee we durmee,a*n* do ane r*oo*pee,u lete hy*n*." *U*rzee ke pu*r*,hte hee Badshah ne sare shuhr ke dullalo*n* ko puku*r*wa mungwa,e,a uor pooch,ha ki "t*oo*m kis bat kee kuo*r*ee k,hate ho? *U*rz kee "Juha*n* Punah! bazar me*n* ko,ee cheez awe, puhle hum *oo*ska mol tol kur dete hy*n* tub khureedar lete, hy*n*. Isee bat kee kuma,ee k,hate hy*n*." Shah ne furma,e,a "Humara mol tol kur do tuo to khyr nuhee*n* to sub ko shuhr se nikal doonga." Itnee bat ke s*oo*nte hee *oo*n me*n* jo chuod,hree t,ha so ban*t* kan*t*a le age bu*r*,h by*t*,ha uor luga id,hur *oo*d,hur niktee me*n* ban*t* *d*al tolne. Is me*n* k*oo*ch,h der hoo,ee to Badshah ne kuha "kuhta ky*oo*n nuhee*n*? g,hu*r*ee g,hu*r*ee tolta kya hy?" *Oo*sne hat,h band,h k,hu*r*e ho juwab dee,a ki "Peer M*oo*rshid! Ap tuol me*n* to jitne sub admee hy*n* witne hee ho, pur mol me*n* nuhee*n* kuh sukta ky*oo*n ki ek ruttee m*oo*j,he nuhee*n* miltee jo ruttee

نهیں ملتي جو رتي ہاتھہ لگتي تو وہ بھي کہہ دیتا * اس لطیفے کے سنتے ہي بادشاہ نے ان سب کو پان دے یہہ کہہ چھوڑ دیا کہ دلالي کھانا تمھارا حق ہی شوق سے کھاؤ اور عرضي دینے والے کو نکال دیا

نقل ۶۳

ایک متھرا کا چوبے کہیں بیل پر سوار پوریاں کھاتا چلا جاتا تھا کسي کانھہ کبجے پنڈت نے دیکھکر طعن کي راہ سے پوچھا کہ چوبے جي تم چوکے میں نہ بیٹھہ بیل پر بیٹھے پوریاں کھاتے جاتے ہو سو اس کا پرمان کہا ہی - جواب دیا کہ پرسدھہ کو پرمان کچھو ناہیں جاہیت - بولا سو کہا - اس نے کہا کہ چوکا یا ہي کے مارگ سوں نکسیو ہی * اسبات کے سنتے ہي وہ پنڈت ہنسکر رہ گیا

نقل ۶۴

ایک سپاہی بڑا جواري تھا جب جیتتا تب مارے خوشي کے ایسا غافل ہو جاتا کہ کوئي اس کے پہرنے کے کپڑے بھي اتار لیتا تو بھي اسے معلوم نہ ہوتا اسي امید سے دس پانچ شہدے ہر وقت اسکے ساتھہ لگے رہتے اور جد قابو پاتے تد اس کا مال اڑاتے * ایک روز وہ کسي غیر محفل

hat,h lugtee to *woo*h b,hee kuh deta." Is luteefe ke *soo*nte hee Badshah ne *oo*n sub ko pan de yih kuh ch,ho*r* dee,a ki "dullalee k,hana *too*mhara huqq hy shouq se k,ha,o uor *ur*zee dene wale ko nikal dee,a.

Tirsu*t*,hwee*n* Nuql.

Ek Mut,hra ka chobe kuhee*n* byl pur suwar pooree,a*n* k,hata chula jata t,ha. Kisee kan,h k*oo*bj pun*d*it ne dek,hkur *ta*n kee rah se pooch,ha ki "Chobe jee *too*m choke me*n* nu by*t*,h byl pur by*t*,he pooree,a*n* k,hate jate ho so is ka purman kya hy? Juwab dee,a ki "pur-sid,h ko purman k*oo*choo nahee*n* chahee*too*." Bola "so kya?" *Oo*sne kuha ki "chouka yahee ke marug so*n* niksee,oo hy." Is bat ke *soo*nte hee *woo*h pun*d*it hu*n*skur ruh gy,a.

Chuosu*t*hwee*n* Nuql.

Ek sipahee bu*r*a joo,aree t,ha, jub jeetta tub mare kh*oo*shee ke ysa ghafil ho jata ki ko,ee *oo*ske puhurne ke kup*r*e b,hee *oo*tar leta to h,hee *oo*se m*a*loom nu hota. Isee *oo*mmed se dus panch sh*oo*hde hurwuqt *oo*ske sat,h luge ruhte uor jud qaboo pate tud *oo*ska mal *oor*ate. Ek roz *woo*h kisee ghyr mu*h*fil me*n* joo,a k,helne ko gy,a uor

مین جوا کھیلنے کوگیا اور لگا جیت جیت رہی اپنے آگے سے پیچھے کھسکانے اور اسکے ساتھہ کے لقندرے لگے اڑانے اسمین کسي نے دیکھکر ایک سے کہا کہ دیکھو کسي کي کوڑي کوئي اڑاوے - دوسرے نے جواب دیا کیا تم نے یہہ مثل نہیں سني جو تعجب کرتے ہو کہ اندھي پیسے کتا کھاے پاپي کا مال اکارتھہ جاے

نقل ١٥

شاہ جہاں بادشاہ نے دیوان خاص سے لے قلعے کے صدر دروازے تک ایک رسا بندھوا دیا تھا اور اس میں کھنتا لیاں گنتھوا چھوڑ اس کا بیچ بازار میں ڈلوا دیا تھا - اس واسطے کہ جو کوئي فریادي آوے سو اس رسے کو کھینچے - گھنتالیاں باجیں اور فریادي کي فریاد حضور میں بیوسیلے پہنچے * ایک روز کسي سقے کا بیل معہ بھري پکھال اس رسے کے پاس آن کر کھڑا ہوا - سقا کسي کے یہاں مشک ڈالنے گیا تھا - بیل نے رسے سے سر کھجلایا اس کے سینگ کا جھٹکا جو لگا ایک بارگي سب کھنتالیاں باج اتھیں - سنتے ہي شاہ نے فرمایا دیکھو کون ہی - لوگوں نے جھٹ خبر دي کہ پیر مرشد اور تو کوئي نہیں ایک بہشتي کا بیل ہی - حکم کیا کہ اسے اس کے مالک سمیت لے آؤ - لوگ نے

luga jeet jeet *roo*py upne age se peech,he k,hiskane uor *oo*ske sat,h ke *loo*qundure luge *oor*ane, is me*n* kisee ne dek,hkur ek se kuha ki "dek,ho kisee kee kuo*r*ee ko,ee *oor*awe." Doosre ne juwab dee,a "kya t*oo*m ne yih mu-sul nuhee*n* s*oo*nee jo tu,*u*jj*oo*b kurte ho? ki "und,hee peese k*oo*tta k,ha,e, papee ka mal ukarut,h ja,e.

Py*n*su*t*,hwee*n* Nuql.

Shah Juha*n* Badshah ne deewani khas se le qul*u*,e ke sudur durwaze tuk ek russa bund,hwa dee,a t,ha uor *oo*s me*n* g,hun*t*alee,*an* gunt,hwa ch,hor *oo*ska beech bazar me*n* *d*ulwa dee,a t,ha, is waste ki jo ko,ee furee,adee awe so *oo*s russe ko k,hynche g,hun*t*alee,*an* baje*n* uor furee adee kee furee,ad *hoo*zoor me*n* be wuseele puh*oo*nche. Ek roz kisee suqqe ka byl m*y* b,huree puk,hal *oo*s russe ke pas ankur k,hu*r*a hoo,a suqqa kisee ke yuha*n* mushk *d*alne gy,a t,ha, byl ne russe se sir k,h*oo*jla,e,a, *oo*ske seeng ka j,hu*t*ka jo luga ek bargee sub g,hun*t*alee,*an* baj *oot*,hee*n*. S*oo*nte hee Shah ne furma,e,a "dek,ho kuon hy." Logo*n* ne j,hu*t* khubur dee ki "Peer M*oo*rshid, uor to ko,ee nuhee*n* ek bihishtee ka byl hy." *Hoo*km kee,a ki "*oo*se *oo*ske malik sumet le a,o." Log filfuor

الفور لے گئے * شاہ نے فرمایا کہ اسکي پکھال کا پاني تولو
کہ کتنا ہی - تولکر عرض کي کہ جہاں پناہ ساڑھے پانچ
من ہی - سنتے ہي بادشاہ نے حکم کیا کہ آج سے ساڑھے
تین من پاني سے زیادہ شہر میں کوئي پکھال نہ بناوے *
اسي وقت منادي پھر گئي - تبھي سے ساڑھے تین من
پاني سے زیادہ پکھال نہیں بنتي

نقل ٦٦

دو دلي کے بانکے برانے مال کے ارانے کھانے والے کسي
مکان سے یہہ منصوبہ کرکے اتھے کہ آج بازار میں چلکر
بن کوڑي پیسے مفت کي متھائي کھایا چاہئے - اور آگے
پیچھے ہو بازارمیں پہنچے * ایک تو جاتے ہي رپے کي
متھائي تلوا لگا حلوائي کي دوکان پر بیتھہ کھانے اور دوسرے
نے اسي حلوائي سے آتھہ آنے کي متھائي اور ادھیلي
کے تکے لے اپني راہ لي - حلوائي نے دوڑکر اس کا دامن
پکڑا اورکہا میرا رپیا دو - وہ بولا میں دے چکا ہوں - اس
میں دونوں سے رد بدل ہونے لگي اور بہت سے لوگ جمع
ہو گئے تب اس بانکے نے کہا کہ میں نے ایک بھلے
آدمی کے دیکھتے اسے رپیا دیا ہی نہ مانے چلکر پچھوا

le gy,e. Shah ne furma,e,a ki "iskee puk,hal ka panee tolo ki kitna hy." Tolkur *u*rz kee ki "Juha*n* Punah! sa*r*,he panch mun hy." S*oo*nte hee Badshah ne *h*ookm kee,a ki "aj se sa*r*,he teen mun panee se zee,adu shuhr me*n* ko,ee puk,hal nu bunawe." *Oo*see wuqt m*oo*nadee p,hir gy,ee tub,hee se sa*r*,he teen mun panee se zee,adu puk,hal nuhee*n* buntee.

Ch,he,asu*t*,hwee*n* Nuql.

Do Dillee ke banke birane mal ke *oo*rane k,hane wale kisee mukan se yih munsoobu kurke *oot*,he ki "aj bazar me*n* chulkur bin kuoree pyse m*oo*ft kee mi*t*,ha,ee k,ha,e,a chahee,e" uor age peech,he ho bazar me*n* puh*oo*nche. Ek to jate hee r*oo*py kee mi*t*,ha,ee t*oo*lwa luga *h*ulwa,ee kee dookan pur by*t*,h k,hane uor doosre ne *oo*see *h*ulwa,ee se a*t*,h ane kee mi*t*,ha,ee uor ud,helee ke *t*uke le upnee rah lee. *H*ulwa,ee ne duo*r* kur *oo*ska damun puk*r*a uor kuha "mera r*oo*py,ya do." W*oo*h bola "my*n* de chooka hoo*n*." Is me*n* dono*n* se rud budul hone lugee uor buh*oo*t se log jum*u* ho gy,e. Tub *oo*s banke ne kuha ki "my*n* ne ek b,hule admee ke dek,hte ise r*oo*py,ya dee,a hy, nu mane chulkur p*oo*ch,hwa doon." Logo*n* ne

دوں - لوگوں نے کہا اچھا تو کہتا ہی تو دوکان پر کیوں نہیں لیجاتا * لوگوں کے کہے سنے سے حلوائي نے دوکان پرجا اس مٹھائي کھانے والے سے پوچھا که میاں صاحب آپ سچ کہئے اسنے مجھے رپیا کب دیا ہی - وہ بولا ابے انھوں نے تو رپیا میں دیکھتے دیا ہی پر کہیں میرا رپیا نه بھول جائیو * یہه کہه وے دونوں اسے احمق بنا مٹھائي کھا چلے گئے اور وہ بچارا رو جھینکھه کر بیٹھه رہا

نقل ٦٧

کسي دن تلسي داس گسائیں کتنے ایک آدمیوں کے بیچ کہیں بیٹھے کہان چرچا کرتے تھے - اس میں اس راہ سے کسیکي برات آ نکلي - اس کے باجے کي آواز سن سب کے من دچتے ہوے تب تلسي داس ہنسے - ان کو ہنستا دیکھه ون میں سے کسي نے پوچھا - مہا راج آپ کیا دیکھکر ہنسے - جواب دیا دنیا کي بھول دیکھکے - بولا سو کیا - اوتر دیا

بھولے پھرت ہیں آج ہمارو بیاہ
تلسي گاے بجاے کے دیت کاتھه میں پاے

kuha "uchch,ha to kuhta hy too dookan pur kyoo*n* nuhee*n* le jata?" Logo*n* ke kuhe-s*oo*ne se *h*ulwa,ee ne dookan pur ja *oo*s mi*t*,ha,ee k,hane wale se pooch,ha ki "mee,a*n* sa*h*ib, Ap such kuhee,e isne m*oo*j,he r*oo*py,ya kub dee,a hy? W*oo*h bola "ube! *oo*nho*n* ne to r*oo*py,ya mere dek,hte dee,a hy pur kuhee*n* mera r*oo*py,ya nu b,hool ja,ee,o." Yih kuh we dono*n* *oo*se u*h*muq buna mi*t*,ha,ee k,ha chule gy,e uor w*oo*h bichara ro j,heenk,h kur by*t*,h ruha.

Sutsu*t*,hwee*n* Nuql.

Kisee din T*oo*lsee Das g*oo*sa,ee*n* kitne ek admee,o*n* ke beech kuhee*n* by*t*,he gyan churcha kurte t,he. Is me*n* *oo*s rah se kisee kee burat a niklee. *Oo*s ke baje kee awaz s*oo*n sub ke mun d*oo*chitte hoo,e, tub T*oo*lsee Das hu*n*se. *Oo*nko hu*n*sta dek,h vin me*n* se kisee ne pooch,ha "Muha Raj! ap kya dek,hkur hu*n*se?" Juwab dee,a "d*oo*nya kee b,hool dek,hke." Bola "so kya? *Oo*ttur dee,a.

P,hoole p,hoole p,hirut hy*n* aj humaro byah
T*oo*lsee ga,e buja,e ke det ka*t*,h me*n* pa,e.

نقل ٦٨

ایک بڑا سوداگر کسي صاحب کمال فقیر کے یہاں جاکر مرید ہوا اور پیر کي خدمت میں آٹھوں پہر حاضر رہنے لگا * خدا کا چاہا چھہ مہینے کے عرصے میں اس کا ایسا کام بگڑا کہ کھانے پینے کو بھي کچھہ پاس نرہا * ایک روز پیر نے اسے اداس دیکھہ کہا کہ بابا کیا تو نے یہہ مثل بھي نہیں سني جو اتنا فکر کرتا ہی -

الله ڈاد کرتا کي باتیں کیا نکرنتا کیا نکرے
ہاتھي مارگرد میں ڈالے ادنا کے سر چھتر دھرے

ریتے بھرے بھرے ڈھلکاوے
مہر کرے تو پھیر بھرے

نقل ٦٩

ایک روز اکبر بادشاہ کے روبرو کسي مغل نے ازراہ ظرافت راجا ٹوڈل مل سے پوچھا کہ راجا صاحب تمھارے یہاں مل لفظ کے کیا معنے ہیں - وہیں سمجھہ کر راجا نے جواب دیا کہ مرزا صاحب جو لفظ بیگ کے معنے ہیں سوئي مل کے ہیں * اتني بات کے سنتے ہي وہ مغل

Ut,hsut,hween Nuql.

Ek bura suodagur kisee sahibi kumal fuqeer ke yuhan jakur mooreed hoo,a uor Peer kee khidmut men at,hon puhur hazir ruhne luga. Khooda ka chaha ch,hu muheene ke urse men oos ka ysa kam bigra ki k,hane peene ko b,hee kooch,h pas nu ruha. Ek roz Peer ne ise oodas dek,h kuha ki "Baba! kya too ne yih musul b,hee nuheen soonee jo itna fikr kurta hy?"

Uluh dad kurta kee baten kya nu kurunta kya nu kure
Hat,hee mar gurd men dale udna ke sir ch,hutr d,hure,

Reete b,hure b,hure d,hoolkawe
Mihr kure to p,her b,hure.

Oonhutturween Nuql.

Ek roz Ukbur Badshah ke rooburoo kise Mooghul ne uz rahi zurafut Raja Torul Mul se pooch,ha ki "Raja Sahib, toomhare yuhan Mul lufz ke kya mane hyn." Wooheen sumuj,hkur Raja ne juwab dee,a ki "Mirza sahib, jo lufz Beg ke mane hyn so,ee Mul ke hyn." Itnee bat ke soonte hee wooh Mooghul buhoot shurmindu.

بہت شرمندہ * خلاصہ اسکا یہہ ہی کہ سنسکرت میں یے دونوں نام گوہي کے ہیں

نقل ۷۰

کسي مکان پر کوئي ملا بیتھا لڑکے پڑھاتا تھا کہ ایک لڑکے کے باپ نے آکر اسے الھنا دیا - میاں صاحب میرے بیٹے کو آپ نے کچھہ نہ تربیت کیا - دیکھو ابتک چھوکروں کے ساتھہ وہ کھیلتا پھرتا ہی اور میرا کہا نہیں مانتا * اتني بات کے سنتے ہي میانجي خفا ہوکر بولا ہاں صاحب نیکي برباد گنہ لازم - میں نے ایک برس محنت مشقت کر لکھا پڑھا گدھے سے آدمي بنایا اور تم نے یہہ بات کہي اب مجھے تم سے کچھہ لینے پانے کي امید باقي نرہي * یہہ یاس کا کلمہ سن کر لڑکے کا باپ تو میانجي کو بہت سي تسلي دیکے چلا گیا پر ایک دھوبي اور دھوبن بڑے دولتمند جنھوں نے میانجي کي زباني یہہ بات رستے میں کھڑے ہوکے سني تھي کہ میں نے تمھارے لڑکے کو برس دن میں لکھا پڑھا گدھے سے آدمي کیا - وے دونوں جورو خصم آ موجود ہوے اور ہاتھہ جوڑکر بولے کہ میانجي صاحب جتنے رپے چاہئے لیجئے اور میرے بھي گدھے کو آدمي بنا دیجئے * ملانے ان دونوں کي بات سنکے دلمیں

Khoolasu iska yih hy ki Sunskrit men yih donon nam goohee ke hyn.

Sutturween Nuql.

Kisee mukan pur ko,ee Moolla byt,ha lurke pur,hata t,ha ki ek lurke ke Bap ne akur oose ooluhna dee,a, " Mee,an sahib, mere bete ko Ap ne kooch,h nu turbee,ut kee,a, dek,ho ubtuk ch,hokuron ke sat,h wooh k,helta p,hirta hy uor mera kuha nuheen manta." Itnee bat ke soonte hee Mee,an Jee khufa hokur bola ki " Han sahib, " nekee burbad goonuh lazim." Myn ne ek burus mihnut mushuqqut kur lik,ha pur,ha gud,he se admee buna,e,a uor toom ne yih bat kuhee, ub mooj,he toom se kooch,h lene pane kee oommed baqee nu ruhee." Yih yas ka kulmu soonkur lurke ka Bap to Mee,an Jee ko buhoot see tusullee deke chula gy,a pur ek d,hobee uor d,hobin bure doulut-mund jin,hon ne Mee,an Jee kee zubanee yih bat ruste men k,hure hoke soonee t,hee ki " myn ne toom,hare lurke ko burus din men lik,ha pur,ha gud,he se admee kee,a." We donon joroo khusm a muojood hoo,e uor hat,h jorkur bole ki " Mee,an Jee sahib, jitne roopy chahee,e leejee,e uor mere b,hee gud,he ko admee buna deejee,e. Moolla ne oon donon kee bat

بچارا که یے ہیٹنے کے اندھے مت کے ہینے گانتھہ کے پورے
میري قسمت سے آن ملے ہیں - ان سے رپے کبھوں
نہیں لیتا - یہہ سمجھہ ان نے ان سے کہا که ہزار رپے
دو اور گدھے کو باندھہ جاؤ - ایک برس کے بعد آکر لے
جایئو * اس بات کے سنتے ہي وے جھٹ توڑا دے گدھا
باندھہ گئے اور ایک برس بعد پھر آن موجود ہوئے - ان
کو دیکھتے ہي میانجي نے کہا که دو دن پہلے آتے تو اسے
پاتے ابتو وہ جاکے جونپور کا قاضي ہوا * انھوں نے پوچھا
که اب ہم اسے کبھوں کر پاویں - میانجي نے کہا که تم
اس کے باندھنے کي رسي اور دانا کھانے کا نندولا لیجاکے
سونہیں کھڑے ہو دکھلاؤ جب وہ پہچان کے تمھیں پاس
بلاوے تب تم نرالے لیجاکے سب احوال کہیو - اپنا
احوال سن کر وہ تمھیں بہتیرا ڈراویگا پر تم نه ڈریو اور
کہیو که جو تم ہماري بات نه مانو تو چلکر میانجي سے
پوچھه لو * غرض وے دونوں جونپور گئے اور اسي طرح کرنے
لگے تب قاضي نے ان دونوں کو پاس بلاکر پوچھا که تم
یہه کیا کرتے ہو - بولے نرالے چلو تو اس کا احوال کہیں
* قاضي انھیں نرالے لیگیا پھر انھوں نے سب احوال کہہ
سنایا - قاضي نے دریافت کیا که کسي شخص نے انھیں
بہکایا ہے اس سے ان کي بات بن قبول کئے کسي طرح

s*oo*nke dil m*en* bichara ki " ye heeˌe ke undˌhe, mut ke heene, gan*t*ˌh ke poore, meree qismut se an mile hy*n*. In se roopy kyoo*n* nuhee*n* leta?" Yih sumujˌh inne *oo*n se kuha ki " huzar r*oo*py do uor gudˌhe ko bandˌh jaˌo, ek burus ke b*a*d akur le jaˌeeˌo." Is bat ke s*oo*nte hee we jˌhu*t* t*o*ra de gudˌha bandˌh gyˌe uor ek burus b*a*d pˌhir an muojood hooˌe. *Oo*n ko dekˌhte hee Meeˌa*n* Jee ne kuha ki " do din puhle ate to *oo*se pate ub to w*oo*h jake Juonpoor ka Qazee hooˌa." *Oo*nho*n* ne poochˌha ki " ub hum *oo*se kyoo*n* kur pawe*n*?" Meeˌa*n* Jee ne kuha ki " t*oo*m *oo*ske bandˌhne kee russee uor dana kˌhane ka nundola lejake so*n*hee*n* ku*r*e ho dikˌhlaˌo, jub w*oo*h puhchanke t*oo*mhe*n* pas b*oo*lawe tub t*oo*m nirale lejake sub u*h*wal kuheeˌo. Upna u*h*wal s*oo*nkur w*oo*h t*oo*mhe*n* b*oo*htera *d*urawega pur t*oo*m nu *d*ureeˌo uor kuheeˌo ki " jo t*oo*m humaree bat nu mano to chulkur Meeˌa*n* Jee se poochˌh lo." Ghuruz we dono*n* Juonpoor gyˌe uor *oo*see turu*h* kurne luge tub Qazee ne in dono*n* ko pas b*oo*lakur poochˌha ki " t*oo*m yih kya kurte ho?" Bole " nirale chulo to iska u*h*wal kuhe*n*." Qazee *oo*nhe*n* nirale le gyˌa pˌhir inho*n* ne sub u*h*wal kuh s*oo*naˌeˌa. Qazee ne duryaft keeˌa ki " kisee shukhs ne inhe*n* buh-kaˌeˌa hy, is se in kee bat bin qubool keeˌe kisee turu*h*

یے میرا پیچھا نہ چھوڑینگے - یوں سمجھہ قاضي نے کہا جو تم نے کہا سو سب سچ پر اب تم ہم سے کیا چاہتے ہو - یے بولے ہم بے اولاد ہیں ہمارے مال اموال کے وارث ہوکے مرنے سے متي دیجو - یہي ہم چاہتے ہیں * آخر مارے شرم کے قاضي نے ان کي بات قبول کي اسلئے کہ کوئي اور نہ سنے

نقل ۷۱

ایک کھتري دنیا سے بیزار ہوکے کسي نانک پنتھي فقیر کا جاکے چیلا ہوا * کتنے ایک دن پیچھے ایک روز اس نے گرو سے کہا کہ مہاراج میرا جي چاہتا ہی جو آپ کي اگیا پاؤں تو پرتھوي پردچھنا کر آؤں - گرو نے کہا بہت اچھا * اتني بات کے سنتے ہي وہ ڈنڈوت کر بدا ہوا اور لگا ملک بہ ملک پھرنے - جس ملک میں گیا وہاں اس نے ہر ملک کا آدمي دیکھا تو حیران ہوا - ندان کتنے مہینے میں پھرکر گرو کے پاس آیا اور تعجب کر پوچھا کہ مہاراج یہہ کیا آشچرج ہی جو ایک ملک میں آدمي پیدا ہوے اور دوسرے میں جاکر بسے - گرو بولا کہ بابا تو جو اتنا اچنبھا کرتا ہی سو کیا تو نے یہہ دوہا نہیں سنا *

ye mera peech,ha nu ch,horenge." Yon sumuj,h Qazee ne kuha "jo toom ne kuha so sub such pur ub toom hum se kya chahte ho?" Ye bole "hum be uolad hyn, humare mal umwal ke waris hoke murne se mittee deejo, yihee hum chahte hyn." Akhir mare shurm ke Qazee ne oonkee bat qubool kee, is leee ki koee uor nu soone.

Ekhutturween Nuql.

Ek K,hutree doonya se bezar hoke kisee Nanuk Punt,hee fuqeer ka jake chela hooa. Kitne ek din peech,he ek roz oosne gooroo se kuha ki "Muha Raj! mera jee chahta hy jo ap kee ugya paoon to prit,hwee pur duch,h una kur aoon." Gooroo ne kuha "buhoot uchch,ha." Itnee bat ke soonte hee wooh dundwut kur bida hooa uor luga moolk bu moolk p,hirne. Jis moolk men gya wuhan oosne hur moolk ka admee dek,ha to hyran hooa. Nidan kitne muheene men p,hirkur gooroo ke pas aea uor tuujjoob kur pooch,ha ki "Muha Raj! yih kya ashchuruj hy jo ek moolk men admee pyda howe uor doosre men jakur buse?" Gooroo bola ki "Baba, too jo itna uchumb,ha kurta hy so kya too ne yih doha nuheen soona?

کت کاشي کت کاشمیر کت خراسان گجرات
پرسرام یا جیو کي پرالبدهه لیجات

نقل ۷۲

کسي مکان کے بیچ پانچ سات سپاہي بیٹھے آپسمیں ڈیگ مارتے تھے - کوئي کہتا تھا میں نے چار گھاو کھاے اور کوئي کہتا تھا پانچ - غرض ہر ایک نے اپنے اپنے لڑنے اور زخم کھانے کا احوال بیان کیا * ایک بوڑھا تھتھول ان کے پاس بیٹھا تھا بولا که میاں جواني میں ہم بھي سیکڑوں لڑائیاں لڑے اور ہمنے بھي ہزاروں زخم کھاے ایسے که کہیں بدن پر تل دھرنے کي جگہه باقي نہیں رہي - ہمارے آگے اب کوئي کیا لڑیگا اور کیا زخم کھائیگا * اتني بات کے سنتے ہي ان میں سے ایک جوان خفا ہوکر بولا بڑے میاں کپڑے تو اتارو دیکھیں تم نے کہاں کہاں گھاو کھاے ہیں * وہ ہنسکے بولا میاں گبرو نه وہ زمانه رہا نه وے دن رہے نه وہ جواني رہي نه وہ تیاري رہي نه وہ جسم ہي رہا اب کیا دیکھوگے - اتنا کہه چنپت ہوا

Kit Kashee kit Kashmeer kit Khoorasan Goojrat
Pursuram ya jeew kee puralubud,h le jat.

Buhutturween Nuql.

Kisee mukan ke beech panch sat sipahee byt,he apus men deng marte t,he. Ko,ee kuhta t,ha "myn ne char g,ha,o k,ha,e" uor ko,ee kuhta t,ha "panch." Ghuruz hur ek ne upne upne lurne uor zukhm k,hane ka uhwal by,an kee,a. Ek boor,ha t,hut,hol oonke pas byt,ha t,ha, bola ki "Mee,an, juwanee men hum b,hee sykron lura,-ee,an lure uor hum ne b,hee huzaron zukhm k,ha,e yse ki kuheen budun pur til d,hurne kee juguh baqee nuheen ruhee. Humare age ub ko,ee kya lurega uor kya zukhm k,ha,ega?" Itnee bat ke soonte hee oon men se ek juwan khufa hokur bola "Bure mee,an, kupre to ootaro dek,hen toom ne kuhan kuhan g,ha,o k,ha,en hyn." Wooh hunske bola "Mee,an gubroo, nu wooh zumanu ruha nu we din ruhe nu wooh juwanee ruhee nu wooh ty,yaree ruhee nu wooh jism hee ruha, ub kya dek,hoge?" Itna kuh chumput hoo,a.

نقل ۷۳

کسي منشي کے پاس ایک باہرے کا سید نوکر ہوا - ایک روز اس کا خدمتگار حاضر نہ تھا - اس نے اسے کہا کہ آج میرا آدمي حاضر نہیں ہی تم میرے ساتھہ دربار چلو - کہا بہت خوب - اس نے اسے چار پیسے دیکے کہا کہ سارے دن دربار میں رہنا ہوگا تم ان کے پان لیکے چار گلوري لگوا لاؤ جب میں اشارہ کروں تب دو کھیلي دیجو - میں آگے جاتا ہوں تم لیکر جلد آؤ * یہہ کہہ وہ تو دربار میں جا بیٹھا اور اس نے اپنے دل میں بچارا کہ چار پیسے کے پان سے تو میاں کا پیٹ نہ بھریگا اس سے بہتر ہی کہ چار پیسے کي چار روٹي لے چلوں تو میاں پیٹ بھر کھائیگا * یہہ من میں ٹھان چار پیسے کي چار روٹي لے رومال میں باندھہ بغل میں دبا میاں کے سونہیں جا کھڑا ہوا * منشي نے اسے دیکھتے ہي جوں اشارہ کر ہاتھہ بڑھایا توں اس نے رومال سے دو روٹي کھول اس کے ہاتھہ دیں - وہ دیکھتے ہي ہکا بکا ہو لگا اس کي طرف دیکھنے - اسکے طور بگڑے دیکھہ یہہ بولا بھونڈي طرح دیدے پھاڑ پھاڑ دیکھے سی کے میں-نہیں کھائي دو اور دھري سیں * یہہ سن وہ شرمندہ ہو اپنے دلمیں

Tihutturwee*n* Nuql.

Kisee M*oo*nshee ke pas ek Bahre ka sy,yud nuokur hoo,a. Ek roz *oo*ska khidmut-gar *h*azir nu t,ha *Oo*sne is se kuha ki "aj mera admee *h*azir nuhee*n* hy toom mere sat,h durbar chulo." Kuha "buh*oo*t khoob." Is ne *oo*se char pyse deke kuha ki "sare din durbar me*n* ruhna hoga t*oo*m inke pan leke char giluoree lugwa la,o, jub my*n* isharu kuroo*n* tub do k,heelee deejo. My*n* age jata hoo*n* t*oo*m lekur juld a,o." Yih kuh w*oo*h to Durbar me*n* ja by*t*,ha uor is ne upne dil me*n* bichara ki char pyse ke pan se to mee,*an* ka pe*t* nu b,hurega is se bihtur hy ke char pyse kee char ro*t*ee le chuloo*n* to mee,*an* pe*t* b,hur k,ha,ega." Yih mun me*n* *t*,han char pyse kee char ro*t*ee le roomal me*n* band,h bughul me*n* duba Mee,*an* ke so*n*hee*n* ja k,hu*r*a hoo,a. M*oo*nshee ne ise dek,hte hee jo*n* isharu kur hat,h bu*r*,ha,e,a to*n* *oo*s ne roomal se do ro*t*ee k,hol *oo*ske hat,h dee*n*. W*oo*h dek,hte hee hukka bukka ho luga iskee turuf dek,hne. *Oo*ske tuor big*r*e dek,h yih bola "b,ho*n*d*ee turu*h* deede p,ha*r* p,ha*r* dek,he sy ke my*n* nuhee*n* k,ha,ee. Do uor d,huree sy*n*." Yih s*oo*n w*oo*h shurmindu ho upne dil

کہنے لگا کہ کسي نے سچ کہا ہی کہ اناڑي کا سودا بارہ باٹ

نقل ۷۴

ایک زمیندار کے دو بیٹے - پر ان دونوں میں ہمیشہ ان بناؤ رہتا ایک ایک کو نہ دیکھہ سکتا * جب انکا باپ مرگیا تب وے دونوں آپسمیں لڑنے لگے - ندان بڑے بھائي نے چھوٹے کو زمینداري سے بے دخل کر مارکے نکال دیا تب وہ کسي اور بڑے زمیندار کو اپنے بڑے بھائي پر چڑھا لایا - اس نے آتے ہي کھڑي سواري اسے مار لیا اور ساري زمینداري کو اپنے قبضے میں کیا - جو چڑھا لایا تھا وسے کچھہ کھانے کو کر دیا * یہہ ماجرا دیکھہ کسي نے تلسي داس گسائیں کے آگے جاکے کہا کہ مہاراج دنیا کے آرام کے لئے اور چند روز کي زندگي کے واسطے اس نے بھائي کو مروایا اور دین و دنیا کو گنوایا - اس میں اسکے ہاتھہ کیا آیا جب بھائي بھائي سے یہہ سلوک کرے تب دوسرے سے کوئي کیا توقع رکھے * تلسي داس جي بولے کہ اس بات کا اچرج مت کرو ایسے اور بھي ٹھور کہا ہی کہ

جو جیسا کرے سو تیسا پاوے

men kuhne luga ki kisee ne such kuha hy ki " Unaree ka suoda baruh bat.

Chuohutturween Nuql.

Ek zumeendar ke do bete, pur oon donon men humeshu unbuna,o ruhta, ek ek ko nu dek,h sukta. Jub oonka Bap murgy,a tub we donon apus men lurne luge. Nidan bure b,ha,ee ne ch,hote ko zumeen-daree se bedukhl kur marke nikal dee,a tub wooh kisee uor bure zumeendar ko upne bure b,ha,ee pur chur,ha la,e,a. Oosne ate hee k,huree suwaree oose mar lee,a uor saree zumeen-daree ko upne qubze men kee,a. Jo chur,ha la,e,a t,ha vise kooch,h k,hane ko kur dee,a. Yih majura dek,h kisee ne Toolsee Das goosa,een ke age jake kuha ki " Muha Raj ! doonya ke aram ke lee,e uor chund roz kee zindugee ke waste oosne b,ha,ee ko murwa,e,a uor deen o doonya ko gunwa,e,a. Is men ooske hat,h kya a,e,a ? Jub b,ha,ee b,ha,ee se yih soolook kure tub doosre se ko,ee kya tuwuqqoo,u ruk,he ?" Toolsee Das Jee bole ki " is bat ka uchruj mut kuro, yse uor b,hee t,huor kuha hy ki " jo jysa kure so tysa pawe.

نقل ۷۵

ایک روز کسي حبشي نے راہ میں درپن پڑا پایا - ہاتھہ میں لے جوں اس نے اس میں دیکھا توں اسے اپنے چہرے کا عکس نظر آیا تب لا حول ولاقوت الا باللہ پڑھہ آرسي پر تھوک یہہ کہہ پھینک دیا کہ جب ایسا برا منہہ ہی تبھي کوئي رستے میں ڈال گیا ہی

نقل ۷٦

اکبر بادشاہ کے روبرو ایک روز میاں تان سین نے سورداس کا یہہ بسن پد گایا -

جسدا بار بار یہہ بھاکھی
ہی کوؤ برج میں ہتو ہمارو
چلت گپالہہ راکھی

شاہ نے اس کے معنے پوچھے - میاں نے کہا جسودا گھڑي گھڑي یہہ کہے ہی - ہی کوئي برج میں دوست ہمارا جو چلتے ہوے گوپال کو رکھے * میاں تو گاے سمجھاے چلے گئے اس میں آے بیربل - حضرت نے ان سے بھي اس کا ارتھہ پوچھا - بیربل بولے پیر و مرشد بار کہتے ہیں دروازے کو سو جسودا دروازہ دروازہ یہہ کہتي

Puch,hutturwee*n* Nuql.

Ek roz kisee *h*ubshee ne rah me*n* durpun pu*r*a pa,e,a hat,h me*n* le jo*n* is ne *oo*s me*n* dek,ha to*n* ise upne chihre ka *u*ks nuzur a,e,a. Tub la, *h*uol wilaq*oo*wwut illa billah pu*r*,h arsee pur t,hook yih kuh p,henk dee,a ki "jub ysa boora m*oo*n*h* hy tub,hee ko,ee ruste me*n* *d*al gy,a hy.

Ch,hihutturwee*n* Nuql.

Ukbur Badshah ke rooburoo ek roz Mee,a*n* Tan Sen ne Soor Das ka yih bisunpud ga,e,a.

Jus*oo*da bar bar yih b,hak,hy
Hy ko,oo Bruj me*n* hitoo humaro
Chulut G*oo*paluhi rak,hy.

Shah ne iske m*a*ne pooch,he. Mee,a*n* ne kuha "Jusooda g,huree g,hu*r*ee yih kuhe hy. Hy ko,ee Bruj me*n* dost humara jo chulte hoo,e Gopal ko ruk,he." Mee,a*n* to ga,e sumj,ha,e chule gy,e. Is me*n* a,e Beerbul, *H*uz-rut ne *oo*n se b,hee *oo*ska urt,h pooch,ha. Beerbul bole, "Peer o M*oo*rshid! bar kuhte hy*n* durwaze ko, so Ju-sooda durwazu durwazu yih kuhtee hy ki "hy ko,ee Bruj

ہی کہ ہی کوئي برج میں دوست ہمارا جو گوپال کو نجانے دے * اتنے میں راجا تورل مل آئے حضرت نے ان سے بھي معنے پوچھے - کہا حضرت سلامت جسودا کرشن کي ما - بار کہتے ہیں پاني کو اور دروازے کو سو پاني کا دروازہ ہوا گھاٹ - اس سے معنے یے ہوے کہ جسودا گھاٹ گھاٹ یہہ کہتي ہی کہ ہی کوئي برج میں دوست ہمارا جو گوپال کو چلنے سے باز رکھے * اس درمیان آے ملا فیضي - بادشاہ نے ان سے بھي وس کے معنے پوچھے - جواب دیا جہاں پناہ سلامت بار بمعني آب اور در یہاں آب سے مراد ہی آنسو اور در سے مراد ہی آنکھہ - اس سے معنے یے نکلے کہ جسودا روکر یہہ کہتي ہی کہ ہی کوئي برج میں دوست ہمارا جو گوپال کو نجانے دے * اس عرصے میں آے نواب خانخانان - شاہ نے ان سے بھي اس کے معنے پوچھے تب نواب نے عرض کي کہ قبلۂ عالم اس بسن پد کے معنے کسي اور نے بھي کہے ہیں * اس بات کے سنتے ہي جس جس نے جو جو معنے کہے تھے حضرت نے کہہ سناے تب نواب نے کہا جہاں پناہ یہہ تو اس بسن پد کے معنے نہیں پر ہاں ہر ایک نے اپنے دل کا خیال بیان کیا * شاہ نے فرمایا سو کہا - بولا وہ بچارا کلاونت جیسے ایک نوم توم لفظ کو گھڑي گھڑي

men dost humara jo Gopal ko nu jane de." Itne men Raja *Torul* Mul a,e. *Huzrut* ne *oon* se b,hee *mane* pooch,he. Kuha, "*Huzrut* sulamut! Jusooda Khrishn kee ma, bar kuhte hyn panee ko uor durwaze ko so panee ka durwazu hoo,a g,hat is se mane ye hoo,e ki Jusooda g,hat g,hat yih kuhtee hy ki hy ko,ee Bruj men dost humara jo Gopal ko chulne se baz ruk,he." Is durmee,an a,e Moolla Fyzee. Badshah ne *oonse* b,hee viske *mane* pooch,he. Juwab dee,a, "Juhan punah sulamut! bar bu *manee* ab o dur, yuhan ab se *moorad* hy ansoo uor dur se *moorad* hy ank,h, is se *mane* ye nikle ki Jusooda rokur yih kuhtee hy ki "hy ko,ee Bruj men dost humara jo Gopal ko nu jane de." Is *urse* men a,e Nuwwab Khan Khanan. Shah ne *oonse* b,hee *oos* ke *mane* pooch,he, tub Nuwwab ne *urz* kee ki "Qiblu,e *alum* is bisunpud ke *mane* kisee uor ne b,hee kuhe hyn?" Is bat ke soonte hee jis jis ne jo jo *mane* kuhe t,he *Huzrut* ne kuh soona,e. Tub Nuwwab ne kuha "Juhan punah! ye to *oos* bisunpud ke *mane* nuheen pur han hur ek ne upne dil ka khy,al by,an kee,a." Shah ne furma,e,a "so kya?" Bola, "wooh bichara kulawunt jyse ek nuom tuom lufz ko g,huree g,huree kuhta hy viske

کہتا ہی وس کے دل میں یہي خیال بندھا کہ جسودا بھي گھڑي گھڑي کہتي ہی اور بیربل ذات کا باہمن در در کا پھرنے والا اس کے بھي دل میں یہي خیال بندھا کہ جسودا در در کہتي ہی اور تورڑل مل متصدي - اس کے خیال نے یہي بندش باندھي کہ جسودا گھاٹ گھاٹ کہتي ہی اور فیضي شاعر اسے سواے رونے کے اور مضمون نہ سوجھا - اسے اس کے خیال میں آیا کہ جسودا رو رو کہتي ہی * یہہ بات سن‌کر شاہ نے فرمایا کہ بھلا اب تم کہو اسکے کیا معنے ہیں - عرض کي کہ جہاں پناہ بار کہتے ہیں بال کو سو جسودا کا بال بال یہہ کہتا ہی کہ ہی کوئي برج میں دوست ہمارا جو گوپال کا چلنا موقوف کرے * معنے کے سنتے ہي شاہ نے خوش ہو سب کي داد دي اور وسعت زبان برج کي نہایت تعریف کي

نقل ۷۷

کسي راجا کي سبھا میں ایک کب جا کے چپ چاپ بیٹھہ رہا - اس میں کوئي راج سبھا میں سے بولا کہ آج کیا ہی جو کب جي تم مون گہے بیٹھے ہو - اس نے اس کي بات کا اتر تو ندیا پر یہہ دو ہا پڑھا

dil me*n* yihee khy,al bund,ha ki Jusooda b,hee g,hu*r*ee g,hu*r*ee kuhtee hy uor Beerbul zat ka Bahmun dur dur ka p,hirne wala *oo*ske b,hee dil me*n* yihee khy,al bund,ha ki Jusooda dur dur kuhtee hy uor *T*o*r*ul Mul m*oo*tusuddee *oo*ske khy,al ne yihee bundish band,hee ki Jusooda g,ha*t* g,ha*t* kuhtee hy uor Fyzee sha,ir *oo*se siwa,e rone ke uor muzmoon nu sooj,ha, is se *oo*ske khy,al me*n* a,e,a ki Jusooda ro ro kuhtee hy." Yih bat s*oo*nkur Shah ne furma,e,a ki "b,hula ub t*oo*m kuho *oo*ske kya m*a*ne hy*n*." *U*rz kee ki "Juha*n* punah, bar kuhte hy*n* bal ko so Jusooda ka bal bal yih kuhta hy ki "hy ko,ee Bruj me*n* dost humara jo Gopal ka chulna muoqoof kure?" M*a*ne ke s*oo*nte hee Shah ne kh*oo*sh ho sub kee dad dee uor wus*u*ti zubani Bruj kee nihayut t*a*reef kee.

Su*t*,hutturwee*n* Nuql.

Kisee Raja kee sub,ha me*n* ek Kub jake ch*oo*p chap by*t*,h ruha. Is me*n* ko,ee Raj-sub,ha me*n* se bola ki "aj kya hy jo Kub Jee t*oo*m muon guhe by*t*,he ho? Is ne *oo*skee bat ka *oo*ttur to nu dee,a pur yih doha pu*r*,ha

اُت کا بھلا نہ برسنا اُت کي بھلي نہ دھپ
اُت کا بھلا نہ بولنا اُت کي بھلي نہ چپ

اس کے سنتے ہي اس نے بھي اس دوہے کو پڑھہ سنايا

کون چھے ہی برسنا کون چھے ہی دھپ
کون چھے ہی بولنا کون چھے ہی چپ

پھر کبب نے يہہ دوہا کہہ سنايا

مالي چاہے برسنا دھوبي چاہے دھپ
ساہ جو چاہے بولنا چور جو چاہے چپ

نقل ۷۸

کوئي کايتھہ ہميشہ اپنے بيٹے کو سمجھاتا اور يہہ کہتا کہ بابا جان دنيا بري جگہہ ہی - کر تو ڈر نکر تو بھي ڈر - اس کا بيٹا سن کر يہہ جواب ديتا لا لا جي بري برے کے واسطے ہی - کر تو ڈر نکر تو نہ ڈر * غرض جب نہ تب ان دونوں ميں يہي گفتگو ہوتي * ايک روز اس نے اپنا وہ گھوڑا سواري کو منگوايا کہ جس پر کبھي سوار نہوا تھا اور کھلا پلاکے خوب تيار کيا تھا - گھوڑے کے آتے ہي باپ نے بيٹے سے کہا - بابا جان اس پر تم سوار ہو ہم ديکھيں - بيٹے نے بھي يہي کہا * ندان بہت سي کہا سني کے بعد

Uti ka b,hula nu burusna uti kee b,hulee nu d,h*oo*p
Uti ka b,hula nu bolna uti kee b,hulee nu ch*oo*p.

Iske s*oo*nte hee *oo*sne b,hee is dohe ko pu*r*,h s*oo*na,e,a.

Kuon chuhe hy burusna? Kuon chuhe hy d,h*oo*p?
Kuon chuhe hy bolna? Kuon chuhe hy ch*oo*p?

P,hir Kub ne yih doha kuh s*oo*na,e,a.

Malee chahe burusna, d,hobee chahe d,h*oo*p
Sah jo chahe bolna chor jo chahe ch*oo*p.

U*t*,h-hutturwee*n* Nuql.

Ko,ee kayut,h humeshu upne be*t*e ko sumj,hata uor yih kuhta ki "Baba jan! d*oo*nya b*oo*ree juguh hy, kur to *d*ur nu kur to b,hee *d*ur." *Oo*ska be*t*a s*oo*nkur yih juwab deta "Lala Jee! b*oo*ree b*oo*re ke waste hy, kur to *d*ur nu kur to nu *d*ur." Ghuruz jub-nu-tub *oo*n dono*n* me*n* yihee g*oo*ft-o-goo hotee. Ek roz *oo*sne upna w*oo*h g,ho*r*a suwaree ko mungwa,e,a ki jispur kub,hee suwar nu hoo,a t,ha uor k,hila pilake khoob ty,yar kee,a t,ha. G,ho*r*e ke ate hee Bap ne be*t*e se kuha "Baba jan, ispur t*oo*m suwar ho hum dek,he*n*." Be*t*e ne b,hee yihee kuha. Nidan buh*oo*t see kuha-s*oo*nee ke b*a*d

اس کا باپ ہي سوار ہوا اور بیتا پیچھے پیچھے دیکھتا
چلا - اس میں کئي ایک شخصوں نے دیکھہ کر کہا -
دیکھو یہہ کیا کم بخت ہی کہ قبر میں پاوں لتکا چکا اور
تو بھي اس کي ہوس نہیں گئي - جوان بیتا پیچھے جوتي
چتکاتا آتا ہی اور آپ گھوڑے پر چڑھا جاتا ہی * یہہ
سن وہ اتر پڑا اور بیتے کو چڑھا آپ پیچھے پیچھے دیکھتا
چلا * پھر کئي آدمي دیکھہ کے بولے کہ دیکھو یہہ کیا نا
لایق و نا خلف ہی جو آپ سوار ہو باپ کو جلو میں دوڑاتا
ہی * یہہ سن آگے بڑھہ وے دونوں چڑھہ لئے تب کوئي
بول اتھا کہ یے کیا مسخرے ہیں جو ایک گھوڑے پر دو لد
لئے ہیں * یوں سن وے دونوں اتر پڑے اور سائیس نے
گھوڑا ڈریا لیا - یے پیچھے پیچھے دیکھتے چلے تب انہیں
دیکھہ ایک نے ایک سے کہا کہ بھائي دیکھو حرام کا مال
مفت جاتا ہی اور کسي کے کام نہیں آتا * اس بات
کے سنتے ہي کایتھہ نے بیتے سے کہا کہوں بابا جان دنیا کي
زبان سے بچنے کي کوئي اور تدبیر ہو تو کرو مجھسے تو اب
کچھہ نہیں بن آتي - لا جواب ہو بیتا بولا لالا جي تم سچ
فرماتے تھے دنیا بري جگہہ ہی - کر تو ڈر نہ کر تو بھي
ڈر اس کا کچھہ علاج نہیں

ooska Bap hee suwar hoo,a uor beta peech,he peech,he dek,hta chula. Is men ku,ee ek shukhson ne dek,hkur kuha "dek,ho, yih kya kum-bukht hy ki qubur men pa,on lutka chooka uor to b,hee iskee huwus nuheen gy,ee. Juwan beta peech,he jootee chutkata ata hy uor ap g,hore pur churha jata hy." Yih soon wooh ootur pura uor bete ko churha ap peech,he peech,he dek,hta chula. P,hir ku,ee admee dek,hke bole ki "dek,ho, yih kya nala,iq uor nakhuluf hy jo ap suwar ho Bap ko jiloo men duorata hy." Yih soon age bur,h we donon chur,h lee,e. Tub ko,ee bol oot,ha ki "ye kya muskhure hyn jo ek g,hore pur do lud lee,e hyn." Yon soon we donon ootur pure uor sa,ees ne g,hora dooree,a lee,a ye peech,he peech,he dek,hte chule, tub inhen dek,h ek ne ek se kuha ki "B,ha,ee! dek,ho huram ka mal mooft jata hy uor kisee ke kam nuheen ata." Is bat ke soonte hee kayut,h ne bete se kuha "kyon baba jan! doonya kee zuban se buchne kee ko,ee uor tudbeer ho to kuro mooj,h se to ub kooch,h nuheen bun atee" La juwab ho beta bola "Lala Jee! toom such furmate t,he doonya booree juguh hy, "Kur to dur nu kur to b,hee dur" iska kooch,h ilaj nuheen."

نقل ٧٩

ایک شخص اپنے شہر سے تباہ ہوکر پر شہر میں گیا جاتے ہی وہاں اس نے تھوڑے سے رپیوں سے آڑھت کي دوکان کي اور بہت سا قرض وام کرکے اسنے اپني دوکان چمکائي اور تجارت بڑھائي ایسيؑ کہ اسکي ٹکر کا اس نگر میں کوئي دوکان دار نرہا جو کسي بات میں اسکا سامھنا کرے قضاکار پانچ چار معاملوں کے بلٹنے میں اسکا دوالا نکلا اور قید پڑا ندان وہاں ہیں مرا دین سے چھٹ نکل نہ سکا تب کسي نے اسکے بنے اور بگڑ کر مرنے کا سب احوال جا کر ایک مہاجن کي محفل میں کہا - سن کر محفل کے لوگ اس کے حال پر بہت افسوس کرنے لگے صاحب محفل بولا تم جو اتنا افسوس کرتے ہو سو کہا تم نے کبھي یہہ مثل بھي نہیں سني کہ

سنپت تھوڑي رن گھنا بیري میں کا باس
ندي کنارے رو کھڑا جب تب ہوے بناس

اس کے سنتے ہي ایک ان میں سے بول اٹھا ہاں ساہ جي سچ کہتے ہو یہہ وہي کہاوت ہوئي کہ اوچھي پونجي خصمیں کھاے

*Oo*nnasween Nuql.

Ek shukhs upne shuhr se tubah hokur pur shuhr me*n* gy,a. Jate hee wuha*n* *oo*s ne t,ho*r*e se r*oo*py,yo*n* se a*r*,hut kee dookan kee uor buh*oo*t sa qurzwam kurke *oo*s ne upnee dookan chumka,ee uor tijarut bu*r*,ha,ee ysee ki *oo*skee *t*ukkur ka *oos* nugur me*n* ko,ee dookandar nu ruha jo kisee bat me*n* *oo*s ka sam,hna kure. Quzakar panch char m*oo*,*a*mulo*n* ke bilu*t*ne me*n* *oo*ska diwala nikla uor qyd pu*ra*. Nidan wuha*n* hee*n* mura, dyn se ch,h*oot* nikul nu suka, tub kisee ne iske bunne uor bigu*r*kur murne ka ṣub u*h*wal jakur ek muhajun kee mu*h*fil men kuha. S*oo*nkur mu*h*fil ke log *oo*ske *h*al pur buh*oo*t ufsos kurne luge. Sa*h*ibi mu*h*fil bola "t*oo*m jo itna ufsos kurte ho so kya t*oo*m ne kub,hee yih musul b,hee nuhee*n* s*oo*nee ki

Sumput *t*,ho*r*ee rin guhna, byree me*n* ka bas
Nuddee kinare rook,hu*ra* jub tub ho,e binas.

Iske s*oo*nte hee ek *oo*n me*n* se bol *oot*,ha "ha*n* Sah Jee such kuhte ho yih w*oo*hee kuhawut hoo,ee ki "och,hee p*oo*njee khusme*n* k,ha,e."

نقل ۸۰

یک سوداگر بچہ اپنے باپ دادے کي سب دولت اڑا پڑا مفلس ہو لگا دکھہ پانے تب اسکے دل میں آیا کہ بزرگوں نے سوداگري کر کے پیسے جمع کئے تھے بہتر ہی کہ میں بھي سوداگري کروں خدا مجھے بھي دیگا * یہہ سمجھہ حویلي بیچ چار ہزار رپے لے سوداگري کو نلا تو ایک اس کے باپ کا غلام تھا سو بھي ساتھہ ہو لیا اور چلا چلا کسي شہر میں پہنچا * وہاں بازار میں دیکھے تو سب طرف سب جنس بکتي ہی اور ایک اور ایک شخص مسند بچھاے حقہ لگاے بیٹھا رہ رہ یہہ کہتا ہی کہ میں بات بیچتا ہوں - جسے درکار ہو مجھہ سے مول لے * اس نے اس کے پاس جا ہزار رپے دے کہا کہ انکي بات ہمیں دو * اس نے توڑا لے کہا - کہ جو چھوٹے سے بڑا ہو وسے چھوٹا کبھي نجانئے * اس نے کہا اور - بولا اور رپے دو اور لو * اس نے پھر ایک توڑا دیا - اس نے کہا - کسي کا عیب دیکھئے تو اس کي پردہ پوشي کیجئے * پھر اس نے پوچھا اور - وہ بولا اور رپے دو اور لو * پھر اس نے ہزار دیئے تب اس نے کہا بھوکھہ لگي ہوئي ہو اور کوئي کھانے کي تواضع کرے تو ہزار کام چھوڑ کھانا کھائے *

Ussween Nuql.

Ek suodagur buchchu upne Bap Dade kee sub duolut *oora poora* mooflis ho luga dook,h pane. Tub *oos* ke dil men a,e,a ki "boozoorgon ne suodaguree kurke pyse juma kee,e t,he, bihtur hy ki myn b,hee suodaguree kuroon Khooda mooj,he b,hee dega." Yih sumuj,h *hu*-welee bech char huzar roopy le suodaguree ko nikla to ek *oo*ske Bap ka ghoolam t,ha so b,hee sat,h ho lee,a uor chula chula kisee shuhr men puhooncha. Wuhan bazar men dek,he to sub turuf sub jins biktee hy uor ek uor-ek shukhs musnud bich,ha,e hooqqu luga,e byt,ha ruh ruh yih kuhta hy ki "myn bat bechta hoon, jise durkar ho mooj,h se mol le." Is ne *oo*ske pas ja huzar roopy de kuha ki "in kee bat humen do." *Oos* ne tora le kuha ki "jo ch,hote se bura ho vise ch,hota kub,hee nu ja-nee,e." Is ne kuha "uor? Bola "uor roopy do, uor lo." Isne p,hir ek tora dee,a. *Oo*sne kuha "kisee ka *u*eb dek,hee,e to *oo*skee purdu-poshee keejee,e." P,hir is ne pooch,ha "uor?" Wooh bola "uor roopy do, uor lo." P,hir is ne huzar dee,e. Tub *oos* ne kuha "b,hook,h lugee hoo,ee ho,e uor ko,ee k,hane kee tuwazoo,u kure to huzar kam ch,hor k,hana k,ha,ee,e." P,hir is ne poo-

پھر اسنے پوچھا اور- پھر وس نے رپی لے کہا بے قدر
خاوند کي نوکري کبھي نکرئے * غرض یہہ چار ہزار رپی
دے چار بات لے تباہ ہو وہاں رہا اور قضاکار وہ غلام اس
شہر کا بادشاہ ہوا * ایک روز بادشاہ تخت رواں پر سوار
چلا جاتا تھا اور وہ سوداگر بچہ سامھنے شکستہ حال
ننگے پاوں تین دن کے فاقے سے نظر آیا * دیکھتے ہي
شاہ نے فرمایا کہ اس شخص کو میرے نہ پہنچتے نہ
پہنچتے جلد مکان پر لاؤ * لوگوں نے ہاتھوں ہاتھہ لے جا
حاضر کیا * اس نے آداب بجایا - تب شاہ نے فرمایا -
تو مجھے جانتا ہی سچ کہہ * بولا جہاں پناہ آپ نیم خدا
ہیں اور ملک کے مالک * پھر شاہ نے دو دفع پوچھا
اوراس نے یہي جواب دیا - تد خوش ہو اس نے اسے
اپنا وزیر کیا اور سب سلطنت کا مختار * ایک روز محل
سرا میں بادشاہ کے پیچھے پیچھے چلا جاتا تھا کہ اس
نے دیکھا جو ایک خاص خواص شہر کے کوتوال کو لئے
شراب پئے نیند میں غافل پڑي ہی * اس نے دیکھتے ہي
کمر سے دشالہ کھول ان دونوں پر ڈال دیا * شاہ پھرکر
محل میں داخل ہوے اور یہہ رخصت ہو اپنے گھر آیا *
اس میں ان کي آنکھہ کھلي تو ونھوں نے شاہ کا آنا اور وزیر
کا دوشالا اڑھانا معلوم کیا * کوتوال تو وہاں سے نکل وزیر

ch,ha "uor?" P,hir vis ne roopy le kuha "be qudr khawind kee nuokuree kub,hee nu kuree,e." Ghuruz yih char huzar roopy de char bat le tubah ho wuhan ruha uor quzakar wooh ghoolam oos shuhr ka Badshah hoo,a. Ek roz Badshah tukhti ruwan pur suwar chula jata t,ha uor wooh suodagur-buchchu sam,hne shikustu-hal nunge pa,on teen din ke faqe se nuzur a,e,a. Dek,hte hee Shah ne furma,e,a ki "is shukhs ko mere nu puhoonchte nu puhoonchte juld mukan pur la,o." Logon ne hat,hon hat,h leja hazir kee,a. Isne adab buja,e,a. Tub Shah ne furma,e,a "too mooj,he janta hy? Such kuh." Bola "Juhan punah, Ap Neemi Khooda hyn uor moolk ke malik." P,hir Shah ne do dufu pooch,ha uor is ne yihee juwab dee,a. Tud khoosh ho oos ne ise upna Wuzeer kee,a uor sub Sultunut ka mookhtar. Ek roz muhul-sura men Badshah ke peech,he peech,he chula jata t,ha ki is ne dek,ha jo ek khas-khuwas shuhr ke Kotwal ko lee,e shurab pee,e neend men ghafil puree hy. Isne dek,hte hee qumur se dooshalu k,hol oon donon pur dal dee,a. Shah p,hirkur muhul men dakhil hoo,e uor yih rookhsut ho upne g,hur a,e,a. Is men oonkee ank,h k,hoolee to vihon ne Shah ka ana uor Wuzeer ka do-shala oor,hana maloom kee,a. Kotwal to wuhan se nikul Wuzeer kee dewr,hee pur ja hazir

کي ڈيوڑھي پر جا حاضر ہوا اور اس بدذات نے کپڑے
پھاڑ- بال کھسوٹ - زمين ميں لوٹ - بادشاہ کو بلاکے کہا
کہ وزير کي يہہ جان جو تمھارے رہتے مجھہ پر ہاتھہ ڈالے
اور بے حرمت کرے افسوس دشالا ميرے ہاتھہ رہ گيا
اور وہ بھاگ کر نکل گيا * خدا کي قسم پکڑ پاتي تو بوٹياں
کاٹ کاٹ کھاتي * يہہ کہہ ہاتھہ کاٹ پچھاڑ کھا زمين پر گري
- اس کي حالت ديکھہ اور بات سن شاہ نے خفا ہو وزير کو
بلا بھيجا * جتنے وہ آوے تتنے ايک رقعہ فوجدار کو لکھا کہ
جو شخص رقعہ ليکر آتا ہی وس کا سر في الفور کاٹ کے بھيج
دوگے اور اس ميں کچھہ ديري ہوئي تو تمھارا سر نہيں *
وزير کے آتے ہي شاہ نے رقعہ دے کے فرمايا کہ تمھارا يہہ
درجہ نہيں جو رقعہ لے فوجدار کے يہاں جاؤ پر مجھے
دوسرے کا اعتبار نہيں - اس لئے تمھيں بھيجتا ہوں اس
رقعہ کا جواب جلد لاؤ * وہ جوں رقعہ ليکے چلا توں
راستے ميں کسي امرا نے کھانے کي تواضع کي - يہہ بولا کام
ضرور کا ہی اور کھانا تيار - ميں کيا کروں قضاکار کوتوال
بھي ان کے ساتھہ تھا - از راہ خوش آمد بولا کہ پير و مرشد
آپ کھانا نوش جان فرمايئے - تب تک بندہ رقعے کا
جواب لا ديتا ہی وزير نے رقعہ اس کے ہاتھہ ديا اور آپ
کھانا کھايا - جوں کھانا کھا کر اٹھا توں خاں ميں کسا اس کا سر

hoo,a uor *oo*s budzat ne kup*r*e p,ha*r*, bal k,husot*,* zumeen me*n* lo*t*, Badshah ko boolake kuha ki "Wuzeer kee yih jan jo toomhare ruhte m*oo*j,h pur hat,h *d*ale uor be *h*oor-mut kure? Ufsos! doo-shala mere hat,h ruh gy,a uor w*oo*h b,hagkur nikul gy,a. Kh*oo*da kee qusm puku*r* patee to bo*t*ee,a*n* ka*t* ka*t* k,hatee." Yih kuh hat,h ka*t* puch,ha*r* k,ha zumeen pur giree. *Oo*skee *h*alut dek,h uor bat soon Shah ne khufa ho Wuzeer ko boola b,heja. Jitne w*oo*h awe titne ek r*oo*q*u*,u foujdar ko lik,ha ki jo shukhs r*oo*q*u*,u lekur ata hy viska sir filfuor ka*t*ke b,hej doge uor is me*n* k*oo*ch,h deree hoo,ee to toomhara sir nuhee*n*." Wuzeer ke ate hee Shah ne r*oo*q*u*,u deke furma,e,a ki t*oo*mhara yih durju nuhee*n* jo r*oo*q*u*,u le fuojdar ke yuha*n* ja,o pur m*oo*j,he doosre ka i*u*tibar nuhee*n*, islee,e t*oo*mhe*n* b,hejta hoo*n*, is r*oo*q*u*,e ka juwab juld la,o." W*oo*h jo*n* r*oo*q*u*,u leke chula to*n* raste me*n* kisee *oo*mra ne k,hane kee tuwaz *oo*,*u* kee. Yih bola "k,kam zuroor ka hy uor k,hana ty,yar. My*n* kya kuroo*n*?" Quzakar Kotwal b,hee inke sat,h t,ha. Uz rahi kh*oo*sh-amud bola ki "Peer o M*oo*rshid! Ap k,hana noshi jan furma,ee,e tubtuk bundu r*oo*q*u*,e ka juwab la deta hy." Wuzeer ne r*oo*q*u*,u *oo*ske hat,h dee,a uor ap k,hana k,ha,e,a. Jo*n* k,hana k,hakur *oot*,ha to*n* khan me*n* kusa *oo*ska sir an muojood hoo,a. Yih le

آن موجود ہوا * یہہ لے حضور میں گیا * شاہ نے اتنا کہہ
محل سرا میں بھیج دیا - کہ جس نے تجھے بے حرمت کیا
یہہ اس کا سر ہی لے * وہ دیکھہ ڈرکر چپ ہو رہي *
پھر بادشاہ نے سب بھید کہہ کر وزیر سے پوچھا کہ میں
نے تو تیرا سر کاٹنے کو لکھا تھا - یہہ کیا سبب جو کوتوال
کا سر کٹا * وزیر نے جوں کا توں سب احوال کہہ سنایا اور
رخصت مانگي * شاہ نے فرمایا یہہ کبھي نہ ہوگا کہ اب
تمھیں رخصت ملے - بولا جہاں پناہ آپ کو یاد ہی جو
میں نے چار بات خریدي تھیں * فرمایا مجھے اچھي طرح
یاد ہی * کہا تین تو آزمائیں اور چوتھي یہہ ہی کہ
بیقدر خاوند کي نوکري کبھي نہ کرئے - اس سے اب آپ
کچھہ نفرمائے - بندہ ہرگاہ نہ رہیگا * اتنا کہہ وزیر رخصت
ہوا اور بادشاہ شرمندہ ہو دم کہا رہا

نقل ۸۱

تام گرام صاحب کو گھوڑونکا بہت شوق تھا - ایک روز
ایک عربي مول لیا - اس میں منشي صدر الدین نے
از راہ خیر خواہي کہا کہ اس گھوڑے پر پنجابي سائیس
رہے تو اس کي خدمت بہ خوبي ہو * یہہ بات سن صاحب
نے اصطبل سے سائیسوں کے جمعدار کو بلاکر فرمایا کہ

*hoo*zoor me*n* gy,a. Shah ne itna kuh mu*h*ul-sura me*n* b,hej dee,a ki "jis ne t*oo*j,he be-*hoo*rmut kee,a yih *oo*ska sir hy, le." W*oo*h dek,h *d*urkur ch*oo*p ko ruhee. P,hir Badshah ne sub b,hed kuhkur Wuzeer se pooch,ha ki "my*n* ne to tera sir ka*t*ne ko lik,ha t,ha, yih kya subub jo Kotwal ka sir ku*t*a?" Wuzeer ne jo*n* ka to*n* sub u*h*wal kuh s*oo*na,e,a uor r*oo*khsut ma*n*gee. Shah ne furma,e,a "yih kub,hee nu hoga ki ub t*oo*mhe*n* r*oo*khsut mile." Bola "Juha*n* Punah! Ap ko yad hy, jo my*n* ne char bat khureedee t,hee*n*?" Furma,e,a "m*oo*j,he uchch,hee tu*r*u*h* yad hy." Kuha "teen to azma,ee*n* uor chuot,hee yih hy ki "be-qudr khawind kee nuokuree kub,hee nu kuree,e." Is se ub Ap k*oo*ch,h nu furma,ee,e, bundu hurgah nu ruhega." Itna kuh Wuzeer r*oo*kh sut hoo,a uor Badshah shurmindu ho dum k,ha ruha.

Ekaswee*n* Nuql.

Tam Giram* sa*h*ib ko g,ho*r*o*n* ka buh*oo*t shuoq t,ha. Ek roz ek *u*rbee mol lee,a. Is me*n* M*oo*nshee Sudr *oo*d-deen ne uz rahi khyr-kh*w*a,ee kuha ki "is g,ho*r*e pur Punjabee Sa,ees ruhe to iskee khidmut bukhoobee ho." Yih bat soon Sa*h*ib ne istubul se sa,eeso*n* ke jum*u*dar ko b*oo*lakur furma,e,a ki "hume*n* ek punjabee sa,ees la de."

* This anecdote is related of the head Saees or Groom of the late Mr. Thomas Graham (Tam Giram) of the Bengal Civil Service.

ہمیں ایک پنجابي سائیس لا دے اور بھول گئے * بیس پچیس دن بعد ایک روز صاحب کو وہ بات یاد آئي - وسے بلوا کے پوچھا کہ سائیس ملا یا نہیں - وہ بولا خداوند غلام ڈھونڈھتا ہی ابھي نہیں پایا * یہہ بات سن کے منشي نے کہا - کیا بد ذات ہی ایک مہینے سے ٹال مٹال کرتا ہی اور سائیس نہیں لا دیتا - بولا پیر و مرشد بد ذات کے کہے کا میں برا نہیں مانتا - آپ خاوند ہیں جو مزاج میں آوے سو کہئے - پر خاوندوں کے رو برو حق بات کہنے میں کچھہ عیب نہیں - تقصیر معاف یے مولوي منشي نہوئیں جو ایک کے بلانے سے سو آن حاضر ہوئیں - یے تو سائیس ہیں مہینوں کي تلاش میں ایک آدھہ ملجاے تو ملجاے نہیں تو ملنا محال * یہہ سن صاحب ہنسے اور امیدوار جو مولوي منشي اس وقت حاضر تھے شرمندہ ہوے اور منشي صدر الدین پشیمان ہو دم کھا رہا

نقل ۸۳

ایک روز دلي کے دو کنگال بانکے شام کے وقت بازار میں گئے تو انھوں نے دیکھا کہ ایک حلوائي مٹھائي کا خوانچہ منہا منہہ بھرا آگے دھرے بیٹھا ہی - یے اس کے سامھنے جا کھڑے ہوے اور ایک نے ایک سے کہا

uor bˌhool gyˌe. Bees puchees din b*a*d ek·roz sa*h*ib ko w*oo*h bat yad aˌee. Vise boolwake poochˌha ki “ saˌees mila ya nuhee*n*?” W*oo*h bola “ Kh*oo*dawund ! Gh*oo*lam *d*ˌhoon*d*ˌhta hy ubˌhee nuhee*n* paˌeˌa.” Yih bat s*oo*nke M*oo*nshee ne kuha “ kya budzat hy ! ek muheene se *t*al mu*t*al kurta hy uor saˌees nuhee*n* la deta.” Bola “ Peer o M*oo*rshid ! budzat ke kuhe ka my*n* b*oo*ra nuhee*n* manta, Ap khawind hy*n*, jo mizaj me*n* awe so kuheeˌe. Pur khawindo*n* ke rooburoo huq bat kuhne me*n* koochˌh *u*eb nuhee*n*. Tuqseer m*oo*ˌ*af*, ye Muolwee M*oo*nshee nu howe*n* jo ek ke boolane se suo an *h*azir howe*n*. Ye to saˌees hy*n*, muheeno*n* kee talash me*n* ek adˌh mil jaˌe to mil jaˌe nuhee*n* to milna m*ooh*al.” Yih s*oo*n sa*h*ib hu*n*se uor *oo*mmedwar jo Muolwee M*oo*nshee *oo*s wuqt *h*azir tˌhe shurmindu hooˌe uor M*oo*nshee Sudr *oo*ddeen pusheman ho dum kˌha ruha.

Biraswee*n* Nuql.

Ek roz Dillee ke do ku*n*gal ba*n*ke sham ke wuqt bazar me*n* gyˌe to *oo*nho*n* ne dekˌha ki ek *h*ulwaˌee mi*t*ˌhaˌee ka khanchu m*oo*nha-m*oo*nh bˌhura age dˌhure by*t*ˌha hy. Ye *oo*ske samˌhne ja kˌhu*r*e hooˌe uor ek ne ek se kuha ki

که اسے نظر نہیں آتا - دوسرے نے دو انگلیاں اس کي آنکھه کے سامھنے کیں - وہ بولا یہه کیا کرتے ہو - اس نے کہا - ہمنے جانا تھا که تجھے دیستا نہیں اور جو دیستا ہی تو آگے دھري مٹھائي کس لئے نہیں کھاتا - بولا اس کے کھانے سے گھر جاتا ہی * اتني بات کے سنتے ہي وے وسکي سب مٹھائي کھا یہه کہه چلے گئے که تیرا گھر رہے بھلا ہمارا ہي گھر جایگا اور وہ بچارا اپنے کہنے سے آپ شرمندہ ہو روکر بیٹھه رہا

نقل ۸۳

ایک دن راجا سوائي جیسنگهه پنڈتوں کي سبھا کئے بیٹھے تھے اور شاستر چرچا ہو رہي تھي - اس میں کچھه ذکر جو آیا تو راجا نے سب کي طرف مخاطب ہو پوچھا که پرتھي کا مدھیه بھاگ کہاں ہی سو ہمیں بتاؤ * اس بات کے سنتے ہي سب دم کھا رہے اور کسي سے کچھه جواب نه بن آیا تب ایک چوبے بول اٹھا که دھرماوتار جو آپ میرے ساتھه چلو تو ہوں بتاؤں * یہه سن راجا اٹھه کھڑا ہوا اور بولا که چلو دکھا دو - وہ بھي سبھا سمیت راجا کو لئے کسي میدان بیابان میں جا کچھه اُدھر ادھر ناپ ایک جگہه برچھي گاڑ بولا که جہاں یہه سیل گڈیو ہی سوئي

" ise nuzur nuheen ata." Doosre ne do oongleean oos kee ankh ke samhne keen. Wooh bola " yih kya kurte ho?" Is ne kuha " hum ne jana tha ki toojhe deesta nuheen uor jo deesta hy to age dhuree mithaee kis leee nuheen khata?" Bola " iske khane se ghur jata hy." Itnee bat ke soonte hee we viskee sub mithaee kha yih kuh chule gye ki " tera ghur ruhe bhula humara hee ghur jaega" uor wooh bichara upne kuhne se ap shurmindu ho rokur byth ruha.

Tirasween Nuql.

Ek din Raja Suwaee Jy Singh punditon kee subha keee bythe the uor Shastr churcha ho ruhee thee. Is men kooch zikr jo aea to Raja ne sub kee turuf mookhatib ho poochha ki " pirthee ka muddheeu-bhag kuhan hy? so humen butao." Is bat ke soontee hee sub dum kha ruhe uor kisee se kooch juwab nu bun aea. Tub ek chobe bol ootha ki " Dhurmaotar! jo Ap mere sath chulo tuo huon butaoon." Yih soon Raja ooth khura hooa uor bola ki " chulo dikha do." Wooh bhee subha sumet Raja ko leee kisee mydan byaban men ja kooch idhur oodhur nap ek juguh burchhee gar bola ki " juhan yih syl guddeeo hy soee dhurtee

دهرتي کو بيچے ہي - راجا نے کہا ہم کیسے مانیں - جواب دیا یا کوں کہا چاہئے نمانو تو ماپ لئو - اس بات کو سن راجا اوراس کے ساتهه کے لوگ لا جواب ہو گهر آئے *

نقل ۸۴

ایک روز کوئي افیمي دو گهڑي دن رہے افیم کا گهولا چڑھا بازار کي سیر کو نکلا تو دیکهتا کیا ہی که سونهیں سے بهس اور کڑوہي سے بهرے چهکڑوں کا تانتے کا تانتا چلا آتا ہی - اسے دیکهه اتنا کہه وہ کسي بهلے آدمي کے بند کیواڑ سے بهڑکر کهڑا ہو رہا که بچائیو بچائیو خبردار دهکا نه لگے - اس میں پینک جو آئي تو اسے وہیں کهڑے کهڑے پهر بهر گذر گیا * ندان جب گهر والے نے دروازہ کهولا تب وہ پچهاڑ کهاکے گرا اور بولا که اتنا کہا بچائیو بچائیو پر گرائے بن نرہا * کسي نے سچ کہا ہی که سارووان گاڑي وان مانند حیوان ہیں

نقل ۸۵

کوئي بهلا مانس صاحب شعور زمانے کي گردش سے اپنے گهر میں بیٹها فاقے کشي کر رہا تها که یہه خبر سن اس کے کسي دوست نے آکر کہا - یہه کیا غضب ہی که ہاتهه پاے

kuo beech hy." Raja ne kuha "hum kyse manen." Juwab deea "ya ko kuha chaheee nu mano tuo map leo." Is bat ko soon Raja uor ooske sath ke log la juwab ho ghur ae.

Chuorasween Nuql.

Ek roz koee ufeemee do ghuree din ruhe ufeem ka ghola churha bazar kee syr ko nikla to dekhta kya hy? ki sonheen se bhoos uor kurohee se bhure chhukron ka tante-ka-tanta chula ata hy. Oose dekh itna kuh wooh kisee bhule admee ke bund kiwar se bhirkur khura ho ruha ki "buchaeeo, buchaeeo, khuburdar dhukka nu luge." Is men peenuk jo aee to oose wuheen khure khure puhur bhur goozur gya. Nidan jub ghur-wale ne durwazu khola tub wooh puchhar khake gira uor bola ki "itna kuha buchaeeo, buchaeeo, pur giraebin nu-ruha. Kisee ne such kuha hy ki "Sarwan, garee-wan, manind hywan hyn."

Puchaseeween Nuql.

Koee bhula-manoos sahibi shuoor zumane kee gurdish se upne ghur men bytha faqe-kushee kur ruha tha ki yih khubür soon ooske kisee dost ne akur kuha "yih

کے کاہلي منہہ میں مونچھیں جائیں - وہ بولا میں کیا کروں - ان نے کہا - دانا لوگوں کا قول ہی کہ انسان پر جب تباہي پڑے تب سفر کرے - اسي بات کو عمل میں لاؤ * غرض اس نے آشنا کي بات مان سفر دور دراز کیا اور چند برس میں کئي ہزار رپے لے اپنے گھر آیا اسے آسودہ حال دیکھہ ایک نے ایک سے کہا کہ اس شہر میں تو یہہ بھوکھا مرتا تھا باہر جا کہاں سے اتني دولت لے آیا جو مالور ہوگیا - وہ بولا کیا تمنے یہہ مثل نہیں سني جو اتنا تعجب کرتے ہو پوچھا کیا - کہا

بہر کاریکہ ہمت بستہ گردد
اگر خاري بود گلدستہ گردد

نقل ۸٦

دلي میں کسي افیمي کے چھہ لڑکے تھے - ایک دن وہ تین لڑکوں کو ساتھہ لے حضرت قطب کے میلے میں گیا - وہاں بھیڑ بھڑکا دیکھہ یہہ ڈرکر ایک لڑکے کو کاندھے پر چڑھاے دوسرے کو گودي میں لے تیسرے کا ہاتھہ پکڑ الگ ہو جوں ایک طرف کھڑا ہوا توں پینک میں آیا * پھر ایک بعد میلے میں کچھہ ہلڑ جو ہوا تو وہ پینک سے چونک کاندھے کے لڑکے کو نہ دیکھہ بہت گھبرایا * ندان یوں کہتا

kya ghuzub hy ki hat,h pa,e ke kahilee moonh men moonch,hen ja,en." Wooh bola " myn kya kuroon?" In ne kuha " dana logon ka quol hy ki " insan pur jub tubahee pure tub sufur kuren," isee bat ko umul men la,o." Ghuruz oosne ashna kee bat man sufuri door-duraz kee,a uor chund burus men ku,ee huzar roopy le upne g,hur a,e,a. Ise asoodu-hal dek,h ek ne ek se kuha ki " is shuhr men to yih b,hook,ha murta t,ha bahur ja kuhan se itnee duolut le a,e,a jo malwur ho gy,a?" Wooh bola kya toom ne yih musul nuheen soonee jo itna tu,ujjoob kurte ho?" Pooch,ha kya? Kuha

Bu hur kare ki himmut bustu gurdud
Ugur khare boowud, gooldustu gurdud.

Ch,he,asween Nuql.

Dillee men kisee ufeemee ke ch,hu lurke t,he. Ek din wooh teen lurkon ko sat,h le huzrut Qootub ke mele men gy,a. Wuhan b,heer b,hurukka dek,h yih durkur ek lurke ko kand,he pur chur,ha,e, doosre ko godee men le, teesre ka hat,h pukur ulug ho jon ek turuf k,hura hoo,a ton peenuk men a,e,a. Puhur ek bad mele men kooch,h hoollur jo hoo,a to wooh peenuk se chuonk kand,he ke lurke ko nu dek,h buhoot g,hubra,e,a. Nidan yon

کہتا کوتوال کے پاس آیا کہ ہاے میرا لڑکا کھویا گیا - کوتوال نے پوچھا تمہارے کی لڑکے ہیں - بولا چھہ - ان میں سے ایک کھویا ہی * کوتوال نے سنکے ڈھنڈھورئے کو اس کے بیاتھہ کردیا - وہ تمام دن اسے سارے شہر مین لئے پھرا - آخر رو جھینکھہ شام کے وقت جوں گھر میں دھسا توں دروازے کي چوکھٹ لڑکے کے سر میں لگي وہ رویا تب یہہ بولا ای کمبخت نا شدني تمام شہر میں خراب کر مجھے رلاکے جو تو اب رویا پہلے ہي کیوں نہ بولا جو میں اتنا خراب نہ ہوتا * اسبات کو سن کسي اس کے آشنا نے کہا بھائي جو مثل ہم سنتے تھے سو تم نے سچ کر دکھائي کہ بغل مین لڑکا شہر میں ڈھنڈھورا

تمام شد

kuhta kuhta Kotwal ke pas a,e,a ki "ha,e! mera lu*r*ka k,ho,e,a gy,a." Kotwal ne pooch,ha "*too*mhare ky lu*r*ke hy*n*? Bola "ch,hu, *oo*n me*n* se ek k,ho,e,a hy." Kotwal ne *soo*nke *d*,hun*d*,horee,e ko *oo*ske sat,h kur dee,a. W*oo*h tumam din *oo*se sare shuhr me*n* lee,e p,hira. Akhir ro j,heenk sham ke wuqt jo*n* g,hur me*n* d,husa to*n* durwaze kee chuok,hu*t* lu*r*ke ke sir me*n* lugee w*oo*h ro,e,a, tub yih bola "u,e kum-bukht! na-sh*oo*dnee! tumam shuhr me*n* khurab kur m*oo*j,he r*oo*lake jo too ub ro,e,a puhle hee kyo*n* nu bola jo my*n* itna khurab nu hota?" Is bat ko s*oo*n kisee *oo*ske ashna ne kuha ki "b,ha,ee! jo musul hum s*oo*nte t,he so *too*m ne such kur dik,ha,ee ki "bughul me*n* lu*r*ka shuhr me*n* *d*,hun*d*,hora."

Tumam sh*oo*d.

ERRATA.

P.	L.	*for*	*read.*	P.	L.	*for*	*read.*
7	6	dek,hur	dek,hkur.	35	20	kee	hee.
—	—	pooch,ha	pooch,ha.	37	8	atee	ate.
9	17	shub	shubi.	39	17	Mee,an	Mee,*an*.
—	19	pooch,ha	pooch,ha.	43	16	kee	hee.
11	6	*tutoo*	*tuttoo*.	55	18	buneé,*an*	bunya*n*.
—	—	pooch,hne	pooch,hne.	63	20	soona,a,e	soona,e,a.
—	23	rija,e	rij,ha,e.	73	10	ny*n*	hy*n*.
13	12	duor	duo*r*.	79	8	dun*d*wunt	*d*un*d*wut.
15	6	khila	k,hila.	85	3	Kitne	Kitnee.
19	11	turuddood	-dood.	—	10	Ekanwee*n*	Ekawun-
—	18	me	me*n*.	87	18	Banwee*n*	Bawun-
23	7	bughl	bughul.	95	11	Ia	Is.
25	11	to	too.	101	20	d*oo*kan	dookan.
—	12	ugta	lugta.	105	4	*to*	to.
27	3	pooch,ba	pooch,ha.	111	12	bnd,hna	bud,hna.
31	5	buchee	buchchee.	—	20	buh*oo*t	buh*oo*t.
—	20	puh*oo*cha	puh*oo*ncha.	125	14	kise	kiisee.

About half a dozen trifling errors have been observed in the Arabic character, but, as these can easily be corrected by a comparison with the Roman, it was not deemed necessary to notice them.

Pee,ala, *a cup;* khufa, *angry;* bichara, *a helpless person;* rasta, *a road;* dana, *grain;* wastu, *a cause;* zura, *a particle*, ought to be written pee,alu, khufu, becharu, rustu, danu, wasitu, zurru, but these slight deviations from the correct orthography and pronunciation of Persian and Arabic words frequently occur in Hindoostanee.

London: Printed by W. Bulmer and W. Nicol,
Cleveland Row, St. James's.